ABC CERTIFIED

کوئٹہ اور سبی سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | جمعہ 25 ذیقعدہ 1446ھ 23 مئی 2025ء | صفحات 8 | شمارہ 325

PTCL 081-2827345, 081-2827344 | Email: mashriqqta2008@gmail.com | رجسٹرڈ BC-m-19 | قیمت 30 روپے

افغانستان اپنی سرزمین دہشتگردی کیلئے استعمال نہ ہونے دے، نائب وزیراعظم

سفارتی تعلقات بڑھانے کو تیار ہیں

خضدار واقعہ پر دل خون کے آنسو رو رہا ہے، بھارت پراکسیز سے باز آجانا چاہیے، دہشتگردی کے مسئلے پر بیٹھ کر لائحہ عمل متعین کرنا ہے

چین سی پیک کو شروع کرنے کیلئے تیار ہے، چین نے پاکستان کی سالمیت اور خودمختاری کی حمایت کردی، پاکستان، چین، افغانستان کا مشترکہ فیصلہ ہے خطے سے دہشتگردی کو ختم کیا جائے گا

اے پی ایس واقعہ میں بھی دلخراش مناظر دیکھے، بلیم گیم میں نہیں پڑنا چاہتا، ماضی میں دہشتگردوں کو لاکر بسایا گیا، ون بیلٹ روڈ منصوبے کو بھی افغانستان تک لیجانے کی بات ہوگئی، اسحاق ڈار

پاکستان خطے کے تنازعات کے حل میں امریکہ کے ساتھ کھڑا ہے، بلاول

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو سے امریکی سفیر نیٹلی بیکر ملاقات کر رہی ہیں

صدر، وزیراعظم نے سید عاصم منیر کو بیٹن آف فیلڈ مارشل سے نواز دیا

معرکہ حق کے دوران فیلڈ مارشل عاصم منیر نے فرنٹ سے لیڈ کیا، بھرپور جواب سے دنیا پر صلاحیتیں ثابت کردیں، آصف زرداری

بھرپور مؤثر جواب سے دشمن گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہوا، کشیدہ صورتحال میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کا جذبہ، عزم مثالی رہا، شہباز شریف

آئندہ بجٹ شفاف ہوگا، تمام اضلاع کی ترقی کیلئے سخت اقدامات کرنے کی ضرورت، وزیراعلیٰ

کوئٹہ کی ترقی اور بہتری کیلئے میونسپل سروسز کو مزید بہتر بنایا اور معاون اداروں کو فنڈز کا تاخیر اجراء کیا جائے

عوامی سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں میں معاون ادارے کسی بھی اہلکار یا فرد کو ایک روپیہ بھی کمیشن نہ دیں

خضدار دہشتگرد حملہ بھارتی پشت پناہی سے چلنے والی پراکسیز کے ذریعے کیا گیا، کور کمانڈرز کانفرنس

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا ناقابل قبول، شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائیگا، بیرونی سرپرستی میں کام کرنیوالے ملک دشمن عناصر کو نیست و نابود کریں گے، فورم کا اعادہ

پاکستان کو کمزور کرنے کے لئے پراکسیوں کا استعمال بھارت کا وطیرہ رہا ہے، پاکستان کسی صورت بھی بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے ذریعے اپنے امن پر سمجھوتہ کرنے کی اجازت نہیں دے گا

بھارت خود دہشت گردی کا مرتکب اور علاقائی عدم استحکام کا مرکز ہے، ہندوستانی حمایت یافتہ دہشتگرد پراکسیوں کی سرکوبی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائینگے، پاکستان کسی دباؤ میں نہیں آئیگا

پاکستان کے عوام کا تحفظ مسلح افواج کی اولین ترجیح، نہتے شہریوں بالخصوص معصوم بچوں کو دانستہ نشانہ بنانا انسانیت کے بنیادی اصولوں اور بین الاقوامی قوانین کی صریحاً اور قابل مذمت خلاف ورزی قرار

شرکاء کانفرنس کا قومی دفاع کیلئے فیلڈ مارشل کی مؤثر اور گراں قدر خدمات کا بھی اعتراف، ہم بیرونی جارحیت، دہشت گردی کیخلاف عوام کے اعتماد اور امیدوں پر پورا اترنے کے لیے پرعزم ہیں، آرمی چیف

راولپنڈی (زاہد احمد خان) کور کمانڈرز کانفرنس نے نہتے شہریوں، بالخصوص معصوم بچوں کو دانستہ نشانہ بنانے کو انسانیت کے بنیادی اصولوں اور بین الاقوامی قوانین کی صریحاً اور قابل مذمت خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ شہداء کا خون رائیگاں...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد۔ صدر مملکت آصف زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف آرمی چیف سید عاصم منیر کو بیٹن آف فیلڈ مارشل سے نواز رہے ہیں

بھارت نے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کی تو آزاد کشمیر پر 6 دریا پاکستان کے ہونگے، ترجمان پاک فوج

اس تنازع میں پاکستان نے جھوٹ، فریب، دباؤ، جارحیت اور بھارت کے دیگر کئی پہلوؤں کا پردہ چاک کیا ہے، جنرل احمد شریف

بھارت کے پاس غلط اندازے اور مفروضے تھے کہ وہ شہری مقامات، مساجد پر حملہ کریگا اور کچھ نہیں ہوگا، پاکستان جواب نہیں دے گا

پاکستانی فوج کا حوصلہ اور بھارت پر حاصل کی گئی برتری نے عوام کے دلوں میں فوج کی محبت کو بڑھا دیا ہے، الجزیرہ کو انٹرویو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ترجمان پاک فوج لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ بھارت نے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کی تو آزادی؟ کشمیر پر 6 دریا پاکستان کے ہوں گے۔ قطر کے نشریاتی ادارے الجزیرہ کو انٹرویو دیتے ہوئے پاک فوج...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیرخزانہ، عالمی بینک کے وفد کی ملاقات، شراکت داری پر اتفاق

اینا بیئرڈے نے معاشی اصلاحات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے مسلسل عزم کو سراہا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر اورنگزیب سے عالمی بینک کے وفد نے ملاقات کی دونوں فریقین نے پاکستان میں پائیدار ترقی اور طویل مدتی معاشی...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

سانحہ خضدار، کسی بچے نے بینائی کھودی، کوئی عمر بھر کیلئے معذور

ایک باپ سے ملاقات ہوئی جس کی ایک بچی موقع پر، دوسری اسپتال میں دم توڑ گئی

پچھلے ایک سال کے دوران بھارتی سرپرستی میں دہشت گردوں کا 25واں حملہ ہے، کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) کمشنر و ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ محمد حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ خضدار بم دھماکے کے زخمی بچوں کو دیکھ کر اس سے بدتر منظر کا تصور بھی نہیں کر سکتا، یہ وہی سب کچھ ہے جو آر ایس ایس چاہتی ہے، بلوچستان میں بھارتی سرپرستی میں ایک سال کے دوران 25 دہشتگردی کے واقعات ہوئے۔ انہوں نے سی ایم ایچ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے 1971 کی شکست کا بدلہ لے لیا، اب حملے سے پہلے بھارت سو بار سوچے گا، وزیراعظم

بھارت نے پاکستان پر بے بنیاد الزامات لگائے اور نہتے لوگوں پر حملے کیے، پاک فوج نے بھارتیوں کو نشانہ نہیں بنایا، شہباز شریف

جب تک کشمیریوں کو حق نہیں مل جاتا پاکستان انکا ساتھ دیتا رہے گا، مظفرآباد میں شہداء کے ورثاء کو چیک دینے کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ پاکستان نے 1971 کی شکست کا بدلہ لے لیا، اب کسی حملے سے پہلے بھارت سو بار سوچے گا۔ مظفرآباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ چند روز پہلے ایسی جنگ چھڑی جس کے نتائج خوفناک ہوسکتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پہلگام واقعہ بھارت کی سازش کا حصہ تھا، بھارت...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین پی ٹی آئی کی بات پارٹی کی رائے نہیں، علیمہ خان

چیف الیکشن کمشنر کی مدت پوری ہوچکی، ابھی تک نئے الیکشن کمشنر کو تعینات ہوجانا چاہیے تھا

بیرسٹر گوہر نے آرمی چیف کو فیلڈ مارشل کا خطاب دینے پر بیان ذاتی حیثیت میں دیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے بانی پی ٹی آئی کے ہوتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر پارٹی کی ترجمانی نہیں کرسکتے، اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا جیل میں جی ایچ کیو کیس لگا ہوا تھا، 4،3 گھنٹے بیٹھے رہے لیکن سماعت میں شامل ہونے کی اجازت نہیں ملی، بانی نے جج صاحب...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بہتر تھا جنرل عاصم منیر فیلڈ مارشل کی جگہ خود کو بادشاہ کا ٹائٹل دیتے، عمران خان

ملک میں جنگل کا قانون رائج اگر آپ دہشت گردی کیخلاف ہیں تو اپنے ہی لوگوں کے گھروں پر بم مت گرائیں

ڈیل کی افواہیں بے بنیاد، خود اسٹیبلشمنٹ کو دعوت دے رہا ہوں اگر پاکستان کے مفاد میں بات کرنا چاہتے ہیں تو آئیں

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی اور سابق وزیراعظم عمران خان نے حکومت کی جانب سے آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل پر ترقی دینے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے بہتر تھا وہ فیلڈ مارشل کی جگہ خود کو بادشاہ کا ٹائٹل دیتے کیونکہ ملک میں جنگل کا قانون رائج ہے اور جنگل کے قانون میں تو بادشاہ ہوتا ہے، اڈیالہ جیل میں قائم ٹرائل کورٹ میں اپنے وکلا اہل خانہ اور صحافیوں سے گفتگو کے دوران عمران خان نے کہا...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پاک افغان تعلقات کی بہتری کیلئے کردار ادا کر رہا ہوں، محمود اچکزئی

افغانستان ہمسایہ ملک، خطے کیلئے بہت ضروری ہے اختلافات کو بھلا کر مل کر چلیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپوزیشن اتحاد کے سربراہ محمود اچکزئی نے کہا ہے پاکستان افغانستان تعلقات کی بہتری کیلئے کردار ادا کر رہا ہوں، نواز شریف افغانوں...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

کم عمری کی شادی کا بل منظور کرکے قوم کو تقسیم کا پیغام دیا گیا، سینیٹر عطاالرحمن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جے یو آئی سینیٹر عطا الرحمن نے کہا ہے کم عمری شادی کا بل منظور کرکے قوم کو تقسیم کا پیغام دیا گیا، سینیٹر عطاالرحمن نے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا خطے کے حالات کو سنجیدگی کیساتھ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، فتنہ الخوارج کے 3 دہشتگرد گرفتار، اسلحہ، دھماکہ خیز مواد برآمد

ملزم عسکری تربیت یافتہ، رومان رئیس اور اسلام الدین گروپ سے وابستہ ہیں، سی ٹی ڈی

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں دہشتگردی کا ممکنہ منصوبہ ناکام بناتے ہوئے پاکستان رینجرز (سندھ) اور محکمہ انسداد دہشتگردی (سی ٹی ڈی) نے کورنگی میں...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

26 نومبر احتجاج کیس، پی ٹی آئی کے 86 کارکنوں کی ضمانتیں منظور

عدالت نے ضمانتیں منظور کرتے ہوئے گرفتار کارکنوں کو رہا کرنے کا حکم دے دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ نے 26 نومبر احتجاج کے دوران گرفتار ہونے والے پی ٹی آئی کے 86 کارکنوں کی ضمانتیں منظور کرلیں، قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس آصف نے پی ٹی آئی کے 86 کارکنوں کی ضمانتیں منظور کیں، عدالت نے ضمانتیں منظور کرتے ہوئے گرفتار کارکنوں کو رہا کرنے کا حکم دے دیا، جلی بخاری کی...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

سیلم کیپسول، اینٹی کف سیرپ، ڈروپلکس، ڈروفا اور رڈائیڈروکیر ٹیبلٹس جعلی قرار

استعمال مریضوں کی جان کے لیے خطرہ بن سکتا ہے ڈریپ کی عوام کو محتاط رہنے کی ہدایت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جعلی ادویات کے خلاف ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) کا ملک بھر میں کریک ڈاؤن جاری ہے، ڈریپ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

مظفرآباد، وزیراعظم شہباز شریف معرکہ حق کے شہداء کے لواحقین میں امدادی چیک تقسیم کر رہے ہیں

بجٹ مذاکرات، حکومت نے عوام کو ریلیف کیلئے متبادل پلان آئی ایم ایف کو پیش کردیا

حکومت عالمی مالیاتی فنڈ کیساتھ معاہدے کی پابند اور تمام فیصلے باہمی رضامندی ہی سے کیے جائیں گے، ذرائع

آئی ایم ایف نے صوبائی اخراجات کم کرنے، آمدن بڑھانے، زرعی آمدن پر انکم ٹیکس وصولی کیلئے سخت اقدامات کا مطالبہ کردیا

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان کے آئی ایم ایف کے ساتھ نئے مالی سال کے بجٹ پر مذاکرات جاری ہیں، حکومت نے عوام کو ریلیف کیلئے متبادل ذرائع سے آمدن کا پلان بھی آئی ایم ایف کو پیش کردیا، ذرائع کے مطابق پاکستان، عالمی مالیاتی ادارے...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل چینی قونصلیٹ میں پاک چین اقتصادی راہداری کی مناسبت منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

خضدار اسکول بس پر ہونے والے دھماکے کا مقدمہ درج

کوئٹہ (آن لائن) خضدار اسکول بس پر ہونے والے دھماکے کا مقدمہ سی ٹی ڈی تھانہ خضدار میں درج کرلیا گیا تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی سی ٹی ڈی حکام کے مطابق پولیس کی مدعیت میں مقدمہ قتل، اقدام قتل...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ سے گرلز کالج سریاب کی پوزیشن ہولڈر طالبات کی ملاقات

جلد کالج کا دورہ کروں گا اور طالبات کے مسائل خود سنوں گا، میر سرفراز بگٹی

سانحہ خضدار کے طلباء سے یکجہتی کیلئے اسکولوں و کالجز میں شمعیں روشن کی جائیں، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج سریاب مل کوئٹہ کی طالبات نے ملاقات کی صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کا فضائی آپریشن میں وسعت لانے کا فیصلہ

لاہور سے پیرس کیلئے براہ راست پروازیں جلد شروع کی جائیں گی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قومی ایئرلائن پی آئی اے کا لاہور سے پیرس کے لیے براہ راست پروازیں شروع کرنے کا اعلان۔ پی آئی اے کی لاہور سے...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

جی ایچ کیو حملہ کیس، پولیس اہلکاروں اور مجسٹریٹ کے بیانات ریکارڈ

بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو عدالت میں پیش کیا گیا، مزید سماعت ملتوی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) جی ایچ کیو حملہ کیس میں پولیس اہلکاروں اور مجسٹریٹ کے بیانات کے بعد سماعت ملتوی کردی گئی، جی ایچ کیو حملہ کیس کی...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں عیدالاضحیٰ 7 جون کو ہونے کا امکان

لاہور (بیورو رپورٹ) ماہرین فلکیات نے کہا ہے پاکستان میں ممکنہ طور پر عیدالاضحیٰ 7 جون 2025ء کو ہونے کا امکان ہے، ماہر فلکیات پروفیسر ڈاکٹر جاوید اقبال نے کہا ذی الحجہ کے چاند کی پیدائش 27 مئی کی صبح...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کا تیسری مرتبہ پولی گرافک ٹیسٹ کرانے سے انکار

ڈی ایس پی کی سربراہی میں اڈیالہ جیل جانے والی ٹیم کی پھر بغیر ٹیسٹ واپسی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی نے تیسری مرتبہ پولی گرافک ٹیسٹ کرانے سے انکار کردیا، ذرائع کے مطابق لاہور پولیس کی تفتیشی ٹیم ڈی ایس پی...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

15 ہزار کے پاکستانی ڈرونز پر 15 لاکھ کے میزائل داغے گئے؟ کانگریس لیڈر

نئی دہلی (م ڈ) بھارتی میڈیا کے مطابق کانگریس کے سینئر رہنما پون کھیڑا نے حکومت پر سوالات کی بھرمار کردی۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن میں ہونے والے نقصانات اور خرچ پر وضاحت دی جائے، پاکستان...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے بجٹ کی تیاری مکمل، 20 جون کو پیش ہوگا

اسمبلی ممبران کیلئے پچاس کروڑ روپے سے زائد رقم نہ دینے کی پالیسی بنادی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان حکومت نے بجٹ کی تیاری مکمل کرلی بجٹ 20 جون کو پیش ہوگا، آنے والے مالی سال 2025-26 بجٹ کو تبدیل کرنے...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

واشنگٹن میں فائرنگ سے اسرائیلی سفارتخانے کے 2 اہلکار ہلاک

مرنے والوں میں مرد اور خاتون شامل، فائرنگ کے وقت اسرائیلی سفیر موجود نہیں تھے

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی دارالحکومت واشنگٹن ڈی سی میں فائرنگ سے اسرائیلی سفارتخانے کے 2 اہلکار ہلاک ہوگئے، امریکہ کی سیکرٹری ہوم...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر



راولپنڈی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کور کمانڈرز کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

قومی اسمبلی، سندھ طاس معاہدے کی معطلی کو اعلان جنگ تصور کرنے کی قرارداد متفقہ طور پر منظور

حکومت معاہدے کی معطلی کیخلاف اقدامات اٹھائے، قرارداد کا متن، مودی کان کھول کر سن لے، پانی پر سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، اعجاز جاکھرانی

گیس سے چلنے والے پاور پلانٹس پر لیوی عائد کرنے کا بل بھی پاس، پہلے مرحلے میں لیوی 5 فیصد پھر 10 اور 20 فیصد تک بڑھائی جائیگی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قومی اسمبلی نے بھارت کی طرف سے سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کو اعلان جنگ تصور کرنے کی متفقہ قرارداد منظور کرلی، اجلاس اسپیکر سردار ایاز صادق کی صدارت میں ہوا، اپوزیشن رکن اقبال آفریدی نے کورم کی نشاندہی کردی...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ، بلوچستان میں دہشتگردی کیخلاف مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور

بزدلانہ حملے کا منصوبہ بھارت نے بنایا، دہشتگردی کے ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، قرارداد کا متن

دونوں ممالک آپس میں تجارت کو فروغ دے سکتے ہیں، ایوان نے پاک افریقہ دوستی پر قرارداد بھی منظور کرلی

اسلام آباد (شاکر رحمان) سینٹ اجلاس میں خضدار میں سکول بس پر دہشتگردوں کے حملے کیخلاف مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور کی گئی، قرارداد سینیٹر آغا شاہ زیب درانی نے پیش کی، قرارداد میں کہا گیا خضدار میں سکول کی معصوم بچیوں کی بس...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

جنگ کی وجہ سے تحریک روکی، دوبارہ مشاورت جاری ہے، اسد قیصر

اختلافات کی خبریں بے بنیاد، تحریک انصاف کی تمام قیادت مکمل طور پر متحد ہے

بھارت کیخلاف تحریک انصاف کے سفارتی وفد پر وزیراعظم شہباز شریف نے تحفظات کا اظہار کیا

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے پشاور ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا جنگ کی وجہ سے احتجاجی تحریک شروع نہیں کی گئی تاہم احتجاجی تحریک پر دوبارہ سے مشاورت جاری ہے، اختلافات کی خبریں بے بنیاد ہیں، تحریک انصاف کی تمام قیادت مکمل طور پر متحد ہے، اسد قیصر نے کہا بھارت کیخلاف تحریک انصاف کے سفارتی وفد پر وزیراعظم شہباز شریف نے تحفظات کا اظہار کیا سفارت کاری کیلئے نہ بھیجے جانے پر انڈین...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ عبداللہ بم دھماکے کے متاثرین کو فوری معاوضے کی ادائیگی کا حکم

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلعہ عبداللہ میں بم دھماکے کے شہداء اور زخمیوں کو فوری معاوضے کی ادائیگی کے احکامات جاری کرتے ہوئے ضروری کارروائی جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قلعہ عبداللہ کا واقعہ افسوسناک تھا جس میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کی تلافی تو ممکن نہیں تاہم شہداء کے...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

3 ایم پی او تحت رہائی، ماہ رنگ و دیگر کی درخواستیں مسترد

بلوچستان ہائی کورٹ نے آئینی درخواستوں پر فیصلہ سناتے ہوئے اپیلیں خارج کردیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ نے بلوچ یکجہتی کمیٹی کی رہنما ماہرنگ بلوچ سمیت دیگر گرفتار رہنماؤں کی 3 ایم پی او تحت رہائی کیلئے دائر کردہ آئینی درخواستوں پر فیصلہ سناتے ہوئے درخواست گزاروں کی اپیلوں کو خارج کردیا۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اعجاز سواتی اور جسٹس عامر رانا پر مشتمل ڈویژن بنچ نے بی وائی سی کے گرفتار...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

قومی بچت کی مختلف سکیمز پر منافع کی شرح میں کمی کا اعلان

کراچی (بیورو رپورٹ) ملک میں افراط زر کی شرح میں حالیہ کمی کے بعد ڈائریکٹوریٹ آف نیشنل سیونگز نے قومی بچت کی مختلف سکیمز پر منافع کی شرح میں کمی کا اعلان کردیا، جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق نئی شرح کا اطلاق 21 مئی سے ہوگا، ڈائریکٹوریٹ کے مطابق منافع کی شرح میں ایک فیصد تک کمی کی گئی، اطلاق مختلف سیونگز اسکیمز پر علیحدہ علیحدہ شرح سے ہوگا، سیونگ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار دھماکہ، شہید حافظہ کوثر کی نماز جنازہ اوکاڑہ میں ادا

شہید ثانیہ سومرو کی میت صادق آباد پہنچا دی گئی، ہر آنکھ اشکبار

نماز جنازہ میں پاک فوج، سیاسی و سماجی شخصیات اور عوام شریک

کوئٹہ (یو این اے) خضدار میں دہشت گردی کا نشانہ بننے والی شہید طالبہ حافظہ کوثر کی نماز جنازہ اوکاڑہ میں ادا کردی گئی۔ نماز جنازہ میں پاک فوج کے جوانوں، سیاسی و سماجی شخصیات، اہل علاقہ اور عزیز و اقارب کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر علاقے کی فضا سوگوار رہی اور ہر آنکھ اشکبار تھی۔ دوسری جانب دھماکے میں شہید ہونے والی طالبہ ثانیہ سومرو کی میت صادق آباد پہنچا دی گئی ہے، جہاں آج ان کی نماز جنازہ آبائی گاؤں گوٹھ جوڑا میں ادا کی...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو بتادیا تھا کہ کارروائی کا آغاز کردیا ہے، بھارت

ہم نے آپریشن سندور کے تحت جواب دینے کے اپنے حق کا استعمال کیا، رندھیر جیسوال

نئی دہلی (م ڈ) انڈین وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے دعویٰ کیا ہے کہ آپریشن سندور کے تحت کارروائی...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

ماورا حسین، درفشاں کی خضدار اسکول بس حملے کی شدید مذمت

معصوم بچوں پر خودکش حملے نے ہلا کر رکھ دیا، انسٹاگرام ہینڈلز پر اسٹوریز اور پوسٹس

کراچی (بیورو رپورٹ) ماورا حسین، درفشاں، اسکول بس پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی

سلیم اور شہروز سبزواری سمیت پاکستان کے نامور اداکاروں نے بلوچستان کے ضلع خضدار میں شدید مذمت کی ہے اور اسے ایک بزدلانہ فعل قرار دیا ہے...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ نے پاک بھارت جنگ بندی کا سہرا پھر اپنے سر لے لیا

پاکستان کے لوگ بہترین، رہنما عظیم ہیں، بھارت میں مودی میرا دوست ہے

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر پاک بھارت جنگ بندی کا سہرا اپنے سر لیتے...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں معصوم بچوں کو بھارت نے نشانہ بنایا، پاکستان کو بدلہ لینا چاہیے، گرپتونت سنگھ پنوں

شواہد سے واضح دہشتگردی کا واقعہ بھارتی پراکسیز نے مودی حکومت کے کہنے پر کیا، عالمی برادری فوری نوٹس لے

خون کے پیچھے مودی، بھارتی دہشتگردی کا نوٹس لیا جائے ورنہ خطے کے امن کو خطرات برقرار رہیں گے، سربراہ سکھ فار جسٹس

لندن (بیورو رپورٹ) سکھ فار جسٹس کے سربراہ اور خالصتان تحریک کے عالمی رہنما گرپتونت سنگھ پنوں نے انکشاف کیا ہے مودی حکومت نے بلوچستان میں خضدار شہر کے اندر سکول کے بچوں کی بس کو حملے کو نشانہ بنوایا، پاکستان کو بدلہ لینا چاہیے، ایکس...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

بی ایل اے اور ٹی ٹی پی بھارت کے ایجنٹ، خضدار حملے میں بھارتی کردار ثابت کرینگے، وزیر دفاع

سکول کے بچوں کو نشانہ بنانا ناقابل قبول، پاکستان پوری قوت سے حملہ کرے گا اور کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی

دہشتگردوں کی قیادت دہلی میں علاج کراتی یا رہتی، مغربی فرنٹ پر شروع کیے گئے اقدام کو پوری قوت سے کچلا جائیگا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے پاکستان میں سرگرم 2 بڑے دہشتگرد گروہ بھارت کے ایجنٹ ہیں، خضدار میں سکول بس پر حملے میں نئی دہلی کے ملوث ہونے کے مکمل ثبوت پیش کریں گے، خواجہ آصف نے دعویٰ کیا کالعدم بلوچ لبریشن...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

سکول بس پر حملہ پوری قوم کے مستقبل پر حملہ ہے، عوامی حلقے

سانحہ خضدار کے ذمہ داروں کو نشان عبرت بنایا جائے تاکہ کوئی دوبارہ ایسی گھنونی سازش نہ کریں، شہریوں کا مطالبہ

ملک اللہ داد کاکڑ، بخت اللہ کاکڑ، جمیل احمد، بسم اللہ خان ترین، مرتضیٰ ترین کی، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) سانحہ خضدار سکول کے بچوں پر حملہ کرنے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں، دنیا کا کوئی بھی مہذب معاشرہ بچے اور خواتین کے قتل بے گناہ انسانوں کے قتل کی اجازت نہیں دیتا، یہ انسانی ظلم ہے، بچے ہمارے آنے والے نسل ہے جو مستقبل کے معمار ہیں، حکومت ایسے واقعات کیلئے بہترین ملکہ نظم بنا کر قاتلوں کو عدالت کے کٹہرے میں لایا جائے اور اسے سزا دی جائے۔ مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے ملک اللہ داد کاکڑ، بخت اللہ کاکڑ، جمیل احمد نے بتایا کہ یہ حملہ بزدلانہ ہے، چھوٹے بچوں کو نشانہ بنانا قتل کرنا قابل افسوس ہے، خواتین اور بچے معاشرے میں مظلوم ہیں، اس پر ظلم کرنا کوئی مذہب یا ہمارا اسلام ہرگز اجازت نہیں دیتا ہے، خضدار واقعہ انتہائی قابل مذمت ہے، دہشتگردانہ عمل ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ انسانی ظلم ہے یہ آنے والے نسل ہے جس نے مستقبل میں ملک وقوم کی بہتر رہنمائی کرنی ہوتی ہے۔ مستقبل کے معمار ہیں بچوں پر شفقت کرنا ان کی بہتر کفالت کرنا ہر معاشرے کی ذمہ داری ہے۔ صلاح الدین اچکزئی نے بتایا کہ ایسے واقعات کی روک تھام ہونی چاہئے بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں، اسے ہم گھر سے سکول بھیجتے ہیں لیکن دشمن ہمیں پڑھنے نہیں دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے ہم اپنے بچوں کو گھر پر رکھنے کیلئے مجبور ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے عمل پر کیفر کردار تک قاتلوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ تاجر رہنما بسم اللہ خان ترین، مرتضیٰ ترین، سہیل احمد جلال بتایا کہ سانحہ خضدار کے بچوں کے اوپر ظالمانہ حملے کی ہم شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ایسے واقعات نہیں ہونا چاہئے، یہ بچے ملک کے مستقبل تھے، جس کے قاتلوں کو گرفتار کئے بغیر ملک ترقی نہیں کر سکتا۔ انہوں نے بتایا کہ اگر پاکستان کو آگے جانا ہے تو دشمن عناصر کیخلاف بلا تفریق کارروائی کرنی چاہئے۔

مہوش گل صدام: بلوچستان کی باصلاحیت بیٹی جس نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا

بلوچستان کے سنگلاخ پہاڑوں سے پاکستان کی بیوروکریسی کے چمکتے ہوئے راہداریوں تک، محترمہ مہوش گل صدام نے ایک ایسا سفر طے کیا ہے جو قربانی، حوصلے اور خاموش طاقت سے بھرپور ہے۔ انہوں نے نہ صرف CSS اسپیشل امتحان 2023 کو پاس کیا — بلکہ یہ بھی ثابت کیا کہ ایک عورت تمام رکاوٹوں کے باوجود اپنے خواب — کسی بھی موٹیویشنل تقریر سے زیادہ طاقتور ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ عورت کو اپنے خواب قربان کرنے کی ضرورت نہیں — وہ دونوں کردار نبھا سکتی ہے …

تحریر: چوہدری امتیاز

آرمی چیف کو فیلڈ مارشل کا اعزاز اور ایئر چیف کو ملازمت میں توسیع دینا دانشمندانہ فیصلہ ہے، جہانگیر شاہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیاسی و سماجی رہنما سید جہانگیر شاہ نے آرمی چیف سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی اور ایئر چیف مارشل ظہیر بابر سدھو کو ملازمت میں توسیع دینے کے حکومتی فیصلے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت پاکستان کا انتہائی شاندار فیصلہ ہے اور پوری پاکستانی قوم کی جانب سے اپنی فاتح افواج کے لیے شاندار تحفہ ہے … یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ چیف آف آرمی اسٹاف سید عاصم منیر اور پاک فوج کی بہتر حکمت عملی کی بدولت پاکستان کے ازلی دشمن بھارت کو جنگ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا جسکے جواب میں حکومت نے چیف آرمی اسٹاف سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دی جس پر ہم سید عاصم منیر کو بلوچستان کے عوام کی طرف سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے اور قیام امن کیلئے پاک فوج، سیکورٹی فورسز، پولیس اور لیویز قربانیاں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں بلوچستان پولیس اور لیویز کی تنخواہیں دیگر صوبوں کے مقابلے میں انتہائی کم ہیں صوبائی حکومت پولیس اور لیویز کی تنخواہوں میں مناسب اضافہ کرے تاکہ پولیس اور لیویز کے جوان مزید بہتر طریقے سے اپنے فرائض سرانجام دے سکیں۔

خضدار میں سکول کے بچوں کی بس پر حملہ قابل مذمت ہے، خان زمان

ایسے واقعات کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، حاجی بشیر احمد، قاسم خان و دیگر رہنما

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان چیئرمین حاجی بشیر احمد رند سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، محمد عمر جنگ، عارف خان نیچاری، دین محمد محمد حسنی، ملک وحید کاسی، ملک محمد حسین بنگوئی، ظفر خان رند، سید منظور شاہ، فضل محمد یوسفزئی، انجینئر نجیب اللہ مری … معصوم بچے صبح سویرے گھر سے تیار ہو کر ایک عزم کیساتھ اپنی تعلیم کے حصول کیلئے سکول جا رہے تھے ان کے وہم وگمان میں بھی نہیں تھا کہ ایسا بھی واقعہ ہو سکتا ہے ایسے واقعات کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ خضدار میں سکول بس کو نشانہ بنانے کی مکمل تحقیقات ہونی چاہیے …

کمشنر بلوچستان انفارمیشن کمیشن عبدالشکور اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کاشف بلوچستان انفارمیشن کمیشن اور ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں، سیکرٹری اطلاعات عمران خان اور ڈی جی پبلک ریلیشنز محمد نور کھیتران بھی موجود ہیں

معیاری اور مقررہ نرخوں پر اشیائے خورد ونوش کی فراہمی ہر حال میں یقینی بنائیں گے، ضلعی انتظامیہ

نواں کلی، ایئرپورٹ روڈ، طوغی روڈ، پرنس روڈ اور سٹی ایریا میں کارروائیوں میں 17 بیکری مالکان کو گرفتار کر لیا گیا

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ نے شہر بھر میں بیکریوں کے خلاف بھرپور کارروائی کرتے ہوئے مجموعی طور پر 17 بیکری مالکان کو گرفتار کر لیا۔ کارروائیاں نواں کلی، ایئرپورٹ روڈ، طوغی روڈ، پرنس روڈ اور سٹی ایریا میں عمل میں لائی گئیں۔ انتظامیہ کی ٹیموں نے بیکریوں پر چھاپے مار کر اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس دوران متعدد بیکری مالکان کی جانب سے سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی اور ناقص معیار کی اشیاء فروخت کرنے کے شواہد سامنے آئے۔ کارروائی کے دوران قانون کی خلاف ورزی پر 17 دکانداروں کو موقع پر گرفتار کر کے ان کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ عوام کو معیاری اور مقررہ نرخوں پر اشیائے خورد ونوش کی فراہمی کو ہر حال میں یقینی بنایا جائے گا اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی جاری رہے گی۔

دشمن نے اپنی درندگی، بزدلی اور انسانیت دشمنی کا ثبوت دیا ہے، سعد اللہ جان ترین

کوئٹہ (آن لائن) استحکام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر ملک سعد اللہ جان ترین نے خضدار زیرو پوائنٹ پر آرمی پبلک اسکول کی بس پر ہونے والے بہیمانہ خودکش حملے کو پاکستان پر کھلی جنگ قرار دیتے ہوئے اس کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بزدلانہ حملے میں معصوم بچوں کو نشانہ بنا کر دشمن نے اپنی درندگی، بزدلی اور انسانیت دشمنی کا کھلا ثبوت دیا ہے۔ ملک سعد اللہ جان ترین نے کہا کہ یہ سفاک حملہ کسی عام دہشتگردی کا واقعہ نہیں، بلکہ پاکستان کے مستقبل ہمارے بچوں پر حملہ ہے …

پارٹی صدر کے خلاف توہین آمیز الفاظ کی مزمت کرتی ہوں، شاہینہ کاکڑ

غیر شائستہ اور توہین آمیز کلمات کسی بھی ذمہ دار عہدیدار کو زیب نہیں دیتے، سابق رکن اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کی مرکزی جوائنٹ سیکرٹری شاہینہ کاکڑ نے چیئرمین پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کی جانب سے پارٹی کے مرکزی صدر، سینیٹر ایمل ولی خان کے خلاف استعمال کیے گئے توہین آمیز الفاظ کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ شاہینہ کاکڑ نے اپنے بیان میں کہا کہ ایسے غیر شائستہ اور توہین آمیز کلمات کسی بھی ذمہ دار عہدیدار کو زیب نہیں دیتے …

کوئٹہ، بلوچستان لیبر فیڈریشن کے چیئرمین بشیر احمد سیکرٹری اطلاعات عابد بٹ سے استاد محمد کے صدر محمد پناہ جانزئی، گل شاہ، حاجی رمضان کونگر صوبہ خان کو ملاقات کر رہے ہیں

خضدار سانحہ کے ذمہ داران کو نشان عبرت بنایا جائے، عنایت اللہ کاسی

بچوں کو نشانہ بنانے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں، سابق نگران وزیر داخلہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سابق نگران وزیر داخلہ بلوچستان عنایت اللہ کاسی ایڈووکیٹ نے خضدار میں اسکول کے بچوں کی بس پر دھماکے کے نتیجے میں بچوں سمیت دیگر افراد کی شہادت اور زخمی ہونے کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی کر کے انہیں نشان عبرت بنایا جائے تاکہ آئندہ کسی کو بھی اس قسم کے واقعات کی جرات نہ ہو سکے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں عنایت اللہ کاسی ایڈووکیٹ نے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں اسکول جانے والے معصوم بچوں پر حملے انسانیت سوز اور گھناؤنا جرم ہے دشمن نے بربریت کا مظاہرہ کر کے معصوم بچوں پر حملہ کیا اسکول بس پر حملہ دشمن کی ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کی گھناؤنی سازش ہے۔

نشہ آور اشیاء کی سرعام فروخت سے نوجوان نسل تباہ ہو رہی ہے، لالہ یوسف خلجی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان امن جرگہ کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ نشہ آور اشیاء کی سرعام فروخت سے نوجوان نسل نشے کی لت میں پڑ رہی ہے حکومت اسٹرنگ بوتل اور انرجی ڈرنکس کا فوری لیبارٹری ٹیسٹ کر کے اس پر پابندی لگائے کیونکہ انکے پینے سے نوجوانوں میں مختلف بیماریاں جنم لے رہی ہیں … صوبے اور معاشرے کے مفاد میں نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ فوری طور پر نشہ آور اشیاء کی فروخت پر پابندی لگائے۔

عوام کو پینے کے پانی کی فراہمی میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، اے ڈی سی

ہزارہ ٹاؤن میں پانی کی قلت سے متعلق اجلاس میں کمیونٹی نمائندوں، متعلقہ ٹھیکیداروں کی شرکت

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ہزارہ ٹاؤن میں پانی کی دستیابی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ہزارہ کمیونٹی کے نمائندوں، متعلقہ ٹھیکیداروں اور دیگر متعلقہ افراد نے شرکت کی۔ اجلاس میں علاقے میں پانی کی قلت اور درپیش مسائل کے حل پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ شرکاء نے پانی کی مسئلے کی نوعیت، اسباب اور ممکنہ حل پر تبادلہ خیال کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد انور کاکڑ نے افہام وتفہیم کی فضا میں مسئلے کے حل کو یقینی بنانا اور متعلقہ حکام کو فوری اقدامات کی ہدایت دی کہ عوامی فلاح وبہبود کے لیے ضلعی انتظامیہ کی کاوشیں جاری رہیں گی۔

طلباء تعلیم پر توجہ دے کر مستقبل کے بہتر معمار بنیں، رضا الرحمٰن

جان محمد روڈ شہر کا پرامن علاقہ ہے، یہاں کے لوگ انتہائی پرامن اور مہذب ہیں

غریب طلباء کی مدد کرنا ہر شخص کی ذمہ داری ہے، طلباء کو کتب فراہمی کے موقع پر خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سینئر صحافی وسماجی رہنما رضا الرحمٰن نے کہا ہے کہ طلباء اپنی تعلیم پر توجہ دے کر مستقبل کے بہتر معمار بن کر نکلیں، تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد طلباء کی ہر ممکن مدد کریں اس سلسلے میں مخیر حضرات سمیت حکومتی اراکین کا اہم کردار ہے۔ یہ بات انہوں نے گورنمنٹ ملک جان محمد روڈ ہائی اسکول کے طلباء میں اسکول یونیفارم، کتابیں اور کاپیاں تقسیم کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی … آج مجھے اسکول میں آ کر بے حد خوشی ہوئی اس علاقے سے میری پرانی یادیں وابستہ ہیں اس سکول نے بہت بڑے بڑے نام اس شہر کو دیئے ہیں، ہمیں اپنے بچوں کی صلاحیتوں پر فخر ہے، غریب ونادار طلباء کی مدد کرنا ہر شخص کی ذمہ داری ہے … تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ہم پانی سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے ہر ممکن کوششیں جاری رکھیں گے۔

صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس سردار کوہیار خان ڈومکی SBK کے تحت بھرتی ہونے والے نئے اساتذہ کرام میں تقرر نامے تقسیم کر رہے ہیں

محمد عامر سردار کی شمولیت پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، اپیکا یوپلیشن

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (اپیکا) پاپولیشن ویلفیئر یونٹ کے جاری کردہ بیان کے مطابق محمد عامر سردار نے ایک ایسوسی ایشن سے مستعفی ہو کر عبدالرشید خان بزنجو کی یونین میں شمولیت کا اعلان کیا … محمد عامر سردار کو دلی مبارکباد پیش کی۔

فیڈرل گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کینٹ میں فرسٹ ایئر بی ایس سمسٹر میں داخلے جاری ہیں

داخلہ فارم حاصل کرنے کیلئے سکول سے تصدیق شدہ ہوپ سرٹیفکیٹ لازمی ہے، کالج علامیہ

کوئٹہ (آن لائن) فیڈرل گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج مدرسہ روڈ کوئٹہ کینٹ میں فرسٹ ایئر بی ایس سمسٹر میں داخلے جاری ہیں۔ داخلہ فارم حاصل کرنے کیلئے سکول سے تصدیق شدہ ہوپ سرٹیفکیٹ لازمی ہے۔ داخلہ فارم کالج آفس سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

سکول بس پر حملہ کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، عثمان گورگیج

کوئٹہ (اے این این) پاکستان انٹرنیشنل ہیومن رائٹس آرگنائزیشن بلوچستان کے چیئرمین عثمان گورگیج نے خضدار میں بچوں کی اسکول بس پر خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت اور جاں بحق بچوں کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان درندہ صفت عناصر کو کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے …

گرینڈ الائنس کی احتجاجی تحریک میں بھرپور شرکت کرے گئے، اصغر بنگلزئی

اجلاس میں تحریک کو حتمی شکل دینے اور کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے کمیٹیاں تشکیل دی گئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے کوئٹہ میں موجود صوبائی کابینہ کے ارکان اور اپیکا کوئٹہ کے کابینہ ممبران کے ہنگامی اجلاس زیر صدارت اپیکا بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی اصغر بنگلزئی منعقد ہوا اجلاس میں گرینڈ الائنس بلوچستان کے احتجاجی تحریک کو حتمی شکل دینے اور کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئی …

آل پاکستان صرافہ ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر سندھ الائنس کے چیئرمین قاسم شکار پوری، لالا فرقان شیخ، جمیل پراچہ اور ارشد کرم کو کراچی میں انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

معصوم بچوں کا قتل عام دہشت گردی کی بدترین مثال ہے، محمد طاہر توحیدی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں نے کہا کہ بے گناہ معصوم بچوں کا قتل عام دہشت گردی کی بدترین مثال ہے خضدار میں بے گناہ اسکول کے بچوں پر بم دھماکہ کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے …

کوئٹہ، ملک جان محمد کاسی بوائز ہائی سکول کے مستحق طلبہ میں کتابیں اور یونیفارم تقسیم کرنے کی تقریب سے مہمان خصوصی سینئر صحافی رضا الرحمٰن، ارشد گجر ایڈووکیٹ اور پرنسپل نصیر احمد خطاب کر رہے ہیں

جنرل سید عاصم منیر کیلئے فیلڈ مارشل کا اعزاز قابل تحسین ہے، عادل آکاش

پاک فوج کی ملک کیلئے بہتر حکمت عملی اور قربانیاں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، اقلیتی رہنما

کوئٹہ (پ ر) اقلیتی رہنما، عادل آکاش نے آرمی چیف سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کا اعزاز حاصل کرنے کو انتہائی حسن اقدام قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیف آف آرمی اسٹاف سید عاصم منیر اور پاک فوج کی بہتر حکمت عملی کی بدولت پاکستان کے ازلی دشمن بھارت کو جنگ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا … بس پر بلوچستان کی اقلیتی برادری کی جانب سے اہم سید عاصم منیر کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

لیویز اہلکار حیات ساسولی اپنی گن سے زخمی ہو گیا

توتک (آن لائن) لیویز اہلکار حیات ساسولی نامعلوم وجوہات کے بنا پر اپنے رائفل سے خود کو گولی مار دی زخمی حالت میں ٹیچنگ ہسپتال توتک منتقل کر دیا گیا، طبی امداد کے بعد مزید علاج کے لئے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا، ہسپتال ذرائع کے مطابق گولی ٹانگ میں لگی ہے۔ لیویز اہلکار ڈی سی آفس میں سیکورٹی ڈیوٹی پر مامور تھے۔

ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ فنانس بل 2025 کی تجاویز سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بخت محمد کاکڑ کی کارکردگی قابل تحسین ہے، حاجی کریم داوی

موصوف نے نوجوانوں کو گمراہ کن نعروں سے بچا کر صحیح سمت دی، عبدالقادر داوی

کوئٹہ (پ ر) داوی قبائل کے سرکردہ شخصیات حاجی کریم داوی، عبدالقاہر داوی، حاجی عبدالرحیم داوی، مردانس خان داوی، ملک عبدالواحد داوی، مومن خان داوی، جلیل جان داوی، سدلیس داوی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے نوجوانوں کو حب الوطنی کا درس دے کر محب وطن بنایا … آج الحمد للہ بخت محمد کاکڑ کی خدمات سے کامیابی ہزاروں نوجوان اپنے استاد اور …

کلاس فور مزدوروں کی تنخواہیں 100 فیصد بڑھائی جائے، شیر محمد بلوچ

پارلیمنٹیرین کی مراعات میں 300 فیصد اضافہ ہو سکتا ہے تو مزدوروں کا کیوں نہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کوئٹہ ڈویژن کے صدر شیر محمد بلوچ جنرل سیکرٹری محمد سلیم چیف آرگنائزر سید محمد شاہ … فور مزدوروں کی تنخواہوں کم از کم 100 % فیصد اضافہ کیا جائے ہیڈیکل الائنس ٹیکنیکل الائنس اور کنٹونمنٹس کم از کم 100 % فیصد اضافہ کیا جائے اس کمر توڑ مہنگائی کے تناسب میں مزدوروں کو 150 % فیصد اضافہ کیا جائے ان مزدوروں کو بھی حق بنتا ہے اپ موجودہ نے اپنے وزیروں مشیروں اور سیکرٹریوں کی تنخواہوں کو 300 فیصد اضافہ کیا ہے۔ تو سایہ مزدوروں کی طرف دیہان کیا جائے۔

ایس ایس پی ٹریفک بہرام خان مندوخیل ڈائریکٹر ایف آئی اے بلوچستان تعینات

کوئٹہ (یو این اے) ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ بہرام خان مندوخیل کو ڈائریکٹر ایف آئی اے بلوچستان زون تعینات کر دیا گیا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق ان کی تقرری با قاعدہ احکامات کے تحت عمل میں لائی گئی، جہاں وہ ایف آئی اے کے تحت جاری امور کی نگرانی کریں گے۔ بہرام خان مندوخیل اس سے قبل ٹریفک پولیس کوئٹہ میں اپنی خدمات انجام دے رہے تھے۔

لاوارث ہزارہ ٹاؤن کے مسائل حل کرنے والا کوئی نہیں ہے، محمد علی ہزارہ

شدید گرمی کے موسم میں بجلی کی غیر علانیہ لوڈشیڈنگ نے زندہ رہنا مشکل کر دیا ہے

کوئٹہ (اے این این) ممتاز سیاسی سماجی رہنما علی ہزارہ نے کہا ہے کہ لاوارث ہزارہ ٹاؤن پر سیاست چمکانے والے تو بہت ہے مگر حقیقی معنوں میں ہزارہ ٹاؤن کے مسائل حل کرنے والا کوئی بدترین جان لیوا گرمی میں کیسکو کی جانب سے ہزارہ ٹاؤن میں 10 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کرنا انتہائی ناقابل برداشت اور بزیدانہ جبر اور بیوروکریسی راج کے منہ بولتا ثبوت ہے …

غیر قانونی ریڑھیوں کے خلاف کارروائی 13 افراد گرفتار کر لیے گئے

ضلعی انتظامیہ ٹریفک پولیس اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کا مشترکہ آپریشن جوائنٹ روڈ پر کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ ٹریفک پولیس اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی جانب سے تجاوزات کے خلاف آپریشن کے دوران جوائنٹ روڈ پر غیر قانونی ریڑھیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 13 افراد کو تجاوزات میں ملوث ہونے پر گرفتار کر لیا گیا۔ گزشتہ روز میٹروپولیٹن کارپوریشن ضلعی انتظامیہ اور ٹریفک پولیس کوئٹہ کی جانب سے جوائنٹ روڈ پر ریڑھیاں کھڑی کر کے تجاوزات کرنے والوں کے خلاف مشترکہ آپریشن کر کے ریڑھیاں ضبط کر کے انہیں توڑ دیا گیا۔

فسٹولا کی بیماری کے خاتمے کیلئے ہنگامی سطح پر اقدامات اٹھائے جائیں، پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ سہیل

بلوچستان میں لاتعداد خواتین اور لڑکیاں فسٹولا کی بیماری کے ساتھ اذیت ناک زندگی گزار رہی ہیں

فسٹولا کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر سنڈیمن صوبائی ہسپتال کوئٹہ شعبہ گائنی کی سربراہ کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) سنڈیمن صوبائی ہسپتال کوئٹہ کے گائنی کے شعبے کی سربراہ پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ سہیل نے کہا ہے کہ حکومت ملک بھر کی طرح بلوچستان میں بھی خواتین اور لڑکیوں میں پائی جانے والی فسٹولا کی بیماری کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جائیں اور عالمی سطح پر 2030ء تک پائیدار ترقی کے اہداف کے مطابق زچگی کے دوران اموات کو ختم کرنے کا منصوبہ بنایا ہے اور 2025ء میں فسٹولا کے خاتمے کے عالمی دن کے حوالے سے موضوع "عورت کی صحت، عورت کا حق فسٹولا سے پاک مستقبل کی تشکیل" مقرر کیا گیا ہے پاکستان میں اس وقت 3 سے 5 ہزار خواتین اور لڑکیاں فسٹولا کے ساتھ زندگی گزار رہی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے فسٹولا کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ پریس کانفرنس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ہیڈ آف یورالوجی ڈیپارٹمنٹ بولان میڈیکل کالج ہسپتال ڈاکٹر نعمت اللہ، پروفیسر ڈاکٹر مریم شعیب، یو این ایف پی اے کی سعدیہ عطا بھی موجود تھیں انہوں نے بتایا کہ ترقی پذیر ممالک میں 20 لاکھ خواتین فسٹولا کے ساتھ زندگی گزار رہی ہیں۔

CORRIGENDUM

The development work "**Supply and Fixing of Solar Road Lights From Kutch CP to SMBZAN ICQ**" was uploaded on the BPPRA website under_TSE-242504691313 and published in newspapers under **AB No 991/25-04-2025**. The last submission/opening date was previously 15th May 2025. Now the same work's submission/opening date will be 2nd June 2025.

Chief Metropolitan Officer
Metropolitan Corporation
Quetta

AB No.1141/22-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

EXTENSION OF TIME

This office Notice for Inviting Tender vide letter no. 1586-88 Dated:06-05- 2025 for the work of "Construction of Check Dam at Bajjaro Guwash District Kharan. (PSDP 2024-25) vide TSE No. 242505702003 published in daily leading Newspapers under PRQ No.4263/06-05-2025 has been extended up to 29-05-2025.
The other terms and Condition remain the same.

EXECUTIVE ENGINEER
IRRIGATION DIVISION
KHARAN.

PRQ No.4545/22-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER DATE EXTENSION

It is to inform that, the tender opening date under TSE-242505700861, advertised vide PRQ No.4275/06/05/2025 has been extended. New date for bid opening will be 29-05-2025. Note: All other terms and conditions will remain the same.
Phone No.92-81-9202180 Fax no. 92-81-9202180
Email:aigprison@gmail.com

AIG (Admin: & Finance) For
Inspector General of Prisons
Balochistan Samungli Road Quetta

PRQ No.4544/22-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 32/24 FIR نمبر 12/24 سرکار بنام:۔ خیر یار مری وغیرہ

جرم زیر دفعہ 3,4 ,Exp ,324- 7ATA CTD کوئٹہ

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے مسمیان (1) خیر یار مری ولد خیر بخش مری قوم مری سکنہ ارباب کرم خان روڈ کوئٹہ (2) آزاد بلوچ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو ہر طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی روسے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ وہ تاریخ 24-05-2025 عدالت ہذا بمقام A.T.C II کوئٹہ نالش مذکوری کی قلمبندی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ II کوئٹہ

PRQ No 4558/22-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 38/24 FIR نمبر 97/24 سرکار بنام:۔ سفیر احمد وغیرہ

جرم زیر دفعہ 11.G.W.F (c) (2)21i ,120,PPC,324 7ATA 3,4 Exp CTD کوئٹہ

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے مسمیان (1) سفیر احمد عرف جنیدہ بلوچ ولد عبدالغنی قوم سرپرہ سکنہ کرد گاپ مستونگ (2) بشیر زیب عرف کا مرید بشیر ولد ڈاکٹر عبداللہ جان قوم محمد حسنی سکنہ احمد وال نوشکی جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو ہر طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی روسے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ وہ تاریخ 24-05-2025 عدالت ہذا بمقام A.T.C II کوئٹہ نالش مذکوری کی قلمبندی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ II کوئٹہ

PRQ No 4556/22-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

درخواستیں مطلوب ہیں

حکومت بلوچستان محکمہ لوکل گورنمنٹ بلوچستان کو یونین کونسل سراخواہ ضلع موسیٰ خیل کے دفتر کے لئے درج ذیل آسامی کو پر کرنے کے لئے یونین کونسل سراخواہ ضلع موسیٰ خیل کے لوکل / ڈومیسائل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	گریڈ	تعداد	تعلیمی قابلیت
1	نائب قاصد	01	01	مڈل پاس

شرائط وضروری ہدایات:۔ (1) بھرتی حکومت بلوچستان کے مروجہ ریکروٹمنٹ پالیسی 1991ء کے تحت ہوگی (2) عمر کی حد 18 سے 28 سال تک ہونی چاہیے۔ تاہم عمر میں بالائی حد کے سرکاری قوانین کے تحت اجازت دی جائے گی (3) میٹرک والوں کو ترجیح دی جائے گی (4) سرکاری ملازمین اپنے محکموں کے توسط سے درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں (5) ٹیسٹ اور انٹرویو مورخہ 17-06-2025 کو بوقت دن 11:00 بجے چیئرمین سراخواہ کے دفتر میں ہوگا (6) ٹیسٹ اور انٹرویو میں آنے والے امیدوار اپنی درخواست بمعہ 2 عدد تصاویر، شناختی کارڈ، لوکل / ڈومیسائل اور متعلقہ تعلیمی دستاویزات کی نقول مورخہ 13-06-2025 چیئرمین یونین کونسل سراخواہ ضلع موسیٰ خیل کے دفتر میں دفتری اوقات میں جمع کروا سکتے ہیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد کوئی درخواست وصول نہیں ہوگی۔

چیئرمین یونین کونسل سراخواہ ضلع موسیٰ خیل

AB NO.1136/22-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 33/24 FIR نمبر 36/24 سرکار بنام:۔ بختیار ڈومکی وغیرہ

جرم زیر دفعہ 11i N ,353,186,120,B 7ATA CTD کوئٹہ

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے مسمیان (1) بختیار ڈومکی ولد جاکر سکنہ لڑی بگٹی جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو ہر طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی روسے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ وہ تاریخ 24-05-2025 عدالت ہذا بمقام A.T.C II کوئٹہ نالش مذکوری کی قلمبندی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ II کوئٹہ

PRQ No 4554/22-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

فنڈز کی تقسیم میں مکمل شفافیت اور مساوات کو یقینی بنایا جائے، ڈی سی کوئٹہ

اقلیتی برادری معاشرے کا اہم حصہ ہے اور حکومت ان کی فلاح و بہبود کے لیے پرعزم ہے، کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی

اسکالرشپ اور مالی امداد سے متعلق درخواستوں کی جانچ پڑتال، شفافیت میں ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کی تعریف

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی کی زیر صدارت اقلیتی برادری کے لیے فنڈز کے اجراء سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سکھ، کرسچن، ہندو اور بائی کمیونٹی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد اقلیتی برادری کے اسکالرشپ اور مالی امداد سے متعلق درخواستوں کی جانچ پڑتال اور فنڈز کی شفاف تقسیم کو یقینی بنانا تھا۔ اجلاس کے دوران تمام متعلقہ کاغذات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور کمیٹیز کی جانب سے پیش کی گئی درخواستوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے واضح ہدایات جاری کیں کہ فنڈز کی تقسیم میں مکمل شفافیت، میرٹ اور مساوات کو یقینی بنایا جائے تاکہ مستحق افراد کو ان کا حق مل سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اقلیتی برادری معاشرے کا اہم حصہ ہے اور حکومت ان کی فلاح و بہبود کے لیے پرعزم ہے۔ شرکاء نے ضلعی انتظامیہ کے اس اقدام کو سراہا اور شفاف عمل کو خوش آئند قرار دیا۔

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی انتظامی امور، پرائس کنٹرول، تجاوزات اور دیگر معاملات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ: چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین سے سابق وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو ملاقات کر رہے ہیں

مسائل حل نہ ہوئے تو احتجاجی تحریک شروع کرینگے، شاہ علی بگٹی

جامعات میں پالیسی کے تحت الاؤنسز کو ختم کرنے پر تشویش ہے

یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کا اجلاس، مختلف مسائل پر غور کیا گیا

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کا اجلاس صدر شاہ علی بگٹی کے زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں کابینہ، عہدیداران اور مجلس عاملہ کے اراکین نے شرکت کی اجلاس میں بلوچستان یونیورسٹی ملازمین درپیش موجودہ اور مستقبل کے صورتحال پر بحث ومباحثہ اور ان کے حل کے لئے اہم فیصلے کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان یونیورسٹی ملازمین کو تنخواہوں کی بروقت اور مکمل ادائیگی اور ان کا مستقل حل، جامعہ کے بائیز سے منظور شدہ الاؤنسز کے غیر قانونی کٹوتی، صوبائی حکومت کی جانب سے جامعات میں یونیفارم پالیسی کے تحت الاؤنسز کو ختم کرنے پر تشویش کا اظہار کیا گیا اور آنے والے بجٹ صوبے بھر کے مالی گرانٹ کو 15 ارب روپے مختص کرنے، گرینڈ الائنس بلوچستان کے زیر اہتمام احتجاجی تحریک میں شرکت کے بارے میں غور وخوض کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے پلیٹ فارم سے بلوچستان یونیورسٹی ملازمین صوبائی حکومت کی جانب سے یونیورسٹی کے فنڈز کے اجراء میں رکاوٹ تنخواہوں کی تاخیر اور مستقل حل نہ ہونے، الاؤنسز کی غیر قانونی کٹوتی، ملازم کش اور خاص طور یونیفارم پالیسی کے تحت الاؤنسز کو ختم کرنے پر تحت لائحہ عمل کے ساتھ احتجاج اور قانونی چارہ جوئی کا فیصلہ کیا گیا

محکمہ ریلوے نے اربوں روپے کی زمین واگزار کرالی

راولپنڈی میں نرسریاں قانونی ضوابط کی پابندی کرتے ہوئے ہٹائی گئیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ ریلوے پاکستان نے کسی بھی قانونی حکم کی خلاف ورزی نہیں کی، اور اپنی زمین پر قبضہ مافیا کے خلاف موثر اور قانونی کارروائی کرتے ہوئے اربوں روپے مالیت کی زمین واگزار کرائی ہے۔ حکام ریلوے کا کہنا ہے کہ ریلوے کو اپنی زمین واپس کرانے کا مکمل قانونی حق حاصل ہے اور اس حق کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ کسی کو یہ حق حاصل نہیں کہ ریلوے پر بے بنیاد الزامات عائد ... خلاف ورزی کیے بغیر اپنی زمین اپنی تحویل میں لے لی ہے۔ اس حوالے سے خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی تھی جو زمین کی بازیابی کے ہر انچ تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ ریلوے نے زمین کی بازیابی کے لیے تمام قانونی راستے اختیار کیے ہیں اور غیر قانونی یا عدالت کے فیصلے کی خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی راستے کو قبول نہیں کیا گیا۔ ریلوے پاکستان اپنے اس قومی اثاثے کی حفاظت کے لیے پرعزم ہے اور کسی کو بھی ...

ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم مسلح افراد دوتاجر سے نقدی اور موبائل چھین کر فرار

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی مین بازار میں دن دھاڑے پی سی او کے دکان پر مسلح ڈاکوؤں کا دھاوا اسلحے کے زور پر اسی ہزار روپے نقدی دو قیمتی موبائل فون چھین کر فرار پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی مین بازار شاہ پیٹرول پمپ کے قریب مسلح ڈاکو اسلحے کے زور پر بولان پی سی او کے مالک روی کمار سے اسی ہزار روپے نقدی دو قیمتی موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے واقع کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

عوام کی مشکلات سے آگاہ ہیں، سیاست کو ہمیشہ عبادت سمجھا، نور احمد بنگلزئی

اپنی بھرپور کاوشوں کو بروئے کار لاتے ہوئے لاپتہ نوجوانوں کو بازیاب کرا کر ان کے اہلخانہ کے حوالے کیا

لوگوں کی مشکلات کا بخوبی اندازہ ہے اپنے لوگوں کو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتے، قبائلی عمائدین سے اظہار خیال

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور چیف آف بنگلزئی سردار نور احمد بنگلزئی نے کہا ہے کہ لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے ہمیشہ اپنی بھرپور کاوشوں کو بروئے کار لاتے ہوئے لاپتہ ہونے والے نوجوانوں کو بازیاب کرا کر ان کے اہلخانہ کے حوالے کیا ہے جس کا مقصد جو لوگ بے قصور ہیں انہیں منظر عام پر لا کر ان کے اہلخانہ ... کی مشکلات اور تکالیف کا بخوبی اندازہ ہے اپنے لوگوں کو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بنگلزئی ہاؤس کوئٹہ میں متعدد لاپتہ افراد کی بازیابی کے بعد ان کے اہلخانہ کی جانب سے ان کا شکریہ ادا کرنے کے موقع پر شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر دیگر قبائلی عمائدین، معتبرین بھی موجود تھے ... شاہوانی، باسط شاہوانی، محمد عارف جنگ، گل میر سالانی، محمد زکریا کرد، عمیر احمد کرد، اور یاسر سارنگزئی سمیت دیگر کے اہلخانہ کی جانب سے ان کے بچوں کی بازیابی اور ان کے حوالے کرنے پر انہوں نے چیف آف بنگلزئی سردار نور احمد بنگلزئی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کوششوں سے ایک طویل انتظار کا خاتمہ ...

زندگی میں سادگی لے آئیے پیچیدگیاں ختم ہو جائیں گی، ذوالفقار طارق

اپنے وجود کو نفرت تکبر غرور لالچ قتل دھوکہ فراڈ جھوٹ جیسی ہر سوچ سے پاک کرلو

کوئٹہ (اے این این) اہلسنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں طلباء کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ... انسان اپنی جان تک قربان کرنے کو تیار ہو جائے جب کوئی بھی کام یا حرکت کرنے سے پہلے تم یہ سوچو کہ خدا کا اس بارے میں کیا حکم ہے خدا کی منشا ...

نائیکون گروپ آف کالجز، راولپنڈی کیمپس میں آگاہی سیشن

اسلام آباد (زاہد احمد خان) انسانی اسمگلنگ اور ٹریفکنگ کے موضوع کے تحت ایف آئی اے کے میڈیا ونگ نے نائیکون گروپ آف کالجز، راولپنڈی کیمپس میں آگاہی سیشن کا انعقاد کیا۔ اس سیشن کا مقصد طلباء اور اساتذہ کو غیر قانونی ہجرت ...

سانحہ خضدار انسانیت پر حملہ اور گھناؤنی سازش ہے، شہناز ملک

اسکول کے معصوم بچوں پر دہشت گردی کسی جنگ کا حصہ نہیں، بی اے پی رہنما

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان عوامی پارٹی کی خاتون رہنما سماجی شخصیت شہناز ملک نے اپنے جاری کردہ بیان اور میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ خضدار انسانیت پر حملہ اور گھناؤنی سازش ہے اسکول کے معصوم بچوں پر دہشت گردی کسی جنگ کا حصہ نہیں بلکہ دشمن کی بزدلی، بربریت اور سفاکی کی بدترین علامت ہے اپنے جاری ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سرزمین کو عرصہ دراز سے بھارت نے ہدف بنا رکھا ہے اور اب جب جنگی محاذ پر اسے ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا تو وہ بزدلانہ حملوں کے ذریعے معصوم جانوں کا خون بہا کر اپنی شکست کا بدلہ لینا چاہتا جس کا حساب دشمن سے چکایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ حملہ ہمیں سانحہ اے پی ایس کی طرح ہلا کر رکھ دینے والا واقعہ ہے فرق صرف اتنا ہے کہ اس بار دشمن نے بلوچستان کو چنا اور نشانہ وہی معصوم بچے بنے جن کے بستوں میں کتابیں تھیں، بارود نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ دشمن کو اس کی زبان میں جواب دیا جائے۔

شاہراہوں پر حد سے زیادہ اسپیڈ قتل اور خودکشی کے مترادف ہے، موٹروے پولیس

بلوچستان میں سال کے دوران 23 ہزار سڑک حادثات، درجنوں افراد جاں بحق ہزاروں زخمی ہوئے

80 سے 90 فیصد سڑک حادثات کی وجہ لوگوں کی اپنی ہی غلطی ہوتی ہے، ڈبلیو ایچ او کی سالانہ رپورٹ

موٹروے پولیس کے جاری کئے جانے والے لائسنس پر 57 ممالک میں ڈرائیونگ کی اجازت ہے، ضیاالدین

کوئٹہ (آن لائن) موٹروے پولیس کے ایس پی او ضیاالدین اور ایس آئی خوش بخت نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ایک سال کے دوران پیش آنے والے 23 ہزار سے زائد سڑک حادثات میں 31 ہزار 8 سو 54 افراد جاں بحق، زخمی یا پھر عمر بھر کیلئے معذور ہو گئے ہیں جس کی یومیہ تعداد 84 بنتی ہے، ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (ڈبلیو ایچ او) کی رپورٹ کے مطابق 80 سے 90 فیصد سڑک حادثات کی وجہ لوگوں کی اپنی ہی غلطی ہوتی ہے، موٹروے پولیس کی جانب سے دی جانے والی آگاہی سیشنز کا مقصد انسانی زندگیاں، املاک بچانا اور سولائزڈ سوسائٹی کا قیام ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران و ممبران کے ساتھ منعقدہ سیشن کے دوران کیا۔ اس سے قبل موٹروے پولیس کی ٹیم چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان پہنچی تو چیمبر کے سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ نائب صدر انجینئر میر ولی خان کاکڑ و دیگر ...

بچوں کی بس پر حملہ دل ہلا دینے والا سانحہ ہے، عبید اللہ گورگیج

حکومت دہشت گردی ختم کرنے کے عزم پر قائم ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (پ ر) رکن بلوچستان اسمبلی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما میر عبید اللہ گورگیج نے خضدار میں بچوں کی اسکول بس پر ہونے والے افسوسناک اور بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے اس سانحے کو انسانیت سوزی کی بدترین مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے واقعات معاشرے میں خوف و دہشت پھیلانے کی مذموم کوشش ہیں جنہیں کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا ایک انتہائی افسوسناک ... ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی فوری تحقیقات کی جائیں، مجرموں کو گرفتار کیا جائے اور انہیں نشان عبرت بنایا جائے تاکہ آئندہ کوئی اس قسم کی گھناؤنی حرکت کرنے کی جرأت نہ کر سکے۔ میر عبید گورگیج نے متاثرہ بچوں اور ان کے والدین سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس غم کی گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ متاثرہ خاندانوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے ...

بلوچستان بھر میں ہیلتھ مراکز کو بحال اور تعداد بڑھائیں گے، بخت محمد کاکڑ

عوامی شکایات اور زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ صحت میں فوری طور پر اقدامات اٹھانے کا فیصلہ کیا

حکومت بلوچستان پرعزم ہے کہ ہر دیہی مراکز صحت کو مکمل سہولیات سے آراستہ کیا جائے، صوبائی وزیر صحت

ژوب (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام کو صحت کی سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانے میں بھرپور کردار ادا کرے گی۔ ہیلتھ مراکز کو بحال اور اس میں اضافہ ... شیرانی کا تفصیلی مشاہدہ کی موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کی انہوں کہا کہ ہیلتھ مراکز میں طبی آلات کی کمی ہے، جس کی وجہ سے مقامی آبادی کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں مشکلات کا سامنا تھا۔ دورے کے دوران صوبائی وزیر صحت نے عوامی شکایات اور زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے فوری طور پر اقدام کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے موقع پر تمام ضروری طبی آلات کی فراہمی کا وعدہ کیا، اور اب محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے تمام مطلوبہ طبی آلات فراہم کر دیئے گئے ہیں تاکہ ہیلتھ مراکز کی کارکردگی بہتر ہو اور مریضوں کو مناسب علاج معالجہ ان کے دہلیز پر میسر ہو سکے

ڈاکٹر احسان کاکڑ کی فیلڈ مارشل بننے پر جنرل عاصم منیر کو مبارکباد

جنرل عاصم منیر کا وژن قومی سلامتی، وحدت اور ترقی کا ضامن ہے، صوبائی صدر

مسلح افواج اور پوری قوم نے بھارتی بربریت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، یوسف رضا گیلانی

خضدار اسکول بس پر حملے پر آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز کمیٹی کی شدید مذمت

پالیسی سازی میں سائنسی شواہد اور زمینی حقائق پر مبنی فیصلے ناگزیر ہو چکے ہیں، عبداللہ خان

سبی میں تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائیں گے، کوہیار ڈومکی

معصوم بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا ناقابل معافی جرم ہے، سنیل کمار

کوئٹہ (اے یان این) ہندو پنچایت کوئٹہ کے صدر سنیل کمار نے خضدار میں اے پی ایس اسکول بس پر دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے بزدلانہ، غیر انسانی اور بھارت کے ایجنڈے کا واضح مظہر قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ معصوم بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا نہ صرف ایک ناقابل معافی جرم ہے بلکہ اس میں بھارتی ہاتھ واضح طور پر نظر آ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ وقت قومی اتحاد و یکجہتی کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غمزدہ والدین کے لیے صبر جمیل و حوصلے کی دعا کرتے ہیں۔ انہوں نے حکومت بلوچستان سے اپیل کی کہ زخمی بچوں کو فوری طور پر بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ ان کی جانیں بچائی جا سکیں اور وہ جلد صحتیاب ہو کر اپنے گھروں کو لوٹ سکیں۔

خضدار واقعہ انسانیت کے خلاف جنگ ہے، میر ضیاء اللہ لانگو

درخواستیں مطلوب ہیں

حکومت بلوچستان محکمہ مواصلات وتعمیرات کو درج ذیل اسامیاں پر کرنے کیلئے متعلقہ ضلع کے لوکل/ڈومیسائل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام اسامی بمعہ گریڈ	مطلوبہ قابلیت	لوکل
1	اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر (BPS-12)	ہائیر سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ بمعہ ایک سالہ ڈپلومہ کمپیوٹر سائنس یا آئی ٹی (IT) کسی مستند ادارے سے یا آئی سی ایس مستند ادارے سے اور اردو و انگلش ٹائپنگ 60 الفاظ فی منٹ مہارت رکھتا ہو	سی ڈویژن۔1 (ہیڈ آفس) نصیر آباد ڈویژن۔5
2	جونیئر کلرک (BPS-11)	1۔ ہائیر سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ کسی مستند بورڈ سے۔ 2۔ ٹائپنگ مہارت کم از کم 30 الفاظ فی منٹ 3۔ کمپیوٹر یا آئی ٹی سوفٹ ویئر میں تجربہ رکھنے والے کو ترجیح دی جائیگی	نصیر آباد ڈویژن۔2
3	اکاؤنٹس کلرک (BPS-11)	1۔ کسی مستند ادارے سے کامرس میں ڈپلومہ 2۔ ٹائپنگ مہارت کم از کم 30 الفاظ فی منٹ 3۔ کمپیوٹر یا آئی ٹی سوفٹ ویئر میں تجربہ رکھنے والے کو ترجیح دی جائیگی	نصیر آباد ڈویژن۔4

شرائط:۔ (1) امیدوار کا بلوچستان کا لوکل/ڈومیسائل ہونا لازمی ہے۔ (2) عمر کی حد 18 سے 28 سال ہونی چاہیے البتہ زیادہ سے زیادہ عمر کی حد میں سرکاری قوانین کے تحت رعایت کی گنجائش موجود ہے۔ (3) پہلے سے سرکاری ملازمین اپنی درخواست محکمہ کے توسط بمعہ NOC جمع کروائیں۔ (4) مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے امیدوار دیئے گئے درخواست فارم کے ساتھ تمام تعلیمی اسناد، شناختی کارڈ کی کاپی، لوکل/ڈومیسائل اور ایک عدد پاسپورٹ سائز تصویر منسلک کریں۔ (5) امیدوار کو ٹیسٹ اور انٹرویو کیلئے حکومت بلوچستان کی جانب سے تشکیل کردہ کمیٹی کے روبرو پیش ہونا ہوگا۔ (6) ہر امیدوار اپنی درخواست کے ساتھ اپنے کاغذات لازمی طور پر تصدیق کروائے۔ (7) انٹرویو/ٹیسٹ کے دن امیدوار اپنی ہمراہ اصل اسناد بمعہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ لازمی طور پر لائیں۔ (8) مشتہر کی گئی اسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی ہو سکتی ہے۔ (9) حکومت بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں معذور امیدوار کیلئے 5 فیصد کوٹہ اور غیر مسلم امیدوار کیلئے 5 فیصد کوٹہ اور خواتین امیدوار کیلئے 5 فیصد کوٹہ مختص ہے۔ (10) انٹرویو کیلئے آنے والے امیدوار کو کسی قسم کا سفری خرچ نہیں دیا جائے گا۔ (11) ٹیسٹ/انٹرویو کی تاریخ کی اطلاع اشتہار کے ذریعے فراہم کی جائے گی۔ (12) کسی قسم کی سفارشی امیدوار کو نااہل قرار دے سکتی ہے۔ (13) تمام امیدواران مورخہ 04-07-2025 تک اپنے اپنے درخواستیں دفتر سپرنٹنڈنگ انجینئر (روڈ سرکل) نصیر آباد بمقام ڈیرہ مراد جمالی اور سی ڈویژن کے امیدواران اپنے درخواستیں چیف انجینئر (روڈ) سی زون بمقام سی اینڈ ڈبلیو کمپلکس میر جعفر خان جمالی روڈ میں جمع کرا سکتے ہیں۔

چیف انجینئر (روڈ)
سبی زون بمقام کوئٹہ

PRQ No 4564/22-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NATIONAL GRID COMPANY (NGC) OF PAKISTAN LIMITED (Formerly NTDC)

TENDER NOTICE NO. DMTLG(AM)-01-2025

The Manager (AM) North, Circle NGCPL Gatti Faisalabad invites sealed bids to dispose-off Unserviceable/Obsolete/Damaged material on "AS IS WHERE IS" basis lying at C-Type Store 220KV Grid Station Nishatabad NGCPL, Faisalabad.

Sr. No.	Nomenclature	Unit & Quantity
1.	Transmission line and Grid Station Material	As per Tender Document

Terms & Conditions

1. Material can be **Physically inspected** up to 05-06-2025 during working hours at C-Type store 220kv Grid Station Nishatabad, Faisalabad.
2. The taxes will be paid by highest bidder at the time of final payment. Participants in this tender should be registered with FBR and Local tax authority.
3. Tender documents can be purchased for RS.10,000/- (Non-refundable) up to 06-06-2025 till 12:00 Hrs from the office of Manager (AM) North, Circle NGCPL Gatti Faisalabad.
4. 25% CDR of bid amount in the favor of "XEN 500KV TRANSMISSION LINE", must be accompanied with bid which will be kept in safe custody for the first three bidders (as per comparative statement) till the submission of final remaining bid amount by the highest bidder whereas the bid amount for the remaining non-successful bidders except first three will be returned on the same day.
5. Tender will be received up to 06-06-2025 (15:00 Hrs) and will be opened on the same day at 15:30 Hrs in the office of Manager (AM) North, Circle NGCPL Gatti Faisalabad.
6. Tender with any Cutting / Overwriting and ambiguity will be rejected.
7. All sales shall be made to the bidder offering the highest price Subject to the approval of competent Authority.
8. The material will be sold on the clear understanding that the bidders have inspected and satisfied themselves of the material they are bidding for. NO Complaints after the sale whatsoever shall be entertained.
9. After the final Approval / issuance of Letter of Acceptance, remaining amount is to be deposited within 21 working days. In case of failure to deposit the balance amount within due date, the bid will be deemed cancelled and CDR amount will be forfeited.
10. All the material from the site will be lifted within 21 working days after issuance of Release Order and strictly during working Hours only.
11. Rights for cancellation of tender or any change in schedule are reserved.

Contact Nos. for Bidding documents: 0419230144 03357401675

Manager 500KV/220KV (AM)
North NGCPL Gatti, Faisalabad

PID(L)3202/24

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر، پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعہ 23 مئی 2025ء

سی پیک کی افغانستان تک توسیع: نئی اقتصادی راہداری، ایک وژنری منصوبہ

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے (جو گزشتہ روز ہی چین کا دورہ مکمل کر کے وطن واپس آئے ہیں) نے کہا ہے کہ ان کا دورہ کامیاب رہا چین نے پاکستان کی خودمختاری اور سالمیت کی بھرپور حمایت کی ہے اور پاکستان چین اور افغانستان نے مشترکہ فیصلہ کیا ہے کہ خطے سے دہشت گردی کو ختم کرنا ہے انہوں نے سی پیک ٹو کی بھی بات کی ہے اور اس بابت گزشتہ روز یہ خبریں آئی تھیں کہ چین اور پاکستان نے سی پیک کو افغانستان تک توسیع دینے پر اتفاق کیا ہے یہ اتفاق گزشتہ روز بیجنگ میں چائنہ، پاکستان اور افغانستان کے وزرائے خارجہ کی سہ فریقی ملاقات میں ہوا ہے چین پاکستان اقتصادی راہداری کا عظیم الشان منصوبہ (سی پیک) صرف ایک انفراسٹرکچر منصوبہ نہیں بلکہ یہ علاقائی روابط، اقتصادی ترقی اور باہمی خوشحالی کا ایک عظیم الشان وژن ہے۔ گزشتہ روز بیجنگ میں منعقدہ چین، پاکستان اور افغانستان کے وزرائے خارجہ کی سہ فریقی ملاقات میں سی پیک کو افغانستان تک توسیع دینے کے تاریخی اتفاق نے اس وژن کو ایک نئی جہت دی ہے۔ یہ فیصلہ نہ صرف افغانستان بلکہ پورے خطے کے لئے امید، ترقی اور استحکام کا پیغام لایا ہے۔ سی پیک نے پاکستان میں انقلابی تبدیلیاں لائی ہیں، اور اب اس کی افغانستان تک توسیع خطے میں معاشی اور معاشرتی ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز کر سکتی ہے۔ سی پیک منصوبے نے پاکستان میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کی راہ ہموار کی اور اس طرح انفراسٹرکچر، توانائی کے شعبے اور صنعتی ترقی کو غیر معمولی فروغ ملا ہے۔ توانائی، انفراسٹرکچر، صنعت وحرفت کی ترقی سے معیشت ومعاشرت پر انتہائی مثبت اور دوررس اثرات مرتب ہوئے ہیں سی پیک کے تحت پاکستان میں کئی بڑے توانائی کے منصوبے مکمل ہوئے ہیں، جن میں کوئلے سے چلنے والے پاور پلانٹس اور ہائیڈرو پاور منصوبے شامل ہیں۔ ان منصوبوں نے پاکستان میں بجلی کی کمی کو پورا کرنے میں مدد کی ہے، جس سے صنعتی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے اور عوام کو بہتر زندگی میسر آئی ہے۔ بجلی کی دستیابی نے نہ صرف موجودہ صنعتوں کو فائدہ پہنچایا ہے بلکہ نئی صنعتوں کے قیام کی راہ بھی ہموار کی ہے اسی طرح سی پیک نے پاکستان میں سڑکوں، ریلوے اور بندرگاہوں کا ایک وسیع نیٹ ورک تعمیر کیا ہے۔ موٹرویز اور ہائی ویز کی تعمیر نے ملک کے طول وعرض میں رابطوں کو بہتر بنایا ہے، جس سے سفر کا وقت کم ہوا ہے اور سامان کی نقل وحمل میں آسانی ہوئی ہے۔

گوادر بندرگاہ، جو سی پیک کا مرکز ہے، ایک جدید اور مصروف ترین بندرگاہ کے طور پر ابھر رہی ہے جو علاقائی تجارت کا ایک اہم مرکز بننے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اس بندرگاہ کی ترقی سے پاکستان کو نہ صرف اپنی تجارت کو فروغ دینے کا موقع ملا ہے بلکہ یہ وسطی ایشیائی ریاستوں کے لئے بھی ایک گیٹ وے کا کام کر رہی ہے۔ سی پیک کے تحت خصوصی اقتصادی زونز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، جو مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو راغب کر رہے ہیں۔ یہ زونز صنعتوں کو ترقی دینے، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور برآمدات کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ لاکھوں افراد کو براہ راست اور بالواسطہ طور پر سی پیک منصوبوں میں روزگار ملا ہے، جس سے غربت میں کمی اور معیار زندگی میں بہتری آئی ہے۔ اسی طرح سی پیک نے پاکستان میں سماجی شعبے کی ترقی میں بھی اپنا کردار ادا کیا ہے۔ بہتر انفراسٹرکچر، بجلی کی دستیابی اور صنعتی ترقی سے لوگوں کے معیار زندگی میں بہتری آئی ہے۔ تعلیم، صحت اور دیگر سماجی خدمات تک رسائی بہتر ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ، سی پیک نے پاکستان کی بین الاقوامی سطح پر پوزیشن کو بھی مضبوط کیا ہے۔ اسے علاقائی اور عالمی تجارت کے ایک اہم کھلاڑی کے طور پر پیش کیا ہے سی پیک صرف پاکستان اور چین تک محدود نہیں بلکہ اس کے اثرات پورے خطے پر مرتب ہو رہے ہیں اور مستقبل میں مزید گہرے ہوں گے سی پیک ایشیا، افریقہ اور یورپ کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کرنے کی صلاحیتوں سے مالا مال ایک وژنری اور عظیم الشان منصوبہ ہے جسے اب افغانستان تک توسیع ملنے سے خطے میں نئی معاشی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوگا سی پیک کے تحت ہونے والی اقتصادی سرگرمیوں سے خطے میں غربت میں کمی اور لوگوں کے معیار زندگی میں بہتری آنے کی امید ہے۔ روزگار کے نئے مواقع، بہتر انفراسٹرکچر اور اقتصادی ترقی سے لوگوں کو بہتر تعلیمی، صحت اور رہائشی سہولیات میسر آئیں گی۔ اقتصادی ترقی اور باہمی انحصار امن واستحکام کو فروغ دینے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ جب ممالک اقتصادی طور پر ایک دوسرے سے منسلک ہوتے ہیں تو تنازعات کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔ سی پیک خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ کا ایک اہم ذریعہ بن سکتا ہے اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ سی پیک کو افغانستان تک توسیع دینے کا فیصلہ خطے کے لئے ایک تاریخی اور انقلابی قدم ہے۔ دہائیوں کی جنگ اور عدم استحکام نے افغانستان کی معیشت کو تباہ کر دیا ہے۔ سی پیک کی افغانستان تک توسیع اس ملک کی معاشی بحالی کے لئے ایک اہم محرک ثابت ہو سکتی ہے۔ افغانستان کو ایک جدید تجارتی راستہ ملے گا جو اسے گوادر بندرگاہ اور عالمی منڈیوں سے جوڑے گا افغانستان، وسطی ایشیا اور جنوبی ایشیا کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کرتا ہے۔ سی پیک کی افغانستان تک توسیع سے ان خطوں کے درمیان روابط مزید مستحکم ہوں گے، جس سے علاقائی تجارت اور باہمی تعاون کو فروغ ملے گا۔ یہ نہ صرف اقتصادی ترقی بلکہ ثقافتی تبادلے اور لوگوں کے درمیان تعلقات کو بھی مضبوط کرے گا تاہم افغانستان میں سیکیورٹی کی صورتحال سی پیک کی توسیع کے لئے ایک بڑا چیلنج ہو سکتی ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ تینوں ممالک سیکیورٹی تعاون کو مضبوط بنائیں جو اس منصوبے کی کامیابی کے لئے ضروری ہے۔ سی پیک ایک عظیم الشان منصوبہ ہے جس نے پاکستان میں معاشی اور معاشرتی ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز کیا ہے۔ سی پیک کو افغانستان تک توسیع دینے کا فیصلہ خطے کے لئے ایک تاریخی قدم ہے جو افغانستان کی معاشی بحالی، علاقائی روابط کے استحکام اور امن واستحکام کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ یہ فیصلہ نہ صرف چین، پاکستان اور افغانستان بلکہ پورے خطے کے لئے خوشحالی اور ترقی کا پیغام لایا ہے۔ یہ ایک ایسا موقع ہے جس سے بھرپور فائدہ اٹھایا جانا چاہئے تاکہ ایشیا میں ایک نئے اقتصادی راہداری کا قیام عمل میں لایا جا سکے جو تمام ممالک کے لئے فائدہ مند ہو۔ یہ وقت ہے کہ تمام فریق مل کر کام کریں اور سی پیک کے وژن کو عملی جامہ پہنائیں اور اس بابت کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں۔

فیلڈ مارشل کے اعزاز کے حقیقی مستحق عاصم منیر

سوشل میڈیا پر رچائے ہیجانی تماشے سے مرعوب ہوئے افراد روایتی اخبارات کے لئے مجھ جیسے لکھنے والوں سے بھی یہ امید باندھ لیتے ہیں کہ وہ ہر معاملے کو "حق وصداقت" کے پیمانے میں تولیں۔ جو بات درست نظر آئے اس کی حمایت میں ڈٹ کر کھڑے ہو جائیں۔ "سچ" کی خاطر نوکری تو کیا جان سے بھی جانا پڑے تو "فکر ناٹ"۔ پڑھنے والوں کو "سواد" تو آجائے گا۔ یہ الگ بات ہے کہ "قدم بڑھاؤ ہم ..." نوعیت کی بلاشیری عموماً سوشل میڈیا پر بنائے ان اکاؤنٹس کے ذریعے ملتی ہے جو لوگوں نے فرضی ناموں سے بنائے ہوتے ہیں۔ ان میں سے اکثر غیر ملکوں میں مقیم ہیں۔ مجھے شبہ ہے کہ ان کی اکثریت یورپ اور برطانیہ کے سوشل ویلفیئر کے نظام سے بیروزگاروں کو ملے وظیفے سے گزارہ کرنے کو مجبور ہے اور اپنے دلوں میں آئے اضطراب وغصے کو سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارموں کے ذریعے دوسروں تک پہنچانے میں مصروف رہتی ہے۔ حقیقت مگر یہ بھی ہے کہ جنگل کے شیروں کو شکار کے لئے گھیرنے کو ہانکا کرنے والے گروہ کی طرح یہ افراد صحافیوں کی اکثریت کو اپنی خواہشات کا اسیر بنا چکے ہیں۔ پرانی وضع کے صحافی ان کی توقعات پر پورا نہ اترنے سے خوف کھاتے ہیں۔ عمر کے آخری حصے میں داخل ہو کر مجھ ایسے لوگ اس گروہ کے خوف سے اعتماد بھی کھو دیتے ہیں۔

یہ جو تمہید باندھی ہے اسے پڑھتے ہی اس کالم کے قارئین کو بخوبی اندازہ ہو گیا ہوگا کہ میں اس بحث میں الجھنا نہیں چاہتا کہ آرمی چیف سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کا اعزاز ملنا قابل تحسین ہے یا نہیں۔ ناک کو ہاتھ گھما کر پکڑنے کے بجائے سیدھی بات کریں تو 6 اور 7 مئی کی رات سے ہم سے کہیں بڑے اور اقتصادی اعتبار سے بہت طاقتور ہوئے بھارت نے جدید ترین آلات جنگ کے ذریعے پاکستان پر حملہ کیا۔ عالمی سطح پر مستند گردانے "نیویارک ٹائمز" نے تین روز قبل شائع ہوئی ایک رپورٹ کے ابتدائیے میں اعتراف کیا کہ 1971ء کی جنگ کے بعد 2025ء کی 6 اور 7 مئی کی درمیانی رات پاکستان کو "Expansive" حملے کا سامنا کرنا پڑا۔ جو اصطلاح استعمال ہوئی وہ سادہ ترین الفاظ میں ایسے حملے کا ذکر کرتی ہے جس کے دوران ایک ملک دوسرے ملک کو اپنے پاس موجود تمام تر حربی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے زمین سے لگانے کی کوشش کرتا ہے۔ اسی رپورٹ میں تاہم "نیویارک ٹائمز" نے بالآخر نتیجہ یہ نکالا کہ پاکستان کے خلاف ہمہ جہتی اور بھرپور حملے کے باوجود بھارت اپنے اہداف کے حصول میں ناکام رہا۔ دنیا عرصہ ہوا پاکستان کو "دہشت گردوں کا سرپرست" شمار کرتے ہوئے بھلا چکی تھی۔ اس کی معیشت زبوں حالی کا شکار ہے۔ بھارت اس کے مقابلے میں سفارتی اور اقتصادی اعتبار سے چھلانگیں لگا کر آگے بڑھتا نظر آ رہا تھا۔ "کشمیر" کا ایشو بھی دنیا بھلا چکی تھی۔ 6 اور 7 مئی کی درمیانی رات پاکستان سے جنگ چھیڑ کر مگر بھارت نے خود کو ایک بار پھر جنوبی ایشیا تک محدود ہوا ایک ملک ثابت کیا ہے جس کا ازلی دشمن پاکستان ہے۔

پاک-بھارت جنگ کو دنیا کا واحد سپر طاقت کہلاتا ملک-امریکہ- ایٹمی جنگ میں بدلتا ہوا دیکھ رہا تھا۔ اسی باعث امریکی صدر اسے رکوانے کو متحرک ہوئے۔ ساٹھ سے زیادہ مرتبہ کیمروں کے روبرو اس کا اظہار کر چکے ہیں کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان ہولناک ایٹمی جنگ انہوں نے رکوائی ہے۔ ان کی کاوشوں کو کھل کر سراہا نہیں جارہا۔ ٹرمپ کے کردار کو نظرانداز کرتے ہوئے مکدی گل پر آ جائیں تب بھی یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ بھارت نے جدید ترین جنگی ہتھیاروں کو بروئے کار لاتے ہوئے 6 اور 7 مئی کی رات ہم پر جو جنگ مسلط کی تھی اس کے نتائج ہولناک ہو سکتے تھے۔ ہم نے مگر اس کے حملے کو پسپا کر دیا۔ وہ ناکام نہ ہوا ہوتا تو فقط چار دن بعد ہی جنگ بندی کو آمادہ نہ ہوتا۔ بھارتی حملے کو پسپا کرنے کی کمان جنرل عاصم منیر کے پاس تھی۔ وہ اپنا فریضہ نبھانے میں کامیاب رہنے کی وجہ سے فیلڈ مارشل کا اعزاز حاصل کرنے کے مستحق ثابت ہوئے۔

"فیلڈ مارشل" ہر اعتبار سے ایک اعزازی عہدہ ہے۔ اس کی بدولت آپ کو نیا دفتر نہیں ملتا۔ نہ ہی تنخواہ میں اضافہ ہوتا ہے۔ جنرل عاصم منیر کے اختیارات "فیلڈ مارشل" کا اعزاز مل جانے کے بعد ویسے ہی رہیں گے جیسے منگل کی دوپہر تک تھے۔

ان سے قبل ایوب خان بھی فیلڈ مارشل کہلائے جاتے تھے۔ انہوں نے یہ اعزاز مگر کوئی جنگ لڑے بغیر مضحکہ خیز انداز میں حاصل کیا تھا۔ 7 اکتوبر 1958ء میں اس وقت کے صدر سکندر مرزا نے مارشل لاء لگانے کا اعلان کیا۔ مارشل لاء کا اعلان ہوا تو عسکری قیادت نے فیصلہ کیا کہ ان کی قوت کی بدولت جو "انقلاب" لایا جارہا ہے اس کا کریڈٹ سکندر مرزا کیوں لے۔ انہیں صدارت سے ہٹا دیا گیا۔ ایوب خان اس کی جگہ صدر منتخب ہوئے تو فیلڈ مارشل کا اعزاز حاصل کرنے کے بعد جنرل موسیٰ کو افواج کا کمانڈر ان چیف لگانے کے بعد ملک کو صدارتی نظام کے ذریعے "خوش حالی" کی راہ پر چلانا شروع ہو گئے۔ دس سال اقتدار میں رہنے کے بعد مگر استعفیٰ دینے کو مجبور ہوئے۔

جنرل عاصم منیر کی صورت ایسا نہیں ہوا ہے۔ ہمارے ہاں کا ہائی برڈ کہلاتا نظام بھی منگل کے بعد اپنی جگہ موجود ہے۔ وہ 7 اکتوبر 1958ء کی طرح "انقلاب" کا خواہش مند نہیں۔ وزیراعظم کو پارلیمان نے چنا ہے۔ ان کی قیادت میں قائم ہوئی کابینہ نے بھارتی حملے کو پسپا کرنے میں جنرل عاصم منیر کے کردار کو سراہتے ہوئے انہیں فیلڈ مارشل کے اعزاز سے نوازنے کی منظوری دی ہے۔ وفاقی کابینہ میں مذکورہ اعزاز کی تجویز دینے سے قبل وزیراعظم نے صدر مملکت سے مشاورت کی۔ صدر کا تعلق پیپلز پارٹی سے ہے۔ وزیراعظم کی مسلم لیگ اور صدر کی پیپلز پارٹی کئی برسوں تک جنرل مشرف اور جنرل ضیاء کے لگائے مارشل لاؤں کی مزاحمت کرتی رہی ہیں۔ پیپلز پارٹی نے اس کے باوجود جنرل کیانی کی بطور آرمی چیف میعاد ملازمت میں توسیع کی تھی۔ عمران خان "بدی کی علامت" ٹھہرائی دو "موروثی جماعتوں" یعنی پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (نون) کے مقابلے میں ابھرے یا ابھارے گئے تھے۔ انہوں نے وزیراعظم منتخب ہونے کے بعد اپنے آرمی چیف کی میعاد ملازمت میں تین سال بڑھائے تھے۔ خلیل جبران کی نقالی میں "حیف ہے اس قوم پر" کی دہائی مچانے والے سپریم کورٹ کے بانکے خان جج آصف سعید کھوسہ کو یہ فیصلہ پسند نہ آیا۔ معاملہ سپریم کورٹ تک پہنچا۔ اس کی سماعت کے دوران بڑھکیں لگانے کے بعد معاملہ پارلیمان کے سپرد کر دیا گیا۔ قومی اسمبلی اور سینٹ نے علیحدہ علیحدہ مگر بارہ منٹ کی ریکارڈ مدت میں باجوہ کی توسیع کا فیصلہ منظور کر لیا۔ ایک دوسرے کو پارلیمانی فلور پر جھگڑالو عورتوں کی طرح کوسنے دینے کے باوجود تحریک انصاف، مسلم لیگ (نون) اور پیپلز پارٹی نے باجوہ کی میعاد ملازمت میں توسیع کے فیصلے کی حمایت میں ووٹ ڈالا۔ نام نہاد "ہائی برڈ" نظام اس دن سے مستحکم سے مستحکم تر ہو رہا ہے۔ اس کی وجہ سے اختیارات بنیادی طور پر منتخب سیاستدانوں کے محدود ہوئے ہیں۔ مجھ جیسے دو ٹکے کے صحافی باجوہ کی میعاد ملازمت میں توسیع کی حمایت کرنے والے سیاستدانوں کی پھنے خانی بحال کرنے کے لئے لہٰذا نام نہاد حق وصداقت کا ڈھول کیوں پیٹیں۔

بدلتے زمانے میں غلامی کی بدلتی شکلیں

قدیم زمانے میں جب طاقتور قومیں کمزوروں پر حملہ کرتی تھیں تو ان کے تین مقاصد ہوتے تھے۔ مال غنیمت کو لوٹنا، مفتوح قوم کی زمینوں پر قبضہ کرنا اور جنگی قیدیوں کو غلام بنانا۔ ابتداء میں جنگی قیدیوں کو فتح کے بعد قتل کر دیا جاتا تھا، تاکہ وہ ان کے لیے خطرے کا باعث نہ بنیں لیکن بعد میں اس پالیسی کو بدلا گیا اور قیدیوں کو یا تو فاتح لشکر میں بطور انعام تقسیم کر دیا جاتا یا انہیں غلام بنا کر اور غیر مسلح کر کے منڈیوں میں فروخت کر دیا جاتا۔ جب مفتوح قوموں کو غلام بنانے کا رواج شروع ہوا تو غلاموں کی تجارت کرنے والے تاجر مع رقم اور سواریوں کے میدان جنگ میں پہنچ جاتے تھے اور وہاں غلاموں کو خریدتے تھے۔ فروخت ہونے والے غلاموں کو ان کے خاندان سے جدا کر دیا جاتا تھا، کیونکہ بیٹے کو کسی ایک تاجر نے اور باپ کو کسی دوسرے تاجر نے خریدا، نتیجہ یہ نکلتا تھا کہ یہ فروخت ہونے والے غلام اپنے رشتے داروں کو زندگی میں دوبارہ نہیں دیکھ پاتے تھے۔ تاجران غلاموں کو شہروں کی مختلف منڈیوں میں لے جا کر فروخت کر دیتے تھے اور اس انسانی کاروبار میں ان کے لیے بڑا منافع تھا۔ ایتھنز کی جمہوریہ میں غلامی کے ادارے کی اہمیت تھی۔ ایک تو جنگی قیدی غلام ہوتے تھے، دوسرے وہ غریب لوگ جو اپنا قرض ادا نہیں کر پاتے تھے، انہیں بھی غلام بنالیا جاتا تھا۔ بعض غریب اپنے بچوں کو قرض ادا نہ کرنے کی صورت میں ادائیگی کے بدلے قرض خواہ کو دے دیتے تھے۔ غلام عورتوں کے بچوں کو بھی غلام ہی مانا جاتا تھا۔ قانونی طور پر غلام مالک کی ملکیت ہوتا تھا۔ اس کی اپنی نہ تو کوئی شناخت ہوتی تھی اور نہ ہی کوئی حقوق۔ غلاموں کو ووٹ دینے کا حق نہیں تھا، یہ گھریلو کاموں کے بھی ذمہ دار ہوتے تھے کیونکہ عورتیں گھر سے باہر نہیں نکل سکتی تھیں۔

چوتھی صدی قبل مسیح میں سولن نامی قانون دان نے نئے قوانین میں ممنوع کر دیا کہ یونانیوں کو غلام نہیں بنایا جا سکتا، بلکہ جن یونانی غلاموں کو ایتھنز سے باہر فروخت کر دیا گیا تھا، انہیں بھی واپس لایا جائے۔ ٹرائے کی جنگ میں جب مفتوحہ عورتوں کو بطور غلام تقسیم کیا جاتا تھا تو ان میں امیر وغریب بھی عورتیں ایک ہی صف میں کھڑی کر دی جاتی تھیں۔ ایتھنز کے ڈرامانگار یوریپڈیز نے "ٹروجن عورتیں" کے نام سے ایک ڈرامہ پیش کیا تھا، جس میں مفتوحہ عورتیں اس تشویش میں مبتلا تھیں کہ نہ جانے ان کو کس کا غلام بننا پڑے اور یوں پوری زندگی غلامی میں گزر جائے گی۔ یونانی فوج کا سربراہ آگاممنون جب جنگ سے واپس یونان آیا تو اپنے ساتھ ایک کنیز کو بھی لایا تو اس پر اس کی بیوی نے اپنے شوہر کو قتل کر دیا۔

غلامی معاشرے کے لیے ایک المیہ تھی۔ معاشرے کے مفکرین اور فلسفیوں کا یہ دستور رہا ہے کہ حکمران طبقوں کی حمایت میں ہر اس ادارے کو جائز قرار دے دیتے ہیں، جو ان کے لیے فائدہ مند ہوتا ہے۔ ارسطو نے بھی غلامی کی حمایت میں کئی دلائل دیے۔ اس کی دلیل کے مطابق یہ قدرت کا اصول ہے کہ کچھ لوگ حکومت کرنے کے لیے پیدا ہوتے ہیں اور کچھ ان کی خدمت کے لیے، لہٰذا غلاموں کو اپنے مالک کا وفادار ہونا چاہیے۔ ارسطو کا یہ بھی کہنا تھا کہ غلاموں کی وجہ سے مفکرین، فلسفیوں، ادیبوں اور شاعروں کو روزی کے لیے محنت ومشقت نہیں کرنی پڑتی اور وہ سکون سے بیٹھ کر تخلیقی کاموں میں مصروف رہتے ہیں۔ اس کی دلیل یہ بھی تھی کہ حکمران طبقے کو فرصت کے لمحات ملنے چاہئیں تاکہ وہ غور وفکر کر سکیں۔

وقت کے ساتھ غلامی کا ادارہ تو ختم ہو گیا لیکن موجودہ دور میں غلامی نئی شکلوں میں وجود میں آئی ہے۔ مثلاً برصغیر میں اچھوت یا دلت ذات کے لوگ آج بھی غلام ہیں۔ فیکٹریوں میں کام کرنے والے مزدور سرمایہ دار کے غلام ہیں۔ دفتروں میں کام کرنے والے چپڑاسی اور کلرک عہدیداروں کے غلام ہیں۔ گھریلو کام کرنے والے ملازم مالک یا مالکہ کے غلام ہیں۔ غلامی کی یہ نئی شکلیں ہیں کیونکہ جب تک کسی فرد کو اس کے بنیادی حقوق نہیں ملیں گے اور معاشرے میں اس کو مساوی مقام نہیں دیا جائے گا تو وہ کسی نہ کسی شکل میں غلام ہی رہے گا۔

"آپریشن سندور" کا حاصل؟؟

دنیا میں انتقام کی آگ اتنی گھٹیا ہوتی ہے کہ جس کا اگلا سرا معلوم نہیں ہوتا، آج تک جتنی بدترین خونی جنگیں لڑی گئی ہیں اکثر ان کی ابتدا بہت چھوٹی باتوں سے ہوئی ہے لیکن پھر وہ رنجشیں انتقام کی آگ میں آگے بڑھ کر بہت کچھ بھسم کر ڈالتی ہیں۔ پہلگام میں جو اندوہناک انسانی سانحہ ہوا، جس طرح چھبیس بے گناہ اور معصوم انسان اپنی فیملیوں کے سامنے مارے گئے اس کی پوری دنیا میں غم وغصے کے ساتھ مذمت کی گئی، خود انڈیا کی مودی سرکار کے لیے بہتر یہی تھا کہ وہ اندرون ملک بپھرے ہوئے جذبات کو مزید بھڑکانے یا مشتعل کرنے کی بجائے اس ایشو کو عالمی سطح پر سفارتی ذرائع سے اٹھاتی اگر یہ لوگ صبر اور حوصلے سے کام لیتے ہوئے بڑے پن کا مظاہرہ کرتے تو اس سے نہ صرف انڈیا کی نیک نامی اور وقار میں اضافہ ہوتا بلکہ جن پر یہ الزامات عائد کیے جا رہے تھے ان کی اخلاقی حوالوں سے ان کے لیے اچھی خاصی مشکلات پیدا ہوتی چلی جاتیں۔

مودی سرکار نے بالآخر متوقع "آپریشن سندور" کے تحت پاکستان پر جو چوبیس میزائل داغے ہیں ان کے ذریعے مظفر آباد، کوٹلی، باغ، مریدکے، بہاولپور اور احمد پور شرقیہ سمیت 9 مقامات کو ٹارگٹ کیا گیا ہے ان میں اگر کوئی اتنگی مرتا پھر تو افسوس نہ ہوتا مگر سرکاری رپورٹ کے مطابق مختلف عمارات سمیت 26 شہری جاں بحق اور 46 زخمی ہوئے ہیں انڈین میڈیا کے مطابق انہوں نے اتنک واد کے اڈوں کو نشانہ بنایا ہے کسی ملٹری بیس پر حملہ نہیں کیا الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق بھارت کا دوران امن پاکستان پر یہ سب سے بڑا میزائل حملہ تھا۔ سوال یہ ہے کہ بھارت کو اس سے سوائے اپنی انا کی تسکین یا انتقام کی آگ کو ٹھنڈا کرنے کے حاصل کیا ہوا ہے؟ کون سا اتنگی مرا ہے؟ اس سے پاکستان کے ڈیفنس یا معیشت کو کیا نقصان پہنچ گیا ہے؟؟ الٹی سانحہ پہلگام کے بعد انڈیا کے ساتھ عالمی ہمدردی کی جو لہر چل رہی تھی اب اس کے برعکس انڈیا کے سب سے بڑے اتحادی امریکی صدر ٹرمپ نے بھی اس صورتحال کو شرمناک قرار دیا ہے۔ یو این کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے اس بھارتی حملے کے بعد کہا ہے کہ وہ اس پر بہت پریشان اور فکرمند ہیں اور یہ کہ دنیا بھارت اور پاکستان کے درمیان کسی بھی جنگ کی متحمل نہیں ہو سکتی لہٰذا دونوں ممالک تحمل کا مظاہرہ کریں۔

درویش کا انڈین ذمہ داران سے سوال ہے کہ آپ کے اس انتقامی حملے سے کیا اتنک واد ختم ہو جائے گا؟ یا مزید تیزی پکڑے گا؟ سانحہ پہلگام میں مرنے والے چھبیس انسان بے گناہ اور معصوم تھے اسی پس منظر میں بتایئے کہ آپ کے اس "آپریشن سندور" میں مرنے والے کیا معصوم کی بجائے دہشت گرد تھے؟ جن سہاگنوں کے سندور کی آپ بات کر رہے ہیں کیا ان بے گناہ آٹھ اموات اور پچیس زخمیوں کے بعد ان کی مانگ میں سندور آ گیا ہے؟

کیا آپ سمجھتے ہیں کہ اس سے اصل اتنک وادی مارے گئے ہیں؟ اتنے بڑے طوفان کے بعد بھی کیا وہ اپنے ان اڈوں پر بیٹھے ہوئے تھے اس انتظار میں کہ اب انڈیا والو آؤ اور ہمیں مار ڈالو، کسے معلوم نہیں تھا کہ آپ لوگوں کا اولین جوابی ٹارگٹ لشکر طیبہ یا جیش محمد جیسی تنظیموں کے مراکز ہوں گے، جب عام سے عام بندے کو یہ معلوم تھا تو وہ جو اصل اتنک وادی ہیں کیا وہ اتنے بیوقوف تھے کہ آرام سے اپنے ان ٹھکانوں میں براجمان مرنے کے لیے تیار بیٹھے رہتے؟ آپ نے سوائے اپنے جنونی لوگوں کو خوش کرنے کے اور خود اپنے اخلاقی چہرے کو داغدار کرنے کے کچھ حاصل نہیں کیا۔ رہ گیا ہمارا ملک پاکستان آپ لوگوں نے خود اسے ایک نوع کا جواز فراہم کر دیا ہے کہ وہ بھی بدلے کی آگ میں جلتے ہوئے آپ کی طرف بارود پھینکے۔ مان لیتے ہیں کہ انہوں نے آپ کے ایئرپورٹ تباہ کیے ہیں نہ چیک پوسٹیں اڑائی ہیں اور نہ پانچ طیارے گرائے ہیں، یہ سب سرکاری پروپیگنڈہ ہے لیکن ذرا سوچیے اس حملے کے بعد کم از کم وہ بھی آپ کی طرف پھول تو نہیں بھیجیں گے؟ تو پھر آپ کو اس سب سے حاصل کیا ہوا؟ حاصل یہ ہوا ہے کہ بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں کچھ دہشت گردوں کے ہاتھوں ہمارے جو 7 جوان شہید ہوئے ہیں پاکستان کے اس دعوے کو آپ لوگوں نے یہ جواز کیا خود فراہم نہیں کر دیا ہے کہ آپ بھی اتنک وادی وہی حرکتیں کر رہے ہیں جن کا رونا آپ کشمیر کے حوالے سے روتے چلے آ رہے ہیں اخلاقیات کا مسلمہ عالمی اصول ہے کہ آپ کو اپنے حریف سے جس برائی کی شکایت ہے کم از کم آپ خود تو اس کے مرتکب نہ ہوئے ہوں آپ کا اپنا دامن تو صاف ہو بصورت دیگر آپ کس اصول کے تحت اسے مطعون کر سکتے ہیں؟ کیا آپ اس طرح اسے نیا جواز فراہم نہیں کر رہے کہ وہ اپنی وہی کارروائیاں حسب سابق جاری وساری رکھے، جن کا اصل نقصان ان کو نہیں آپ کو ہے ان کے لیے کھونے کو وہ کچھ نہیں ہے جو آپ لوگوں کے پاس ہے۔ آپ ہی کے زیر قبضہ کشمیر میں وہ مقامات ہیں جنہیں چھوٹے سوئٹزرلینڈز کہا جاتا ہے کیا اتنک واد کی ایسی بڑھتی فضا میں وہاں کی سیاحت اوپر اٹھ سکے گی؟ کیا انڈین کشمیر کے عوام کی محرومیاں دور ہو سکیں گی؟ امن وسلامتی کی اتنی ضرورت ہمیں نہیں ہے جتنی آپ لوگوں کو ہے مگر آپ کی بڑھاوا دی گئی موجودہ جنگی فضا کا اصل نقصان تو آپ لوگوں کو ہوگا ہماری حکمران اسٹیبلشمنٹ کو تو ایک طرح سے فائدہ پہنچ رہا ہے ہمارے ہائبرڈ سسٹم میں جس نوع کا انتشار ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا آپ لوگوں نے ایسی فضا بنا دی ہے کہ آج پاکستان میں نفرت کا بیوپار کرنے والے تمام جنونی ذہنیت والے خوش ہیں آج پورے پاکستان میں آمریت کے بدترین مخالفین بھی ہماری عسکری قیادت کی جے جے کے نعرے لگا رہے ہیں بدترین مخالف بھی جنرل عاصم منیر کے ترانے پڑھنے لگے ہیں آج ہمارے جناح تھرڈ کی پارٹی بھی اس کے خلاف زبان کھولنے کا یارا نہیں رکھتی ورنہ وہ غدار اور ملک دشمن قرار پائے گی انڈیا سے محبت اور دوستی کے درویش جیسے پرچارک بھی اب اس فضا میں کچھ بولنے یا لکھنے سے قاصر ہیں بصورت دیگر ایسی کسی بھی اختلافی بات کو حب الوطنی کے خلاف گردانا جائے گا۔

اپنے پاکستانی ذمہ داران کی خدمت میں بھی درویش کی گزارش ہے کہ اس ملک بدنصیب کی معیشت پہلے ہی قرضوں میں ڈوبی ہوئی ہے مہنگائی بے روزگاری سیاسی عدم استحکام اور مذہبی جنونیت نے سوائے چند لاکھ مراعات یافتہ طبقات کے دیگر پچیس کروڑ انسانوں کی زندگیاں برباد کر رکھی ہیں یہاں لوگوں کو جان کے لالے پڑے ہوئے ہیں۔ پہلے سے موجود ملک ہم سے سنبھالا نہیں جارہا نئی فتوحات ہم نے کیا خاک کرنی ہیں، کیسے کرنی ہیں اور کیوں کرنی ہیں؟ کشمیر کشمیر کھیلتے ہوئے ہم لوگ پہلے ہی اپنا آدھا ملک گنوا چکے ہیں اب بلوچستان کے حالات بھی سخت دگرگوں ہیں اوپر سے پانی کا نیا پنگا پڑنے والا ہے۔ افسوس یہاں آزادی اظہار میسر نہیں ہے ورنہ ہمارے اس تضاد دستان کو آنے والے ماہ وسال میں جو مشکلات پیش آنے والی ہیں ان کے ایک ایک پہلو کی ایسی واضح نشاندہی کروں کہ آنکھیں کھل جائیں، انڈیا دشمنی میں آپ لوگوں نے خود کو برباد کر لیا ہے۔

ہر دو ممالک کے بھڑکاؤ میڈیا کی خدمت میں بھی دست بستہ التماس ہے کہ وہ جلتی پر تیل کا گھٹیا "فریضہ" ادا کرنا ترک کر دے ایک نفرت ہمیشہ دوسری بدتر نفرت کو جنم دیتی ہے ایک جھوٹ کے ساتھ دس جھوٹ مزید بولنے پڑتے ہیں، فالس فلیگ آپریشن جیسا گھناؤنا پروپیگنڈہ، غلط الزامات اور تھرڈ کلاس ٹھٹھے بازیوں سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ آپ لوگوں کے جھوٹوں اور بڑھک بازیوں سے نہ ہندوستان نے ختم ہو جانا ہے نہ پاکستان نے ٹکڑے ہو جانا ہے البتہ اس سے پونے دو ارب انسانوں کی زندگیاں ضرور بدحالی کا شکار رہیں گی

ہندوتوا اور بھارتی مسلمان

ہندوتوا کے نظریے نے بھارت میں بسنے والے مسلمانوں کو ایک مشکل صورتحال سے دوچار کر دیا ہے۔ کیا ہم ان کی کوئی مدد کر سکتے ہیں؟ اس باب میں ہماری اخلاقی ذمہ داری کیا ہے؟

جاوید اختر صاحب پر ترس کھانا چاہیے۔ بقا کی جنگ میں ایسے ہی ہوتا ہے۔ شبانہ اعظمی صاحبہ کا ایک انٹرویو بھی سنا تھا۔ وہ مرثیہ خواں تھیں کہ ممبئی میں مسلمانوں کو مکان کرائے پر نہیں ملتا۔ ان کے شوہر کو جو ایک مسلمان گھرانے میں پیدا ہوئے اسی شہر میں رہنا ہے تو انہیں مکان چاہیے۔ اس لیے وہ اپنی مسلم شناخت سے دست بردار ہو گئے۔ یہ معمولی حادثہ نہیں کہ کوئی بقا کی جدوجہد میں اپنی شناخت کھو دے۔ وہ ہمدردی کے مستحق ہیں۔ ایسے ماحول میں اگر کوئی فرد یا گروہ اپنے اخلاقی وجود کو برقرار رکھتا ہے تو اسے خان بہادر کا خطاب ملنا چاہیے۔

بھارت کے مسلمان دوہرے عذاب کا شکار ہیں۔ ایک تاریخی واقعات سے برآمد کیا گیا اور دوسرا نظریاتی ہے۔ ان کے ہم مذہبوں نے برصغیر پر صدیوں حکمرانی کی ہے۔ وہ باہر سے آئے اور مقامی آبادی پر حکمران بن گئے جس کی اکثریت ہندو تھی۔ وہ سلطنتوں کا دور تھا اور حکمرانی کا حق فاتحین ہی کیلئے ثابت تھا۔ اسی اصول پر مسلمان بھی یہاں کے حکمران بنے۔ انہوں نے دوسرے فاتحین کی طرح جبر کو اپنی طاقت کی اساس نہیں بنایا۔ ہندوؤں کی مذہبی وتہذیبی شناخت کا احترام کیا۔ جدید اصطلاح میں بات کی جائے تو مقامی آبادی کے بنیادی حقوق محفوظ رہے۔ یہی سبب ہے کہ ان کے خلاف مقامی آبادی کی طرف سے کبھی قابل ذکر بغاوت نہیں ہوئی۔

مسلمانوں کا طویل اقتدار ہندوؤں کے ایک طبقے کیلئے نفسیاتی روگ بن گیا جو اپنی مذہبی شناخت کے بارے میں زیادہ حساس تھا۔ جب انگریزی اقتدار سے آزادی کا لمحہ قریب آیا تو اس نفسیات کے زیر اثر پروان چڑھنے والی سوچ نے انگڑائی لی اور یہ چاہا کہ انگریزوں کے جانے سے اقتدار کی جو مسند خالی ہوگی اس پر ہندوؤں کا قبضہ ہو۔ یہ وہ دور تھا جب سیاسی منظر نامے پر ہندوستانی قومیت کا غلغلہ تھا اور یہ کہا جا رہا تھا کہ سب ہندوستانیوں کو مل کر انگریزوں کی غلامی سے نجات حاصل کرنی چاہیے۔ ان میں مسلمان بھی شامل تھے۔ قائداعظم محمد علی جوہر اور ابوالکلام آزاد کی سطح کے مسلمان۔

یہ سوال اہم تھا کہ انگریزوں کے بعد جو سیاسی بندوبست وجود میں آئے گا اس کے خدوخال کیا ہوں گے؟ اس پر کئی فارمولے زیر بحث رہے مگر کانگرس کی قیادت نے اس کو بحث کا مرکزی موضوع بنانے سے گریز کیا اور یہ تاثر دیا کہ یہ زیادہ اہم مسئلہ نہیں۔ تاہم اس دوران میں ایسے واقعات ہوئے جن سے اس خدشے کو تقویت ملی کہ نیا سیاسی نظم اگر جمہوری اصولوں پر آگے بڑھا تو ہندو اکثریت مسلمانوں کے تہذیبی وجود کیلئے خطرہ بن جائے گی۔ دنیا اب سلطنتوں کے عہد سے نکل کر قومی ریاستوں کے دور میں داخل ہو چکی تھی جس کے اجزائے ترکیبی میں جمہوریت کو بنیادی حیثیت حاصل تھی۔ جمہوریت کا مطلب تھا اکثریت کی حکمرانی۔

اس کے ساتھ مسلمانوں میں یہ سوچ بھی مستحکم ہو رہی تھی کہ وہ انسانوں کا ایسا گروہ نہیں جس کی سماجی وسیاسی حیثیت کا تعین گنتی سے ہوگا۔ ان کی ایک تہذیبی ومذہبی شناخت ہے اور وہ ایک قوم ہیں۔ نیا سیاسی بندوبست اسی وقت مسلمانوں کیلئے قابل قبول ہوگا جب وہ ان کی اس شناخت کا ضامن بنے گا۔ یہ بات بھی سامنے آئی کہ ہندو اور مسلم تہذیبوں میں بعض ایسے جوہری اختلافات ہیں جو ان کے ایک ساتھ رہنے میں مانع ہیں۔ اس لیے اگر نئے سیاسی نظم میں مسلم اکثریتی علاقوں کو خودمختاری مل جائے اور ہندوؤں کو ان کے اکثریتی علاقے میں یہی مقام مل جائے تو اس تقسیم سے پرامن بقائے باہمی ممکن ہو جائے گی۔

ایک اہم سوال مگر اس حل کے ہم رکاب تھا اور وہ یہ کہ ان خودمختار علاقوں میں اقلیتوں کا مستقبل کیا ہو گا؟ اس کا کوئی باضابطہ جواب تلاش کرنے کے بجائے اسے انسان کی اخلاقی حس پر چھوڑ دیا گیا کہ وہ اقلیت کے ساتھ حسن سلوک کا مظاہرہ کرے گا۔ اس 'اخلاقی حس' کا ظہور ہوا تو بدترین مذہبی فسادات پھوٹ پڑے۔ اسی اخلاقی حس کا ایک مظاہرہ باؤنڈری کمیشن نے کیا جب ناانصافی کی ایک داستان رقم کی۔ ان فسادات کی وجہ سے لاکھوں افراد نے ہجرت کی۔ لاکھوں قتل ہوئے۔ اتنی بڑی ہجرت کسی کے وہم وگمان میں نہیں تھی۔ یہ ہجرت نہیں تھی 'بڑا انسانی المیہ' تھا۔ اسی المیے نے پاک بھارت دشمنی کی بنیاد رکھ دی۔ وہ انتہاپسند ہندو ذہنیت جو انگریزوں کے جانے کے بعد پورے ہندوستان پر راج کرنے کا خواب دیکھ رہی تھی' اس نے 'مادر وطن' کی تقسیم کو جرم کہا اور مسلمانوں کو مجرم قرار دیا۔ اسی ذہنیت نے پاکستان کو ناکام بنانا چاہا مگر ان کا یہ وار خالی گیا۔ ان کا دوسرا نشانہ وہ مسلمان تھے جو بھارت میں رہ گئے۔ یہ مسلمان پاکستان کے حامی تھے لیکن ان کو شاید یہ گمان نہیں تھا کہ یہ تاریخی واقعہ خطے میں ایک مستقل دشمنی کی بنیاد بن جائے گا اور وہ اس کا ہدف بنیں گے۔ کانگرس میں جب تک مولانا ابوالکلام آزاد اور نہرو جیسی قد آور شخصیات موجود رہیں انتہا پسندوں کو زیادہ کامیابی نہیں ملی۔ مسلمانوں کے ادارے قائم رہے اور سیکولرازم کی بات ہوتی رہی جس کا مقصد یہ تھا کہ ایک مذہب کے پیروکار عددی اکثریت کی بنیاد پر دوسرے پر حاکم بنیں نہ اس کی تہذیبی شناخت کے درپے ہوں۔ قائداعظم نے بھی وہاں رہ جانے والے مسلمانوں کو یہی نصیحت کی وہ اپنی ریاست کے وفادار شہری بنیں۔ انتہا پسند ہندو ذہنیت کو مگر یہ گوارا نہیں تھا۔ یہ آگ آر ایس ایس کی صورت میں سلگتی رہی اور پھر ہندوتوا کی شکل میں شعلہ بن گئی۔ مودی سرکار نے اس پر مسلسل تیل ڈالا۔ اس کا ایک مقصد اکھنڈ بھارت کا قیام ہے۔ اس طرح یہ تاریخی واقعات نظریاتی سیاست کے ساتھ مل کر بھارتی مسلمانوں کیلئے دوہرا عذاب بن گئے۔ اس نے بھارت کے ہر مسلمان شہری کی ریاست سے وفاداری کو مشکوک بنا دیا۔ اب اسے اپنی وفاداری ثابت کرنے کیلئے جاوید اختر بننا پڑتا ہے۔

امن کا دھماکہ

جب دشمن جنگ مسلط کر دے تو ماسوائے مقابلے میں صف آرا ہونے کے اور کوئی گنجائش موجود نہیں رہتی ہے مگر اس کا یہ قطعی طور پر نتیجہ نہیں ہونا چاہیے کہ امن کی خواہش اور اس خواہش کو حقیقی روپ میں دیکھنے کی خواہش کو سرے سے ہی ترک کر دیا جائے۔ اگر ایک فریق صرف اپنی سیاسی زندگی کے لئے پونے دو ارب انسانوں کی زندگیوں سے کھیلنے پر آمادہ ہو جائے تو دوسرا فریق بھی اس کی ڈگر کو اختیار کر لے۔ جنگ اور نفرت سوائے تباہی لانے اور دل خراش داستانوں کے اور کوئی نتیجہ قوموں کے لئے نہیں لاتی ہے۔ ارنسٹ ہیمنگوے معروف ناول نگار تھا اور اس کی وجہ شہرت پہلی جنگ عظیم پر اس کا انیس سو انتیس میں شائع کردہ شاہکار ناول "اے فیئر ویل ٹو آرمز" رہا۔ ایک اطالوی فوجی اور برطانوی نرس کی داستان میں پہلی جنگ عظیم کے المیہ کو بیان کر دیا گیا۔ اس ناول پر اٹلی اور نازی جرمنی میں پابندی بھی عائد رہی۔ اس کے چند فقرے مجھے بہت پسند ہیں۔ " The world breaks everyone and afterward many are strong at the broken places. But those that will not break it kills. It kills the very good and the very gentle and the very brave impartially. If you are none of these you can be sure it will kill you too but there will be no special hurry." یہ چند فقرے بہت ہی تلخ حقیقتوں کو سامنے لے آتے ہیں۔ ذرا چشم تصور میں لائیے کہ انڈیا کے پاگل پن کا علاج اگر پہلے روز اور پھر دس مئی کی رات کو نہ کر دیا جاتا اور یہ جنگ خدانخواستہ پھیل جاتی تو اس کے کتنے ہولناک نتائج کا عوام کو سامنا کرنا پڑتا چاہے وہ عوام وطن عزیز کے ہوتے یا سرحد پار کے۔ حالاں کہ انتہائی دکھ ہوتا ہے کہ انڈیا کے عوام کی تربیت اس انداز میں کر دی گئی ہے کہ وہ پاکستان کے عوام کی تباہی دیکھنے کے اس حد تک مشتاق ہو چکے ہیں کہ ان کا چہرہ انڈین میڈیا کی جانب سے تیار کی گئی جھوٹ کی فیکٹری جس نے گوئبلز کو بھی مات دے دی کے وقت بالکل عیاں ہو گیا تھا۔ ان جھوٹی خبروں کو نشر کرنے کا کیا مطلب تھا؟ مطلب بالکل واضح تھا کہ انڈیا کے عوام اپنی ٹی وی سکرینوں پر یہ مناظر دیکھنے کے لئے تڑپ رہے تھے کہ خدانخواستہ پاکستان میں روتی عورتیں، معصوم بچوں کی لاشیں اور تڑپتے انسانوں کی، ان کے وہم وگمان کے مطابق لائن لگ چکی تھی اور اب انڈیا کے عوام اپنی ٹی وی سکرینوں پر اس بے بسی، درندگی کو دیکھ کر لطف اندوز ہونا چاہ رہے تھے۔

یہ انڈیا میں کس قسم کی ذہنیت کو تشکیل دیا جا چکا ہے؟ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس صورت حال کے نتائج مستقبل میں کیا برآمد ہو سکتے ہیں؟ اور یہ کہ کس قسم کے نتائج حاصل کرنے کی غرض سے پاکستان کو اقدامات کرنے چاہئیں۔ پاکستان نے اپنے سفارتی وفود عالمی رائے عامہ کو ہم خیال بنانے کی غرض سے دنیا بھر میں روانہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بہت مناسب اقدام ہے اور اس اقدام میں اس بات کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے کہ یہ افراد یہ صلاحیت رکھتے ہوں کہ دنیا بھر میں سفارت خانے کی مدد کے بغیر یہ پالیسی میکرز، قانون ساز اداروں کے اراکین اور تھنک ٹینکس سے وابستہ افراد سے ملاقات کر سکیں۔ کیوں کہ اگر ان افراد کو سفارت خانے کی ہی ضرورت ہے تو پھر ان کو روانہ کرنے کا کیا فائدہ ہوگا؟ اپنی یہ تجویز ایک اعلیٰ ترین وفاقی کابینہ کی شخصیت کے سامنے بھی رکھی ہے اور ان سے ذکر کیا کہ ماضی میں جب انڈیا میں نرسمہاراؤ کی حکومت تھی اس وقت انڈیا نے واجپائی کو جنیوا میں اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کمیشن میں روانہ کیا تھا اور ہماری طرف سے بھی افراد گئے تھے مگر پاکستان کو کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی کے حوالے سے قرارداد واپس لینی پڑ گئی تھی۔ اس ماضی سے سبق سیکھتے ہوئے ہمیں سفارت کاری کے میدان میں کوئی کسر نہیں چھوڑنی چاہیے۔

یہ تو فوری نوعیت کے امور ہیں، ایک مستقل نوعیت کی بھی حکمت عملی کو تیار کرنا چاہیے۔ جب انڈیا کے ایٹمی دھماکوں کے جواب میں پاکستان نے ایٹمی دھماکے کیے تھے تو اس سے قبل واجپائی پاکستان کو "تمیز" سکھانے کی رکیک گفتگو کر رہے تھے مگر پھر حالات نے پلٹا کھایا اور طاقت کا توازن برقرار رہنے کی وجہ سے ان کو خود چل کر لاہور آنا پڑا اور بد ترین کشیدگی میں سے امن کی جانب قدم بڑھا دیا گیا، اب بھی ایسی ہی کوشش کم از کم پاکستان کی جانب سے ہونی چاہیے تاکہ دنیا دیکھ سکے کہ پاکستان تنازعات کے حل کے لئے کتنا مخلص ہے۔ کیوں کہ اگر امن کا عمل شروع نہ کیا جا سکا تو موجودہ کشیدہ صورتحال بدستور برقرار رہے گی۔

ممکن ہے کہ کوئی اعتراض کرے کہ انڈیا کے تازہ ترین اقدامات کے بعد اور شکست کی وجہ سے انڈیا سے اس وقت امن کے لئے کوئی چینل قائم کرنا نہایت مشکل امر ہے۔ بات درست ہے مگر پاکستان کو ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے اور اس جنگ کے امکانی نقصانات سے نا صرف وطن عزیز کے عوام کو محفوظ رکھنے کے لئے بلکہ اپنے ہمسائے کی پرجا کو بھی کسی ہولناک صورت حال سے محفوظ رکھنے کے لئے ہر سعی بروئے کار لانی چاہیے۔ پاکستان نے اب بھی صرف فوجی تنصیبات پر حملہ کر کے اس بات کا ثبوت فراہم کیا ہے کہ پاکستان سول آبادی کو نقصان نہیں پہنچانا چاہتا۔ لیکن اس سب کے ساتھ ساتھ یہ بھی حقیقت ہے کہ انڈیا اپنی اس تازہ شکست سے بہت پیچ وتاب کھا رہا ہے اور خیال یہ کیا جارہا ہے کہ پاکستان سے جنگ کے دوران جو اس کی کمزوریاں عیاں ہوئی ہیں وہ ان پر قابو پا کر بہت جلدی جو کہ اگلے انڈین عام انتخابات سے قبل کا وقت ہوگا دوبارہ اسی قسم کی جنونیت دکھا دے گا اور بی جے پی کو اگلے عام انتخابات میں شکست سے کوئی ایسا ہی ایڈونچر بچا سکتا ہے۔ اگر ایسا ہوا تو یہ برصغیر تک ہی معاملہ محدود نہیں رہے گا کیوں کہ پاکستان بھی اب ہر وقت تیاری کی حالت میں رہے گا۔ اگر انتخابات میں کامیابی کی سوچ سے بلند ہو کر سوچا جائے تو کشیدگی کی انتہا ہی مذاکرات کی میز پر لے کر آئی ہے اور اب اس وقت موقع موجود ہے کہ امن کا دھماکہ کر دیا جائے۔

امن یا جنگ: فیصلہ بھارت کو کرنا ہے!

پاک بھارت تنازعہ کے حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف کا ایک بیان اور پاک فوج کے تعلقات عامہ کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا بی بی سی کو انٹرویو معاملہ کے کئی پہلوؤں کی نشاندہی کرتا ہے۔ ان دونوں کی باتوں میں پاکستان کی طرف سے امن کی خواہش اور بھارت کی غیر ضروری خود پسندی کا حوالہ موجود ہے۔ اس موقع پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر اپنا یہ دعویٰ دہرایا ہے کہ انہوں نے جنگ بندی کے لیے پاکستان اور بھارت کو تجارت کرنے کی پیشکش کی تھی۔ دونوں ملکوں کے لیڈروں کو بھی سمجھنا چاہیے کہ انہیں امریکہ کے 'خوف' کی بجائے اپنے عوام کی بہبود اور خطے کی بھلائی کے لیے ایک دوسرے سے برسرپیکار ہونے کی بجائے خوشگوار تعلقات بحال کر کے ریجنل تجارت کو فروغ دینا چاہیے۔ شہباز شریف کی میڈیا ٹاک اور آئی ایس پی آر کے ڈی جی کے بی بی سی کو انٹرویو میں کی گئی باتوں کو اگر آج خضدار میں ہونے والے دہشت گرد حملہ کے تناظر میں دیکھا جائے تو بات سمجھنے میں آسانی ہوگی۔ خضدار میں ایک اسکول بس پر خودکش حملہ میں پانچ افراد جاں بحق ہوئے ہیں جن میں تین اسکول کے بچے تھے۔ زخمی ہونے والے 52 افراد میں سے 38 اسکول کے بچے ہیں۔ اسکول کے بچوں پر یہ گھناؤنا حملہ ایک ایسے وقت ہوا ہے جب برصغیر میں دہشت گردی کے الزامات کی وجہ سے ہی پاکستان اور بھارت کے درمیان تناؤ وتصادم کی صورت حال موجود ہے۔ پاکستانی حکام اب بہت صاف الفاظ میں بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی میں بھارتی ایجنسیوں کے تعلق کی بات کرتے ہیں۔ بھارت کو اگر واقعی اس خطے میں امن درکار ہے اور وہ دہشت گردی سے نالاں ہے تو اسے ہمسایہ ملک میں ہونے والی قتل وغارت گری کا بھی اسی قدر احساس ہونا چاہیے جیسا وہ اپنے ملک میں کسی دہشت گردی کے بعد محسوس کرتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر نے آج خضدار حملہ کے بعد کوئٹہ کا دورہ کیا اور ہسپتال میں زخمیوں کی عیادت کی۔ ایک بیان میں ان دونوں نے 'دہشت گردی کو خارجہ پالیسی کا ہتھکنڈا' بنانے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اس دہشتناک فعل میں ملوث تمام افراد کا آخری حد تک پیچھا کریں گے۔ اس جرم کے منصوبہ سازوں، اس کی حوصلہ افزائی کرنے والوں اور اس کا ارتکاب کرنے والوں کو جوابدہ ٹھہرایا جائے گا اور انہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ ہندوستان دہشت گردی کا حقیقی مرتکب ہے لیکن خود کو مظلوم کے طور پر پیش کرنے کا ڈھونگ رچاتا ہے۔ اب اس کی حقیقت کو دنیا کے سامنے آشکار کیا جائے گا'۔ دیکھا جا سکتا ہے کہ پاکستانی لیڈر اب ملک میں ہونے والی دہشت گردی میں بھارت کے ملوث ہونے کی بات زیادہ شدت سے کر رہے ہیں۔ اس سے پہلے سرکاری طور سے بتایا جا چکا ہے کہ پاکستان کے پاس ایسے ٹھوس شواہد موجود ہیں جن سے ملک میں ہونے والی دہشت گردی کے واقعات میں بھارتی اشتراک وتعاون کا ثبوت ملتا ہے۔ بھارت کے حالیہ حملے اور اس کا مناسب جواب دینے کے بعد پاکستانی حکام زیادہ اصرار اور اعتماد کے ساتھ دہشت گردی میں بھارتی کردار کا حوالہ دینے لگے ہیں۔ اس معاملہ کا دلچسپ پہلو یہ بھی ہے کہ پاکستان نے تو پہلگام حملہ کے بعد اس سے لاتعلقی کا اظہار کیا اور اس کی مذمت بھی کی حتیٰ کہ اس سانحہ کی تحقیقات میں تعاون کرنے کی پیش کش بھی کی۔ لیکن بھارت پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی پر کبھی تبصرہ نہیں کرتا۔ اس کے برعکس بھارت نے طاقت ور ہونے کے گمان میں پاکستان پر حملہ کر دیا۔ اب نریندر مودی اور ان کی پارٹی عوام کے اس سوال کا جواب دینے میں ناکام ہو رہی ہے کہ اگر بھارت کامیاب تھا تو صدر ٹرمپ نے جنگ بندی کی ضرورت کیوں محسوس کی۔ بالفرض بھارت کا یہ دعویٰ مان بھی لیا جائے کہ جنگ بندی میں ٹرمپ کا کوئی ہاتھ نہیں ہے اور پاکستان نے ہی اس کی درخواست کی تھی تو بھارت نے ایک ایسے دشمن کو زیر کرنے کے بعد اچانک جنگ بند کرنے کی پیشکش کیوں قبول کر لی جسے تباہ کرنے کے دعوے کر کے ہندوستانی عوام کو بے وقوف بنایا جاتا رہا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے بی بی سی کو دیے گئے انٹرویو میں وضاحت سے بھارت کے ساتھ جاری تنازعہ پر بات کی ہے۔ ان کا دوٹوک موقف ہے کہ بھارت نے کسی ثبوت کے بغیر پہلگام سانحہ کا الزام عائد کرتے ہوئے پاکستان پر حملہ کیا اور منہ کی کھائی۔ بھارت کو یہ زعم تھا کہ وہ امریکہ یا روس کی طرح بڑی طاقت ہے اور کسی بھی وقت کسی بھی ملک پر حملہ کر کے اسے 'سزا' دے سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملک جوہری ہتھیاروں سے لیس ہیں۔ ان کے درمیان جنگ ناقابل تصور ہونی چاہیے۔ لیکن دیکھا گیا ہے کہ بھارت نے مسلسل جنگی صورت حال پیدا کی اور ایسے حالات پیدا کیے جن میں تصادم ناگزیر ہو جائے۔ انہوں نے کہا کہ 'داخلی سیاسی ضرورتوں کے لیے یہ طریقہ نامناسب اور ناجائز ہے اور اسے ختم ہونا چاہیے۔ ہم امن چاہتے ہیں لیکن اگر بھارت جنگ چاہتا ہے تو پھر جنگ ہی سہی۔ ہم اپنے وطن کے دفاع سے پیچھے نہیں ہٹیں گے'۔ اسی دوران وزیراعظم شہباز شریف نے سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کچھ اطمینان بخش باتیں کہی ہیں اور بتایا ہے کہ دونوں ملکوں کی فوجوں کو زمانہ امن کی پوزیشن پر واپس آنے پر اتفاق رائے ہو گیا ہے۔ اب کسی غیر جانبدار مقام پر بات چیت کا انتظار ہو رہا ہے جو دونوں ملکوں کے قومی سلامتی مشیران کے درمیان ہوگی اور اس میں امریکہ سہولت کاری کرے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ 'بات چیت میں پاکستان کی طرف سے 4 اہم نکات شامل ہوں گے۔ ان میں کشمیر، پانی، تجارت اور دہشت گردی شامل ہیں۔ کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے پیچھے بھارتی خفیہ ایجنسیاں ہیں۔ پاکستان بھارتی دہشت گردی کے ثبوت پوری دنیا کے سامنے رکھے گا'۔ امن کی خواہش اور اس کے لیے کوشش وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ پاکستان اور بھارت دونوں کے عوام کو غربت اور متعدد مسائل کا سامنا ہے۔ اگر ایک دوسرے کے ملک میں دہشت گردی اصل مسئلہ کی جڑ ہے تو اسے جنگ کی بجائے مذاکرات سے حل کرنے کی ضرورت ہے۔ بھارت میں اس وقت ضرور پشیمانی، شرمندگی، سیاسی شرمندگی اور حقائق کا سامنا کرنے سے نگاہیں چرانے کی صورت دیکھنے میں آ رہی ہے۔ اسی لیے بعض مبصرین اس خدشے کا اظہار کرتے رہے ہیں کہ نریندر مودی کی حکومت جنگ میں ناکامی کی خفت مٹانے کے لیے شاید ایک بار پھر پاکستان پر حملہ کرے۔ البتہ نئی دہلی کو خوب سوچ لینا چاہیے

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

حکومت پاکستان نے معرکہ حق 'آپریشن بنیان مرصوص' میں اعلیٰ حکمت عملی اختیار کرنے اور دشمن کو شکست فاش دینے پر جنرل سید عاصم منیر (نشان امتیاز ملٹری) کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے کی منظوری دی، جس کا نوٹیفکیشن جاری ہو گیا اور آرمی چیف فیلڈ مارشل بن گئے ہیں۔ انہیں فیلڈ مارشل بنانے کا فیصلہ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں ہوا۔ کابینہ کے شرکا کا اس موضوع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہنا تھا کہ حال ہی میں پاکستان تاریخ کے کٹھن مرحلے سے گزرا، 6 اور 7 مئی 2025ء کی درمیانی شب بھارت نے پاکستان پر بلااشتعال اور بلاجواز جنگ مسلط کی جس میں بھارت نے پاکستان کی شہری آبادی میں بے گناہ شہریوں بشمول خواتین اور بچوں کو نشانہ بنایا۔ اس طرح دشمن کی جانب سے پاکستان کی آزادی، خودمختاری اور سالمیت کو چیلنج کیا گیا اور سرحدی اصولوں کو پامال کرنے کی مذموم کوشش کی گئی۔ اس سے اگلے روز بھارت کی جانب سے پاکستان کے مختلف علاقوں میں ڈرونز، جن میں سے کچھ میں دھماکا خیز مواد بھی تھا، کی یلغار کی گئی۔ بھارت کا خیال تھا کہ ان ڈرونز سے پاکستانی عوام خوف زدہ ہو جائیں گے لیکن یہاں لوگوں نے ان ڈرونز کا شغل لگا لیا اور خوفزدہ ہونے کے بجائے ان کا پیچھا کر کے انہیں گرانے کی کوشش کرتے رہے۔ اندیشہ تھا کہ اگر بھارت کی اس جارحیت کا سدباب نہ کیا گیا تو حملوں کا سلسلہ دراز ہو جائے گا۔ یہی سوچ کر آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے مثالی جرأت اور عزم کے ساتھ پاک فوج کی قیادت کی اور مسلح افواج کی جنگی حکمت عملی اور کاوشوں کو بھرپور طریقے سے ہم آہنگ کیا۔ اس حقیقت سے کسی طور انکار ممکن نہیں کہ جنرل عاصم منیر کی بے مثال قیادت کی بدولت پاکستان کو معرکہ حق میں تاریخی کامیابی حاصل ہوئی۔

آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بنایا جانا ثابت کرتا ہے کہ پاکستانی حکومتیں اور عوام اپنے ہیروز کی قدر کرتے اور انہیں ہر لحاظ سے سرآنکھوں پر بٹھاتے ہیں۔ میری ذاتی رائے یہ ہے کہ پاکستان میں شاید ہی کوئی ہو جو حکومت کے اس فیصلے کے خلاف ہو، ورنہ تو سب کی رائے یہ ہے کہ جنرل عاصم منیر اس نئے پروٹوکول کے سوفیصد اہل تھے اور حکومت کا انہیں فیلڈ مارشل بنانے کا فیصلہ بالکل درست اور صائب ہے۔ حتیٰ کہ اپوزیشن کی جانب سے بھی حکومت کے اس فیصلے کی توصیف کی جا رہی ہے۔ تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے ایک بیان میں کہا کہ جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بنائے جانے کا فیصلہ خوش آئند ہے، سپہ سالار نے بھارت کے خلاف موجودہ کشیدگی میں بہترین کردار ادا کیا، بھارت کے خلاف مسلح افواج کے کردار کو سراہتے ہیں۔

ایک حدیث مبارکہ کا مفہوم اس طرح ہے: لوگو! دشمنوں سے مقابلے کی تمنا نہ کرو اور اللہ تعالیٰ سے عافیت طلب کرو لیکن جب ان سے مقابلہ ہو جائے تو ثابت قدمی سے کام لو اور جان لو کہ جنت تلواروں کے سائے تلے ہے۔ پوری قوم اللہ تعالیٰ کی شکر گزار ہے کہ پاکستان نے اس حدیث کے اصولوں پر پورا اترنے کی پوری کوشش کی۔ نہ پاکستان نے کبھی بھارت کے ساتھ جنگ کی خواہش کی نہ کبھی پہلے بھارت پر حملہ کیا اور نہ ہی بھارت کے داخلی معاملات میں مداخلت کی کوشش کی لیکن جب بھارت میں مودی سرکار کی تیار کردہ سازش کو عملی شکل دیتے ہوئے پاکستان کو دہشت گردی کے واقعہ پر مطعون کرنے کی کوشش کی گئی، نہ صرف مطعون کیا بلکہ سنگین نتائج کی دھمکیاں دی گئیں اور پھر رات کی تاریکی میں حملہ کر بھی دیا گیا۔ پاکستان کے پاس اس حملے کو روکنے اور جوابی حملہ کرنے کے سوا کوئی چارہ نہ تھا۔ دشمن نے ہم پر رات کے اندھیرے میں میزائل برسائے لیکن ہم جنگ میں بھی سنت رسولﷺ پر عمل پیرا رہے اور نماز فجر کے بعد غنیم کو جالیا اور ایسا کہ وہ سنبھل بھی نہ پایا اور نیست ونابود ہو گیا۔ اس حملے سے قبل ایک اور سنت بھی پوری کی گئی۔ نبی اکرمﷺ کا معمول تھا کہ جب بھی جنگ ہوتی تو پروردگار کے سامنے گڑگڑا کر فتح کے لیے دعا کیا کرتے۔ سننے میں آیا ہے کہ ہمارے سپہ سالار نے بھی اس سنت کو تازہ کرتے ہوئے 10 مئی کی صبح حملہ کرنے سے پہلے کئی حکومتی عہدیداروں کی موجودگی میں 45 منٹ گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے پاکستان کی فتح کی دعا کی تھی۔ وہ جو واحد اور لاشریک ہے اس کا اصول ہے کہ جسے چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ذلیل ورسوا کر دیتا ہے۔ ہمارے سپہ سالار کی دعا قبول ہوئی اور ساری کائناتوں کے مالک نے پاکستان کو وہ عزت دی جو رہتی دنیا تک قائم رہے گی اور دشمن کو ایسی شکست اور ذلت دے دی کہ وہ آئندہ پاکستان کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنے کے بھی قابل نہیں رہا۔

آرمی چیف سید عاصم منیر' جو اب فیلڈ مارشل بن چکے ہیں' کی جانب سے جوابی حملے کی ایسی شاندار منصوبہ بندی کی گئی کہ جارح جوابی حملے کے بعد آج تیرہویں روز بھی بیٹھا اپنے زخم چاٹ رہا ہے اور اس کی سمجھ میں اب تک یہ نہیں آیا کہ اس کے ساتھ ہوا کیا ہے۔ دشمن کو زعم تھا کہ اس کے رافیل طیارے کوئی نہیں گرا سکتا لیکن ہم نے گرا کر دکھائے۔ دشمن کو زعم تھا کہ اس سے پانچ گنا چھوٹا ملک اس پر جوابی حملہ کرنے کی جرأت نہیں کر سکے گا لیکن ہم نے جرأت کر کے دکھائی اور ایسی دکھائی کہ پوری دنیا حیران ہے اور دنیا کی واحد سپر پاور کا بادشاہ پاکستان کی تعریف کیے بنا رہ نہ سکا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی ٹی وی چینل فاکس نیوز کو دیے گئے انٹرویو میں پاکستانیوں کی ذہانت اور صلاحیتوں کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی ذہین لوگ ہیں' وہ حیرت انگیز اشیا تیار کرتے ہیں۔ امریکی صدر نے حیرت کا اظہار کیا کہ پاک امریکہ اچھے تعلقات کے باوجود باہمی تجارت بہت کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سے تجارت سے متعلق موثر بات چیت ہوئی ہم پاکستان کو نظرانداز نہیں کر سکتے کیونکہ تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے۔

پاک بھارت جنگ میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد پاکستان کے لیے عالمی اور مقامی سطح پر جو نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں ضروری ہے کہ ان سے فائدہ اٹھانے کے لیے بھی ویسی ہی جامع اور ٹھوس حکمت عملی تیار کی جائے جیسی جنگ کے دوران دشمن کا منہ کھلے کا کھلا رکھنے کے لیے کی گئی۔ یہ مواقع کیا ہیں' ان پر اگلے کالم میں بات کروں گا فی الحال یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس جنگ نے پاکستانیوں کو ایک قوم میں تبدیل کر دیا ہے تو اس اتحاد کو قائم اور برقرار رکھنے کے لیے کام ہونا چاہیے۔ جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بنائے جانے نے اس اتحاد اور اتفاق کی کیفیت کو دو چند کر دیا ہے اور یہ بات سو فیصد وثوق اور یقین کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ اس وقت پوری قوم ایک پیج پر ہے۔ ضروری ہے کہ اسے اس پیج سے باہر نہ نکلنے دیا جائے' اور اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ جو اتحاد' اتفاق اور جو ہم آہنگی پیدا ہوئی ہے اسے ایک سمت دی جائے۔ منزل کا تعین کیا جائے۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔اسود رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔2فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

پلاٹ نمبر CM-104 رقبہ 3100 فٹ واقع کریٹ بار دانہ مارکیٹ ہزار گنجی کوئٹہ کا 1550 فٹ جو کہ اس وقت اختر محمد ولد عبدالنظر کے نام پر ہے کی ٹرانسفر بنام محمد ادریس ولد عبدالجبار ہونا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No..........61414

تلاش گمشدہ

میری ایک عدد فائل جس میں لوکل سرٹیفکیٹ، پاسپورٹ نمبر KE-4157231، میٹرک، ایف ایس سی کی DMC اور پروویژنل سرٹیفکیٹ، OT کیلکیشن کی DMC شناختی کارڈ نمبر 5440170507233 کی فوٹو اسٹیٹ کاپی اور بی ایس سی کے دستاویزات بنام نادر خان ولد گل محمد بروز منوجان روڈ کے ایریا میں کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر 03362526422 پر مطلع کریں
R.No..........61412

درستگی نام ولدیت

میرا اصل نام عبدالقدیم ولد محمد سلیم کاکڑ ہے جبکہ وفاق المدارس کی اسناد میں غلطی سے میرے والد کا نام محمد سلیم لکھا گیا ہے لہٰذا درستگی کی جائے المشتہر عبدالقدیم ولد محمد سلیم کاکڑ
نمائندہ پشین..........

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420346202392 بنام محب اللہ ولد عبدالرحمن کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03083806247 مطلع کریں
نمائندہ میزئی اڈہ..........

چمن کے بابائے صحافت: شہید حاجی محمد رفیق اچکزئی کی حیات وخدمات

تحریر: محمد نسیم رنزوریار

برصغیر پاک وہند میں صحافت کا آغاز 1780 میں بنگال گزٹ نامی انگریزی اخبار سے ہوا جب سے لے کر آج تک اس خطے میں صحافت نے کئی نشیب و فراز دیکھے ہیں اور 236 سال کے اس سفر میں ہم نے کئی نامور صحافی بھی پیدا کیے ہیں۔ خبر اور تاریخ میں دلچسپی رکھنے والوں کے لیے یہ تمام تاریخ ایک کتاب میں سمیٹ دی گئی ہے جس کا نام "صحافت کی مختصر تاریخ" ہے اور اس کے مصنف سید بدر سعید ہیں۔ تاریخ صحافت کی دنیا میں ضلع قلعہ عبداللہ و ضلع چمن کو بھی شہید حاجی محمد رفیق اچکزئی کی صحافتی اور قبائلی خدمات کی بدولت سے اعلیٰ مقام حاصل ہوا۔ چمن کے بابائے صحافت کہلانے والے شہید حاجی محمد رفیق اچکزئی نے مشکل ترین حالات میں بھی اپنی صحافتی ذمہ داریوں کو انتہائی مثالی انداز میں نبھایا۔ صحافت کے میدان میں یہ وہ عظیم رہبر تھے کہ جنہیں اُس وقت ہر جگہ تک رسائی حاصل تھی مگر تاریخ اور عوام گواہ ہیں کہ بابائے صحافت نے کوئی جائیداد نہیں بنائی انہیں ان کے مثبت کارناموں اور یادگار صحافتی خدمات کی بدولت ہر دلعزیز شخصیت کا اعزاز حاصل رہا۔ شہید حاجی محمد رفیق اچکزئی چمن شہر کیلئے ایک روشن ستارے کی مانند تھے جس نے چمن شہر میں صحافت کی بنیاد رکھی محدود وسائل اور غربت کے باوجود صحافتی خدمات جوانمردی اور بلالالچ کے سرانجام دیئے آپ نے ایک غریب گھرانے میں آنکھیں کھولی آپ نے ابتدائی تعلیم گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول سے حاصل کی۔ زیادہ غربت کے باعث محنت و مشقت پر زیادہ توجہ دی۔ کیونکہ والد حاجی عبدالقادر معمولی سرکاری ملازم تھے اس وجہ سے گھر کا خرچہ بڑھ جانے پر آپ نے بھی محنت ومشقت شروع کر دی جس میں اخبار فروخت کرنا بھی شامل تھا۔ کوئٹہ سے پہلی چھپائی پر آپ نے مشرق اخبار کو چمن میں متعارف کرایا اور صحافتی آغاز سن 70 کی دہائی میں شروع کیا۔ جس کے بعد مزید اخباروں کی ترسیل چمن شروع ہونے پر نوجوان اور تعلیم یافتہ طبقہ کو صحافت میں اپنے ساتھ ملایا جس میں متعدد بڑے بڑے نام شامل ہیں مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ شاگرد استاد سے آگے نکلنے کی کوشش وجستجو میں رہتا ہے جس کے باعث اپنے استاد سے ایک حسد ان کے دل میں پیدا ہو جاتا ہے مگر ہمارے ہاں ایک مثال ہے زندہ ہوں تو (سب کا) جب (بچھڑ جائے) تو صرف خاندان تک محدود کر لیتے ہیں آو شہید حاجی محمد رفیق اچکزئی آپ کی خدمات بھی فراموش نہیں کی جاسکتیں شہید حاجی محمد رفیق اچکزئی نے ضلع چمن وقلعہ عبداللہ میں صحافت کی بنیاد رکھی چمن کے علاوہ بلوچستان کے دیگر اضلاع کے صحافیوں کے مسائل بھی بھی اجاگر کئے اور صحافت کی ترقی اور فروغ میں اپنا بھرپور حصہ ڈالا۔ غریبوں کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھاتے مظلوم کو ظالم کے شکنجے میں دیکھتے تو بے چین ہو جاتے اور جب تک مظلوم کو چھڑاتے نہیں چین سے نہ بیٹھتے۔ شہید حاجی محمد رفیق اچکزئی نے بہتر انداز سے صحافیوں کی رہنمائی کی ان کے دور صحافت میں بھی کئی ادوار میں صحافیوں پر مقتدر بنے ان کی آواز کو مقتدر حلقوں کی جانب سے دبانے کی کوشش کی مگر بابائے صحافت شہید حاجی محمد رفیق اچکزئی ان مشکل حالات میں صحافیوں کو یکجا کر کے قانونی طریقے سے مقتدر حلقوں کو یہ باور کرواتے کہ حقیقی صحافی جس کا ضمیر قوی ہو تا حق کی آواز بلند کرنے سے کبھی بھی پیچھے نہیں ہٹ سکتا اس وقت کے سخت حالات میں ہمیشہ سرخرو رہتے نوجوان صحافیوں کو علاقائی صحافت سے روشناس کراتے کہ قبائلی علاقے میں صحافتی خدمات کس طرح انجام دینا ہے اور صحافی بھی کسی تنظیم یا کسی ادارے کا ترجمان نہیں بن سکتا بلوچستان میں صحافیوں کو پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی کے دوران متعدد مسائل کا سامنا رہتا ہے شہید حاجی محمد رفیق اچکزئی کو ان کا اچھی طرح اندازہ تھا اسی لئے آپ نہ صرف خود پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی کے دوران غیر جانبدار رہتے بلکہ نوجوان صحافیوں کو بھی ہمیشہ یہی درس دیتے رہے کہ بطور رپورٹر آپ کا غیر جانبدار ہونا انتہائی ضروری ہوتا ہے صحافت سوسائٹی کی خدمت کا ذریعہ ہے اسے خدمت ہی کے لئے کرنا چاہئے ذاتی تعلقات، عہدے کے حصول کے لئے صحافت نہیں کی جاتی۔ آج کل تو خیر ابلاغ کے ذرائع نے ناقابل یقین حد تک ترقی کی ہے مگر آج سے تین چالیس سے قبل جب فیکس مشین تک نہیں تھی اس دور میں ایک دور دراز علاقے میں بیٹھ کر خبریں بھیجنا ایک مشکل کام تھا مگر شہید حاجی رفیق نے گونا گوں مسائل ومشکلات کے باوجود اپنا مقدس مشن جاری رکھا یہی وجہ ہے کہ آج بھی چمن اور قلعہ عبداللہ کی صحافتی تاریخ ان کے نام، حیات وخدمات کا ذکر کئے بغیر ادھوری اور نامکمل ہے۔ آپ نے صحافت مشرق اخبار سے شروع کی اور مشرق اخبار کے ساتھ مشرق اخبار کے شروع سے ہی وابستہ رہے مشرق اخبار کے نیوز ایجنٹ بھی تھے اور مشرق اخبار سے صحافت کا آغاز بھی کیا آپ نے صحافتی امور نامساعد حالات میں سرانجام دیئے اور کسی بھی طرح کے سہولیات نہ ہونے کے باوجود آپ نے ثابت قدمی سے صحافتی خدمات انجام دیے شہید حاجی محمد رفیق اچکزئی نے ہمیشہ حق کا ساتھ دیا سادہ زندگی گزارتے تھے ہمیشہ دوسروں کو کھلایا ہمیشہ مہمان کا استقبال خندہ پیشانی سے کیا آج آپ کی شہادت کو 13 سال گزر چکے ہیں مگر آپ ہمیشہ دلوں میں زندہ وجاویداں رہیں گے۔

والبندین: ڈی سی چاغی عطاء المنعم پاک افغان سرحدی شہر براپچہ کا دورہ اور انٹیگریٹڈ پوائنٹ کا جائزہ لے رہے ہیں

مراد بادینی کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر احمد یار کے اعزاز میں عشائیہ

مل (نامہ نگار) مل کے قبائلی شخصیت ڈسٹرکٹ کونسل ممبر حاجی میر محمد مراد بادینی کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر نوشکی احمد یار سیاپاد کے اعزاز میں پر تکلف عشائیے کا اہتمام عشائیے میں قبائلی رہنما غلام حیدر سالانی ایڈووکیٹ میر مالک خان بادینی میر ہدایت اللہ سرپرہ صحافی بی آر جمالدینی، حاجی کریم داد بادینی، حاجی محمد انور بادینی، حاجی پیر محمد بادینی، کوچ عزیز بادینی منظور احمد بادینی، ڈاکٹر شیر احمد بادینی ودیگر شریک تھے۔

گرینڈ الائنس کی کال پر مطالبات کے حق میں احتجاج کا پہلا مرحلہ شروع

حکومت آئی ایم ایف کی ایماء پر ملازمین کے حقوق تسلیم کرنے سے گریزاں ہے، تنخواہوں میں اضافہ ملازمین کا حق ہے

حکمران طبقہ اپنی تنخواہوں اور مراعات میں کئی گنا اضافہ کر کے اقتدار کے مزے لوٹنے میں مصروف عمل ہے، برکت علی

نصیر آباد (نامہ نگار) گرینڈ الائنس بلوچستان کی کال پر چارٹر آف ڈیمانڈ مطالبات کے حق میں صوبے بھر کی طرح نصیر آباد میں بھی حکومت مخالف احتجاج کا پہلا مرحلہ شروع کر دیا گیا ہے گرینڈ الائنس نصیر آباد و ایپکا نصیر آباد ڈویژن کے صدر عبداللہ بلوچ کی کال پر نصیر آباد کے ملازمین نے لیبک کہتے ہوئے تمام محکموں ڈپٹی کمشنر آفس کمشنر آفس محکمہ ایجوکیشن محکمہ خوراک۔ محکمہ صحت۔ ڈی آئی جی۔ ایس ایس پی پولیس۔ مذہبی امور لوکل گورنمنٹ۔ ایریگیشن۔ فشریز محکمہ زراعت انڈسٹریل تحصیل آفس انفارمیشن پی ایچ ای آفس محکمہ اربن پلاننگ۔ محکمہ کالجز جیل خانہ جات۔ بائی وے پاپولیشن پی اینڈ آر لوکل گورنمنٹ۔ سوشل ویلفیئر۔ سمیت بار کونسل نصیر آباد و ملازمین نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج ریکارڈ کیا گیا اسی سلسلے میں صوبائی ایڈیشنل سیکریٹری برکت علی ساحت۔ بابو عبداللہ بلوچ۔ بابو حسین بخش جونیجو۔ سنیئر نائب صدر بابو برکت علی گولہ۔ ایپکا ایجوکیشن یونٹ کے صدر بابو محمد عالم بلیدی۔ بابو محمد یعقوب ہزری۔ بابو غلام علی محمد حسنی۔ بابو محمد یوسف ساسولی۔ مجاہد حسین بھنگر۔ نے ملازمین کو سیاہ پٹیاں باندھ دی اور اپنا احتجاج ریکارڈ کروایا اس موقع پر گرینڈ الائنس اور ایپکا نصیر آباد ڈویژن کے صدر عبداللہ بلوچ کا کہنا ہے ملازمین کے جائز حقوق کے حصول تک اپنا جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گے انھوں نے کہا کہ گرینڈ الائنس بلوچستان نے چارٹر آف ڈیمانڈ حکومت کو پیش کر کے ملازمین کے جائز مطالبات پیش کر دیئے ہیں مگر حکومت آئی ایم ایف کی ایماء پر ملازمین کے حقوق تسلیم کرنے سے گریزاں ہیں مہنگائی عروج پر پہنچ گئی ہے تنخواہوں میں اضافہ ملازمین کا حق بنتا ہے جبکہ حکمران طبقہ آپنے تنخواہوں اور مراعات میں کئی گنا اضافہ کر کے اقتدار کے مزے لوٹنے میں مصروف عمل ہے چارٹرڈ آف ڈیمانڈ کے منظوری تک ہمارا احتجاج بدستور جاری رہیگا انھوں نے کہا کہ تمام ملازمین اپنے حقوق کے لیے جاگ اٹھو اب وقت آگیا ہے کہ حکومت مخالف تحریک کو کامیابی سے ہمکنار کریں

آرمی پبلک اسکول کے بس پر بم دھماکہ اندوہناک واقعہ ہے، ضیاء زہری

دھماکے میں پھول جیسی معصوم بچیوں سمیت پانچ افراد کی شہادت لمحہ فکریہ ہے

بم دھماکے میں ملوث دہشت گردوں کو فوری گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی ہیومن رائٹس سیکریٹری نوابزادہ میر ضیاء اللہ خان زہری نے کہا ہے کہ خضدار زیرو پوائنٹ کے ایریا میں آرمی پبلک اسکول کے بس پر بم دھماکہ ایک اندوہناک انسانیت سوز اور دہشت گردانہ واقعہ ہے۔ دھماکے میں تین پھول جیسی معصوم بچیوں سمیت پانچ افراد کی شہادت ایک لمحہ فکریہ ہیں اور بم دھماکے میں ملوث دہشت گردوں کو فوری گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ ان خیالات کا اظہار بی این پی (عوامی) کے مرکزی انسانی حقوق سیکریٹری نوابزادہ میر ضیاء اللہ خان زہری نے اپنے ایک مذمتی بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان سانحہ خضدار زیرو پوائنٹ میں آرمی پبلک اسکول بس پر بم دھماکے کے المناک واقعہ کے معاملہ کو ذاتی طور پر تحقیقات کی نگرانی کر کے ملزمان کو انصاف کے کٹہرے میں لائے جائیں۔ نوابزادہ میر ضیاء اللہ خان زہری نے کہا خضدار میں آرمی پبلک اسکول کے پھول ننھے بچیوں کے بس پر دھماکہ بے گناہ تین بچیوں سمیت پانچ افراد کی شہادت اور تین درجن سے زائد بچے اور بچیوں کی زخمی کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ خضدار میں بے گناہ آرمی پبلک اسکول کے بچیوں کے بس پر دھماکے کرنے کی کسی بھی طور بھی جائز نہیں اور نہ کوئی مذہب نہ کوئی معاشرہ نہ اسلام اس کی اجازت دیتی ہے۔ نوابزادہ میر ضیاء اللہ خان زہری نے کہا خضدار زیرو پوائنٹ دلخراش دھماکہ علاقہ کے امن کے خلاف ایک گہری سازش ہے خضدار میں اندوہناک واقعہ جنکا کا مقصد علاقہ میں بدامنی خوف وہراس کے ماحول کو پیدا کرنا ہے۔

یونیورسٹی آف ایگریکلچر میں ٹریننگ آف ٹرینرز پروگرام کا انعقاد

پروگرام کا مقصد ایگریکلچر گریجویٹس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرنا تھا

اوتھل (نامہ نگار) فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن نے ایفاد کے اشتراک سے جاری گوادر لسبیلہ لائیو ہوڈ سپورٹ پروگرام (GLLSP) کے تحت لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز میں تین روزہ "ٹریننگ آف ٹرینرز" پروگرام کا کامیاب انعقاد، تفصیلات کے مطابق اس تربیتی پروگرام کا مقصد نوجوان ایگریکلچر گریجویٹس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرنا تھا تاکہ وہ بطور ماسٹر ٹرینرز فیلڈ میں جا کر مقامی کسانوں اور لائیوسٹاک مالداروں کے ساتھ علم، تجربہ، اور جدید زرعی طریقوں کا تبادلہ کر سکیں۔ تربیت میں لسبیلہ اور گوادر سے تعلق رکھنے والے نوجوان زرعی گریجویٹس، ماہرین تعلیم اور متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ فارمر فیلڈ اسکول ماڈل کے تحت ان نوجوانوں کو سیکھنے کے ایک منفرد اور عملی طریقے سے روشناس کرایا گیا جس میں کسانوں کو صرف معلومات نہیں دی جاتیں بلکہ انہیں خود مشاہدہ کرنے، سوال اٹھانے، اور تجربے سے سیکھنے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔

عوام کی جان و مال کی حفاظت پولیس کی ذمہ داری ہے، عثمان سدوزئی

امن وامان کی بہتری کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، ایس پی چاغی

دالبندین (نمائندہ خصوصی) ضلع چاغی میں امن وامان کی بہتری کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ امن وامان کی فراہمی اور عوام کی جان و مال کی حفاظت پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایس پی چاغی محمد عثمان سدوزئی نے سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ہفتے دالبندین میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر سخت افسوس ہوا ہے۔ شہداء کے لواحقین کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ شہداء کے بچوں کی تعلیم، رہائش، اور ماہانہ تنخواہ کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ ایس پی محمد عثمان سدوزئی کا کہنا تھا کہ دونوں اہلکاروں نے ضلع میں امن و امان کی بہتری کے لیے دلیرانہ مقابلہ کرتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ یہ واقعہ دالبندین اور ضلع چاغی میں اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ ہے، جس پر پوری فورس کو دلی افسوس ہے، تاہم پولیس فورس ایسے واقعات سے مرعوب نہیں ہوگی، انہوں نے مزید کہا کہ ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مزید موثر اقدامات کیے جائیں گے۔ پولیس فورس ہمہ وقت الرٹ ہے اور کسی بھی مجرم کو بخشا نہیں جائے گا۔ پولیس کے جوان دن رات گشت پر مامور ہیں تاکہ عوام کو تحفظ کا احساس دلایا جا سکے۔

معصوم بچوں کی شہادت پر دل خون کے آنسو رو رہا ہے، میر امداد مری

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد کے ممتاز سیاسی وقبائلی رہنما میر امداد خان مری نے خضدار، بلوچستان کے زیرو پوائنٹ پر اسکول بس پر ہونے والے بم دھماکے کو سفاکانہ دہشتگردی قرار دیتے ہوئے اس اندوہناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس افسوسناک واقعے میں 4 معصوم بچوں کی شہادت پر دل خون کے آنسو رو رہا ہے۔ یہ حملہ انسانیت، تعلیم اور امن پر حملہ ہے، جسے کسی بھی صورت قبول نہیں کیا جا سکتا میر امداد خان مری نے غمزدہ خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین۔

پرعزم بلوچستان ویمن ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کے زیر اہتمام مینا بازار

خواتین کی ہنرمندی، ثقافتی رنگ اور کاروباری صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ کیا گیا

نوشکی (نامہ نگار) نوشکی میں پرعزم بلوچستان ویمن ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کے زیر اہتمام مینا بازار کا انعقاد خواتین کی ہنرمندی، ثقافتی رنگ اور کاروباری صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ نوشکی، پرعزم بلوچستان ویمن ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن قادر آباد کے زیر اہتمام، ورلڈ فوڈ پروگرام (WFP) اور "میرامان" کے اشتراک سے جاری سہ ماہی تربیتی منصوبہ WE.LED3 کی اختتامی تقریب کے موقع پر گرلز ہائی اسکول غریب آباد نوشکی میں ایک شاندار مینا بازار کا انعقاد کیا گیا۔ مینا بازار کا افتتاح اسسٹنٹ کمشنر نوشکی احمد یار بلوچ نے کیا۔ اس موقع پر این آر ایس پی کے ضلعی منیجر علی اکبر سالانی، پرعزم بلوچستان کے صدر اصغر خان بادینی، ڈپٹی ڈی ای او مسلم پروین کوثر، میرامان کے فیلڈ کوآرڈینیٹر علی احمد سالانی، زاہدہ، ظہور زیب جی آر جمالدینی، روبینہ سمیت سینکڑوں خواتین شرکاء نے بھرپور شرکت کی۔

آکشن نیلامی برائے سالانہ ٹھیکہ پارکنگ اسٹینڈ، سنڈیمن صوبائی ہسپتال کوئٹہ

صوبہ کے موجودہ حالات کے پیش نظر اور ہسپتال ہذا میں قائم مختلف ایمرجنسی شعبہ جات میں مریضوں کے تسلی بخش داخلے اور علاج معالجے کو تسلسل کے ساتھ تسلی بخش بنیادوں پر برقرار رکھنے اور ہسپتال ہذا میں ٹریفک کے بے جاہ، غیر متعلقہ گاڑیوں کے کھڑی ہونے اور غلط پارکنگ کی وجہ سے بے پناہ رش کو ختم کرنے کیلئے زیر دستخطی کو ہسپتال ہذا میں ایک الگ اور ہر قسم کے فنی شعبہ جات سے دور جگہ پر زیر دستخطی سنڈیمن صوبائی ہسپتال کوئٹہ کو پارکنگ اسٹینڈ سالانہ کی بنیاد پر ٹھیکے پر دینا مقصود ہے۔ جس سے ہسپتال میں جلد از جلد ٹریفک کے مسائل کو ختم کرنے میں مدد حاصل ہو سکے گی۔۔ خواہش مند ٹھیکیدار جو مالی طور مضبوط حیثیت کے مالک ہوں اور سالانہ انکم ٹیکس رجسٹریشن کے حامل ہوں۔ خواہش مند ٹھیکیداران اپنی سربمہر آکشن نیلامی پیشکش مورخہ 05 جون 2025 تک زیر دستخطی کے دفتر میں دوپہر 12:00 بجے تک پہنچ جانی چاہیے۔ (اس مقررہ تاریخ ووقت کے بعد کوئی بھی بولی جمع نہیں ہوگی اور نہ ہی قبول کی جائے گی)۔ جو کہ بمورخہ 05 جون 2025 کو دوپہر 01:00 بجے زیر دستخطی کے دفتر میں آکشن نیلامی کمیٹی کے ممبران اور فرم کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولی جائینگی۔ زیر دستخطی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ آکشن نیلامی کو بغیر بتائے منسوخ کردے، آکشن نیلامی دہندگان کو نیلامی کی دستاویزات کے ہمراہ مبلغ تین لاکھ روپے (300,000) کا کال ڈیپازٹ بنام میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سنڈیمن صوبائی ہسپتال، کوئٹہ جمع کرانا ہوگا۔

آکشن / نیلامی کی شرائط مندرجہ ذیل ھیں

(1) فرم یا ٹھیکیدار کا گورنمنٹ سے منظور شدہ ہونا لازمی ہے غیر رجسٹرڈ ٹھیکیدار ٹینڈر / نیلامی جمع نہ کرائیں۔ (2) نیلامی دہندہ کو اچھی مالی پوزیشن کا حامل ہونے کا بینک سرٹیفکیٹ کم از کم ٹینڈر / نیلامی کھولنے والے دن تک (/-1,000,000) پیش کرنا ہوگی۔ ٹینڈر دہندہ تمام متعلقہ ٹیکس کو شوارے دینے کا خود مجاز ہوگا۔ (3) ٹینڈر دہندہ گان ٹینڈر جمع کرانے سے قبل جگہ کا معائنہ لازمی کریں، ہسپتال ہذا کے اندر مختلف شعبہ جات کے سربراہان، انتظامیہ کی گاڑیوں کیلئے مخصوص پارکنگ کی جگہ اور ہسپتال ہذا کے داخلی اور خارجی راستوں کے معائنہ کیلئے ہسپتال ہذا کے چیف سیکورٹی سپروائزر کے ساتھ رابطہ کریں۔ بعد میں کسی قسم کا عذر قبول نہیں کیا جائے گا (4) ٹھیکہ کی بولی برائے موٹر سائیکل، رکشہ اور کار پارکنگ اسٹینڈ مبلغ /-1,000,000 دس لاکھ روپے سالانہ سے زائد ہونی چاہیے۔ ٹینڈر فارم مورخہ 04 جون 2025 دوپہر 04:00 بجے تک بعوض -/3,000 روپے ناقابل واپسی دفتر انچارج ٹینڈر سیکشن روم نمبر 05 سے وصول کئے جا سکتے ہیں۔ ٹینڈر دہندہ کو ٹینڈر فیس کی رسید ٹینڈر دستاویزات کے ساتھ لگانی ہوگی (5) پارکنگ فیس گورنمنٹ کے ریٹ کے مطابق ہوگی جو کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ نے شہری حدود میں مقرر کیے ہوئے ہیں (6) ٹینڈر کی منظوری کی صورت میں ٹھیکہ کی رقم دو قسط میں جمع کرانی ہوگی جس کی پہلی قسط پیشگی جمع کرانی ہوگی جس کے بعد ورک آرڈر دیا جائے گا جبکہ دوسری قسط 06 ماہ کے بعد جمع کرانی ہوگی (7) انتظامیہ کسی قسم کی ہڑتال کی ذمہ دار نہیں ہوگی اور نہ ہی کسی قسم کی سیکورٹی فراہم کرنے کی ذمہ دار ہوگی بلکہ ٹھیکیدار کو از خود ہر قسم کی سیکورٹی کا انتظام کرنا ہوگا۔ نیز پارکنگ کیلئے مختص جگہ سے سائیکل، موٹر سائیکل، رکشہ اور گاڑی کی چوری کا ذمہ دار ٹھیکیدار ہوگا (8) ٹھیکہ کی رقم کا اندراج نیلامی فارم میں واضح طور پر ہونا چاہیے اور تمام ٹھیکیداروں، فرم و کمپنی کو اپنی بولی سیل خاکی لفافے میں 05 مئی 2025 صبح 12:00 بجے تک میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سنڈیمن صوبائی ہسپتال کے آفس میں جمع ہو جانی چاہیے اور اس پر واضح الفاظ میں مکمل پتہ اور فون نمبروں کا اندراج ہو۔ مقررہ تاریخ ووقت کے بعد کوئی بھی لفافہ قابل قبول نہ ہوگا (9) محکمہ صحت، بلوچستان اور خاص کر ہسپتال ہذا کے ملازمین پارکنگ فیس سے مستثنیٰ ہونگے اور ٹھیکہ حاصل کرنے والی فرم / کمپنی / ٹھیکیدار صرف ہسپتال کے تمام ملازمین کو مخصوص پاس / اسٹیکرز ٹوکن بنا کسی معاوضے کے جاری کرے گا۔ متعلقہ ٹھیکیدار ہسپتال ہذا میں بغیر سٹیکر داخل ہونے والی ہر قسم کی ٹریفک کو روکنے کا پابند ہوگا (10) طے شدہ معاہدہ کے مطابق مقرر کی گئی مدت کے بعد ٹھیکیدار کو بذریعہ عدالت حکم امتناعی لینے کا اختیار نہیں ہوگا۔ بصورت دیگر ہسپتال انتظامیہ کو اختیار ہوگا کہ وہ متعلقہ ٹھیکیدار سے قبضہ لے سکتا ہے اور ٹھیکیدار / کمپنی ہسپتال انتظامیہ یا ہسپتال کے خلاف کوئی بھی قانونی چارہ جوئی نہیں کر سکے گا (11) پارکنگ رسید میں رقم کا واضح اندراج ہونا لازمی ہے خلاف ورزی یا زیادتی کی صورت میں ٹھیکیدار کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے ٹھیکہ منسوخ بھی کیا جا سکتا ہے جس کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار پر عائد ہوگی (12) تمام تر ٹیکس کی ادائیگی بذمہ بولی دہندہ پر ہوگی (13) پارکنگ اسٹینڈ کی تمام تر جگہ کی صفائی کی ذمہ داری ٹھیکیدار پر ہوگی۔ گندگی ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار پر -/3,000 روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ (14) ٹھیکیدار سختی سے اس بات کی پابندی کرے گا کہ پارکنگ کی جگہ پر کوئی بھی موٹر سائیکل وگاڑی کی دھلائی نہ ہو وہ دیگر صورت میں ٹھیکیدار پر -/3,000 روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا (15) ٹھیکیدار اپنی ذمہ داری پر (20) سیکورٹی گارڈز ہسپتال کے مختلف داخلی وخارجی دروازوں پر تعینات کریگا جو کہ غیر متعلقہ موٹر سائیکل اور گاڑی کو ہسپتال ہذا میں داخلے سے روکنے کا پابند ہوگا تاکہ ہسپتال ہذا میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے میں آسانی ہو۔ غیر متعلقہ موٹر سائیکل، رکشہ اور ہر قسم کی گاڑیوں کی ٹریفک کو تاکید کریں گے کہ اپنی گاڑی / رکشہ، موٹر سائیکل کو متعلقہ پارکنگ میں کھڑا کریں۔

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ
سنڈیمن صوبائی ہسپتال کوئٹہ

PRQ No4551/22-05-2025

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

متوازن خاندان خوشحال بلوچستان کے عنوان سے تربیتی ورکشاپ

ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر سمیت ڈاکٹرز اور لیڈی ہیلتھ ورکرز شریک

بچوں کی پرورش کیلئے پیدائش میں وقفہ ضروری ہے، ڈاکٹر تہمینہ مگسی، عارف بزدار

نصیر آباد (ع ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ بادیہ نواز بھرانی کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر نصیر آباد کے زیر اہتمام متوازن خاندان خوشحال بلوچستان کے عنوان سے سول ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی میں ایک روزہ تربیتی ورکشاپ ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر محمد عارف بزدار کی نگرانی میں منعقد ہوا۔ جس میں ایم ایس ڈاکٹر حبیب چندرانی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ظاہر حسین عمرانی، ڈاکٹر نصیر محمد عمران، قلندر بخش عمرانی سمیت دیگر لیڈی ہیلتھ ورکرز اور فیمیل ڈاکٹرز موجود تھیں۔ اس موقع پر پریزیز ڈپٹی ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر ڈاکٹر تہمینہ مگسی نے بتایا کہ زچگی کے دوران وقفہ اہمیت کا حامل ہے۔ متوازن زندگی کے لئے متوازن خاندان اور منصوبہ بندی انتہائی ضروری ہے۔ اس موقع پر محمد عارف بزدار نے کہا کہ سیمینار کا مقصد لوگوں میں شعور و آگاہی پیدا کرنا ہے۔ بچوں کی صحیح معنوں میں پرورش کیلئے پیدائش میں وقفہ ضروری ہے اور قرآن پاک میں ارشاد ہے کہ ماں بچے کو دو سال تک اپنا دودھ پلائے، ہر سال بچے کی پیدائش ماں کے لیے وبال جان کا مقام ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سول ہسپتال میں گائنی کے شعبے کو مزید بہتر کرنا وقت کی ضرورت ہے کیونکہ بچے کی پیدائش ماں اور بچے کے لیے اہم مرحلہ ہوتا ہے اس لیے جدید خطوط پر گائنی کے شعبے کو بہتر بنایا جائے بچے کی پیدائش کے بعد ماں کو خصوصی طور پر خوراک کی فراہمی کو یقینی بنائیں، بچوں کی پیدائش سے قبل مخصوص قسم کے ٹیسٹ کروائے جائیں۔

نصیر آباد، اے ایس پی محمد طیب اقبال ایس ایچ او صدر محمد مراد بھنگر کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں دوسری جانب گرفتار ملزمان پولیس کی حراست میں

نادرا سینٹر میزئی اڈہ کو سازشوں کی نظر ہونے نہیں دینگے، ملک عبدالخالق کاکڑ

سازشی ناصر سوشل میڈیا پر بے بنیاد الزامات لگا رہے ہیں جس کی مذمت کرتے ہیں

میزئی اڈہ (نامہ نگار) میزئی اڈہ سے زئی قبیلے کے نوجوان قبائلی شخصیت ملک عبدالخالق کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ نادرا سینٹر میزئی اڈہ میں کسی کی سازش کامیاب نہیں ہونے دینگے محب اللہ خان کاکڑ انچارج نادرا میزئی اڈہ بازار ایک پسماندہ علاقہ ہے یہاں بہت سے زیادہ مسائل ہے یہی ایک سہولت ہے نادرا سینٹر جو عوام کے مسائل حل کر رہے ہیں جس پر سوشل میڈیا پر بے الزامات اور سازشوں میں مصروف ہے۔ جس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور نادرا سینٹر میزئی اڈہ کے انچارج محب کاکڑ سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ عوام کے ساتھ اچھے رویے کے ساتھ پیش آجائے اور اپنے پیشے کے ساتھ انتہائی مخلص آفیسر ہے عوامی مسائل کے حل کیلئے ہر وقت پیش پیش رہے ہے۔ کچھ عناصر اپنے مذموم حرکتوں سے باز نہیں آتے ایسے سازشوں کو بند کرنا چاہیے ہم اپنے نادرا سینٹر پر کسی کی سازش اور سیاست برداشت نہیں کرینگے

معصوم طلبہ سیکورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانا ناقابل معافی جرم ہے، اسد قاسم رنجھو

دل دہلا دینے والے سانحے میں معصوم بچوں کی شہادت پر دل خون کے آنسو روتا ہے، پوری قوم کے دل پر کاری وار ہے

ایسے بزدلانہ حملے قوم کے حوصلے کو متزلزل نہیں کر سکتے، دہشتگردوں کے خلاف قومی عزم کو مزید مضبوط کرتے ہیں، سینیٹر

اوتھل (نامہ نگار) سینیٹر اسد قاسم رونجھو نے خضدار میں آرمی پبلک اسکول کی بس پر ہونے والے المناک خودکش حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ایک انسانیت سوز، بزدلانہ اور ناقابل معافی جرم قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم طلبہ اور سیکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانا اس بات کا ثبوت ہے کہ دہشتگردی کی سوچ کس قدر پست، درندہ صفت اور قوم دشمن ہے سینیٹر رونجھو نے کہا اس دل دہلا دینے والے سانحے میں معصوم بچوں کی شہادت پر دل خون کے آنسو روتا ہے۔ یہ حملہ صرف متاثرہ خاندانوں پر نہیں، بلکہ پوری قوم کے دل پر کاری وار ہے۔ ہر ذی شعور پاکستانی اس وقت شدید غم، دکھ اور صدمے کی کیفیت میں ہے انہوں نے کہا کہ زخمی طلبہ کی حالت تشویشناک ہے اور ان کے لیے پورا ملک دعا گو ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ایسے بزدلانہ حملے قوم کے حوصلے کو متزلزل نہیں کر سکتے، بلکہ یہ دہشتگردوں کے خلاف قومی عزم کو مزید مضبوط کرتے ہیں۔ سینیٹر اسد قاسم رونجھو نے متاثرہ خاندانوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہم اس دکھ کی گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ پوری قوم شہداء کی عظیم قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے اور ان کے لواحقین کے غم میں برابر کی شریک ہے۔

خضدار میں اسکول بس کو نشانہ بنانا سفاکانہ دہشت گردی ہے، محمد خان لہڑی

ایک ایسا المناک، دل دہلا دینے والا واقعہ ہے جس نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے

قوم کے روشن کل پر حملہ ہے، معصوم شہداء کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی اور صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے خضدار کے زیرو پوائنٹ پر اسکول بس کو نشانہ بنانے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انسانیت سوز، بزدلانہ اور سفاکانہ دہشت گردی قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ ایک ایسا المناک اور دل دہلا دینے والا واقعہ ہے جس نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے اسکول جانے والے معصوم بچوں کو نشانہ بنانا اس بات کا ثبوت ہے کہ دہشت گرد نہ صرف انسانیت بلکہ تعلیم، امن اور ترقی کے بھی کھلے دشمن ہیں۔ یہ حملہ صرف ان پھول جیسے بچوں پر نہیں، بلکہ مستقبل کے معماروں، ہمارے خوابوں اور قوم کے روشن کل پر حملہ ہے۔ معصوم روحوں کی شہادت نے ہر آنکھ کو اشکبار اور ہر دل کو زخمی کر دیا ہے۔ حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ ہم ان معصوم شہداء کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اس کربناک موقع پر ہمارے دل ان والدین کے ساتھ دھڑک رہے ہیں جنہوں نے اپنے لخت جگر کھو دیے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ شہداء کے درجات بلند فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل سے نوازے۔

یونین کونسل گلستان لوگی کے چیئرمین حاجی بہاؤالدین خان اچکزئی عبدالہادی اچکزئی ڈپٹی چیئرمین سید روز الدین سولر سیٹ یونین کونسل کے نمائندوں کے حوالے کر رہے ہیں

میزئی اڈہ، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی، اصغر باچا خان محب اللہ اچکزئی حاجی ابراہیم ماما و دیگر مختلف لوگوں کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ 8/سول جج محمد احتشام قیصرانی بااختیارات ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

مثل نمبر 25/25 تاریخ ساعت 4/6/2025

1۔ بی بی شافیہ بیوہ غازی خان 2۔ محمد منیر 3۔ محمد عمر 4۔ محمد اکبر 5۔ محمد اصغر 6۔ محمد یونس 7۔ بی بی وارثہ 8۔ بی بی صفیہ دختران پسران مرحوم غازی خان سکنہ محلہ نیو اسماعیل کالونی سریکی روڈ کوئٹہ بنام عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ درخواست مندرجہ بالا سائلان نے ایک درخواست جانشینی گزاری ہے جس کی تاریخ ساعت 4/6/2025 کو مقرر ہو چکی ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو وہ مقررہ تاریخ ساعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ / درخواست جانشینی کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی آج بتاریخ 21/5/2025 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا

61415

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ 8/سول جج محمد احتشام قیصرانی بااختیارات ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

مثل نمبر 26/25 تاریخ ساعت 4/6/2025

1۔ بی بی صفیہ بیوہ عبدالغفار 2۔ جاوید خان 3۔ ناصر خان 4۔ بی بی جمیلہ 5۔ بی بی نبیلہ 6۔ بی بی عاصمہ 7۔ بی بی بشریٰ 8۔ بی بی عظمیٰ 9۔ جنید خان دختران پسران مرحوم عبدالغفار سکنہ ارباب غلام علی روڈ کوئٹہ بنام عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ درخواست مندرجہ بالا سائلان نے ایک درخواست جانشینی گزاری ہے جس کی تاریخ ساعت 4/6/2025 کو مقرر ہو چکی ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو وہ مقررہ تاریخ ساعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ / درخواست جانشینی کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی آج بتاریخ 21/5/2025 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا

STAFF

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم سنجاوی

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ میں مسمی عبدالمتین ولد عبدالحکیم قوم دومڑ سکنہ رگوڑہ نے درخواست گزاری ہے اور ساتھ ہی شرعی فتویٰ جاری کردہ فتویٰ مدرسہ جامعہ عربیہ مصدر العلوم سنجاوی محررہ 10/5/2025 پیش کیا جس کے مطابق عبدالحکیم ولد مڑ دوائی قوم دومڑ جو کہ بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے فتویٰ کے مطابق مسمیان عبدالمتین، عبدالشکور، عبدالحمید، عبدالمجید پسران عبدالحکیم زرونہ، بی بی نیک نامہ، بی بی زروک، بی بی عارف، نیک نامہ، شاہ نامہ دختران عبدالحکیم ظاہر کیے گئے ہیں جبکہ آراضی متوفی عبدالحکیم ولد مڑ دوائی کے نام موضع رگوڑہ اور موضع سرشور حلقہ صدر سالن میں درج ریکارڈ ہے اب درخواست مذکورہ مواضعات میں آراضی کا انتقال اپنے تمام جائز ورثاء بمطابق فتویٰ کرانا چاہتا ہے اب مذکورہ انتقال وراثت پر کسی شخص، ادارہ، بینک یا کسی دیگر شخص کو کوئی اعتراض ہو تو اندر چودہ 14 یوم اپنا تحریری اعتراض زیر دستخطی کو پیش کریں بصورت دیگر کوئی عذر واعتراض قابل قبول نہ ہوگا

ADVT سنجاوی

TENDER NOTICE

TSE-242505723063 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The SP/ DISTRICT POLICE OFFICER JAFFARABAD invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/-

S.No	Name of Work/s	E/Cost	Bid Security
1	Repair of Building SSP Office Jaffarabad	3,000,000	60,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE06 (Tunneling and underpinning). The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 3,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of amount 60,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 06 June, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 06 June, 2025till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM
Address: SSP Office jaffarabad
Phone no: 0838510089Fax no: 0838510497
Email: dpojaffarabad14@gmail.com

SENIOR SUPERINTENDENT OF POLICE JAFFARABAD

PRQ No.4550/22-5-2025

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE-CORRIGENDUM

with reference to advertisement published in daily newspapers vide AB No.1077/12-05-2025
The Balochistan Education Endowment Fund invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242505705431 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Not required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Furniture & Fixtures (Total Item(s) Count: 4)	2%

Changed Area

S.No	Step Name	Remarks
1	Eligibility Criteria	Due to Objection in Bid Security Rate/ % From BPPRA
2	Data Sheet	Due to Increase in item Quantity
3	Case Schedule	By Default

Note: The Remaining Terms & Conditions shall Remain Same.

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 29 May, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 29 May, 2025till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 22 May, 2025 are required to download the ammended Bidding Document(s). The Other terms and conditions shall remain same. **Address:** BEEF Office House # 116/40-A Near Main Jama Masjid Jinnah Town Samungli Road Quetta Phone no: 0812870015
Email: zkn6334@gmail.com

Manager Balochistan Education Endowment Fund

AB No.1137/22-5-2025

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-242505724913 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA DIVISION QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/- and bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Procurement against single or multiple scheme Single Multiple Object Road Works Tender Name	5,769,785

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 4,038,849 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **06 June, 2025**during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **06 June, 2025**till **09:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **09:15 AM**
Address: New Zarghoon Road
Phone no: 0819211904 **Fax no:** 0819211904
Email: engr.inam2011@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA

PRQ No.4562/22-5-2025

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

لاہور قلندرز نے کراچی کنگز کو شکست دے کر پی ایس ایل 10 سے باہر کردیا

کراچی کنگز نے پہلے کھیلتے ہوئے 191 رنز کا ہدف دیا جواب میں لاہور قلندرز نے مطلوبہ ٹارگٹ 4 وکٹوں کے نقصان پر 19 ویں اوور میں پورا کرلیا

لاہور قلندرز کی جانب سے عبداللہ شفیق نے 35 گیندوں پر 5 چھکوں اور 3 چوکوں کی مدد سے 65 رنز کی جارحانہ اننگ کھیلی اور مین آف دی میچ قرار پائے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سپر لیگ سیزن 10 کے پہلے ایلیمنیٹر میچ میں لاہور قلندرز نے کراچی کنگز کو 6 وکٹوں سے ہرا کر فائنل کی دوڑ سے باہر کردیا۔ کراچی کنگز کے 191 رنز کا ہدف لاہور قلندرز نے 4 وکٹوں کے نقصان پر 19 ویں اوور میں پورا کرلیا، لاہور قلندرز کی جانب سے عبداللہ شفیق نے 35 گیندوں پر 5 چھکوں اور 3 چوکوں کی مدد سے 65 رنز کی جارحانہ اننگ کھیلی۔ لاہور قلندرز کے اوپنر فخر زمان نے 28 گیندوں پر 3 چھکوں اور 5 چوکوں کے عوض 47 رنز سکور کیے، کوشال پریرا 30 اور محمد نعیم 14 رنز بنا سکے، بھانوکا راجا پکشا 23 جبکہ آصف علی ایک رن بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ یوں لاہور قلندرز نے یہ 6 وکٹوں سے فتح سمیٹ لی اور کراچی کنگز کو ایونٹ سے باہر کردیا۔ کراچی کنگز کی جانب سے حسن نے 2 جبکہ فواد علی اور میر حمزہ نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ قبل ازیں لاہور کے قذافی سٹیڈیم میں کھیلے جارہے میچ میں کراچی کنگز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 190 رنز بنائے۔ کراچی کنگز کی جانب سے کپتان ڈیوڈ وارنر 52 گیندوں پر 75 رنز بنا کر نمایاں رہے، ان کی اننگ میں 3 چھکے اور 8 چوکے شامل تھے، عرفان خان 18، ٹم سائفرٹ اور محمد نبی 16، 16، سعد بیگ 11 جبکہ جیمز ونس 4 اور عباس آفریدی 2 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ کنگز کے حسن علی بغیر کھاتہ کھولے ہی چلتے بنے جبکہ خوشدل شاہ نے 27 اور میر حمزہ نے 2 رنز کی ناٹ آؤٹ اننگ کھیلی۔ لاہور قلندرز کی جانب سے حارث رؤف نے 3، کپتان شاہین آفریدی نے 2، زمان خان، شکیب الحسن اور محمد نعیم نے ایک ایک کھلاڑی کو پویلین کی راہ دکھائی۔ لاہور قلندرز دوسرے ایلیمنیٹر میں اسلام آباد یونائیٹڈ سے ٹکرائے گی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز کھیلے گئے پہلے کوالیفائر میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے اسلام آباد یونائیٹڈ کو شکست دے کر فائنل کی ٹکٹ کنفرم کرلی ہے۔

لاہور، پی ایس ایل میں لاہور قلندرز میچ جیتنے کے بعد کھلاڑی جشن منارہے ہیں

جو اسلام آباد کی ٹیم نہ بنا سکا وہ پاکستان ٹیم کیا بنائے گا؟ باسط علی

بنگلا دیش کے خلاف ٹی 20 سیریز کیلئے قومی اسکواڈ میں شاداب خان کی سلیکشن پر اعتراض اٹھادیا

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سابق کرکٹر اور تجزیہ نگار باسط علی کا کہنا ہے کہ جو کوچ اسلام آباد کی ٹیم نہ بنا سکا وہ پاکستانی ٹیم کیا بنائے گا؟ بنگلادیش کے خلاف ٹی 20 سیریز کیلئے قومی اسکواڈ میں شاداب خان کی سلیکشن پر اعتراض اٹھادیا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش سیریز کیلئے بنائے گئے اس قومی ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ کی سلیکشن میں بہت سارے سرپرائزز ہیں۔ باسط علی نے کہا کہ شاداب خان کو جب نیوزی لینڈ کیخلاف وائس کپتان بنایا گیا تھا تو کس کارکردگی کی بنیاد پر بنایا گیا تھا؟ اس کا جواب مجھے کوئی دے سکتا ہے تو ضرور دے۔ انہوں نے کہا کہ اس بار پھر آپ نے اسی کو وائس کپتان بنادیا۔ ایک نیا لڑکا عباس آفریدی جس نے پی ایس ایل میں سب سے زیادہ 17 وکٹیں لیں اس کے علاوہ سفیان مقیم بھی ہے، کہاں ہیں یہ لڑکے؟ سفیان نے تو دکھے دل کے ساتھ ایک پوسٹ بھی شیئر کی تھی۔ باسط علی نے کہا کہ سب سے زیادہ زیادتی سلیکٹرز نے کی ہے۔

فائنل تک رسائی کا موقع اب بھی موجود ہے، سلمان علی آغا

مائیک ہیسن ایک بہترین کوچ ہیں، وہ ٹیم کا ماحول مثبت رکھتے ہیں، کرکٹر

لاہور (آن لائن) اسلام آباد یونائیٹڈ کے سلمان علی آغا نے کہا کہ ٹیم ابھی بھی فائنل کی دوڑ میں شامل ہے اور ایلیمنیٹر میں فتح حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے گی۔ کوالیفائر 1 میں سامنا کرنے والی اسلام آباد یونائیٹڈ کے مڈل آرڈر بیٹر سلمان علی آغا نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جو بھی ٹیم سامنے آئے، ہماری کوشش ہوگی کہ انہیں شکست دے کر فائنل کی راہ ہموار کریں۔ بولنگ پر بات کرتے ہوئے آغا نے تسلیم کیا کہ ٹیم کو اس شعبے میں مزید بہتری کی ضرورت ہے، انہوں نے کہا کہ ہماری بولنگ میں کچھ کمزوریاں رہی ہیں، سلمان علی آغا نے کہا کہ خاص طور پر آخری اوورز میں ہم نے زیادہ رنز دیے، لیکن ہم اس پر کام کر رہے ہیں اور اسے بہتر کرنے کی کوشش کریں گے۔ بیٹر نے کہا کہ ٹی 20 فارمیٹ میں مومنٹم بہت اہم ہوتا ہے کہ اگر ٹیم کا مومنٹم صحیح سمت میں ہو تو نتائج بھی بہتر آتے ہیں، ہم اسی تسلسل کو برقرار رکھنے کی کوشش کریں گے۔

ٹیم کی ضرورت ہے اس لیے مڈل آرڈر پر بیٹنگ کر رہا ہوں' حسن نواز

سب کھلاڑی ایک پیج پر ہیں اور یہی کہتے ہیں کہ ہم نے چیمپئن بننا ہے' نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو

لاہور (این این آئی) پی ایس ایل 10 میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے بیٹر حسن نواز نے کہا کہ ٹیم کی ضرورت ہے اس لیے مڈل آرڈر پر بیٹنگ کر رہا ہوں۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے بیٹر حسن نواز نے کہا کہ سب کھلاڑی ایک پیج پر ہیں اور یہی کہتے ہیں کہ ہم نے چیمپئن بننا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شروع سے ہی ٹیم کے لیے کھیلتا ہوں، اوپن بھی کرتا تھا تو یہی کوشش ہوتی تھی اب بھی ٹیم کی ضرورت مڈل آرڈر میں بیٹنگ کر رہا ہوں۔ حسن نواز نے کہا کہ دوسرے نمبرز پر کھیلتے ہوئے بھی رنز بنانے کا طریقہ آنا چاہیے یہ میرے لیے آگے بہتر ثابت ہوگا۔

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی نے ویورشپ کے تمام ریکارڈ توڑ دیے

دنیا بھر میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 368 بلین منٹس دیکھی گئی 2025 میں ہونے والے ایونٹ نے 2017 کے چیمپئنز ٹرافی سے 19 فیصد زیادہ ویورشپ لی

انٹرنیشنل کرکٹ کونسل چیمپئنز ٹرافی 2025 کا میزبان پاکستان تھا جو پاکستان میں 29 سال بعد کرکٹ کا ایک بڑا ایونٹ تھا' رپورٹ

لاہور (این این آئی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی نے ویورشپ کے تمام ریکارڈ توڑ دیے۔ دنیا بھر میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 368 بلین منٹس دیکھی گئی، 2025 میں ہونے والے ایونٹ نے 2017 کے چیمپئنز ٹرافی سے 19 فیصد زیادہ ویورشپ لی۔ چیمپئنز ٹرافی 2025 کا فائنل چیمپئنز ٹرافی کی تاریخ کا سب سے زیادہ دیکھا جانے والا میچ تھا۔ واضح رہے کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کا میزبان پاکستان تھا جو پاکستان میں 29 سال بعد کرکٹ کا ایک بڑا ایونٹ تھا تاہم ایونٹ میں بھارت کے میچ نیوٹرل وینیو یو اے ای پر رکھے گئے تھے جس کے سبب پاکستان اور بھارت کا میچ بھی دبئی میں کھیلا گیا تھا۔

پراعتماد ہیں، ٹیم کو فائنل میں دیکھ رہے ہیں، حارث رؤف

پی ایس ایل میں اب تمام اہم میچ ہیں، پچھلا میچ بھی ہمارے لیے ناک آؤٹ مرحلہ تھا

لاہور (آن لائن) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) فرنچائز لاہور قلندرز کے فاسٹ بولر حارث رؤف نے کہا ہے کہ ہم پراعتماد ہیں، ٹیم کو فائنل میں دیکھ رہے ہیں۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو میں حارث رؤف نے کہا کہ پی ایس ایل میں اب تمام اہم میچ ہیں، پچھلا میچ بھی ہمارے لیے ناک آؤٹ مرحلہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب پراعتماد ہیں خود کو فائنل میں دیکھ رہے ہیں۔

کمشنر سبی ڈویژن سید زاہد شاہ نیپال میں کھیلے جانے والے شوٹنگ بال ٹورنامنٹ میں سبی سے تعلق رکھنے والے کھلاڑیوں میں تعریفی اسناد تقسیم کررہے ہیں

تیسری نیشنل جمپ اینڈ روپ سکپنگ چیمپئن شپ (آج) جمعہ سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان روپ سکپنگ فیڈریشن کے زیراہتمام تیسری نیشنل جمپ اینڈ روپ سکپنگ چیمپئن شپ (آج) جمعہ سے یوتھ سپورٹس کلب، گلشن جوہر، کراچی میں شروع ہوگی۔ گزشتہ روز پاکستان روپ سکپنگ فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل شرق صدیقی نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں مکمل ہیں۔

کھلاڑیوں کا ٹیم میں انتخاب تجربے یا شہرت کی بنیاد پر نہیں ہوگا' کوچ قومی ٹیم

انتخاب واضح طور پر بیان کردہ کرداروں پر منحصر ہوگا' ہر ایک کو پلان کے مطابق کارکردگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا' انٹرویو

یہ سنہری موقع ہے، میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے پُرجوش ہوں اور مجھے یقین ہے کہ میں ٹیم کی رہنمائی کرسکتا ہوں' مائیک ہیسن

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے نئے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے قومی میڈیم میں کھلاڑیوں کی شمولیت سے متعلق اپنی رائے کا اظہار کردیا۔ مائیک ہیسن نے اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں کہا کہ کھلاڑیوں کا ٹیم میں انتخاب ان کے تجربے یا شہرت کی بنیاد پر نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیم میں کھلاڑیوں کا انتخاب واضح طور پر بیان کردہ کرداروں پر منحصر ہوگا اور ہر ایک کو ٹیم کے پلان کے مطابق کارکردگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ قومی ٹیم کے ہیڈ کوچ نے کہا کہ میرا مقصد ایک جدید اور کامیابیاں حاصل کرنے والی ٹیم بنانا ہے جو دلچسپ کرکٹ کھیلے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سنہری موقع ہے، میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے پُرجوش ہوں اور مجھے یقین ہے کہ میں ٹیم کی رہنمائی کرسکتا ہوں۔ مائیک ہیسن نے کہا کہ ہم کامیاب کرکٹ کھیلنا چاہتے ہیں جو شائقین کے دل بھی جیت لے لیکن میں جانتا ہوں کہ یہ ایک بڑا چیلنج ہے۔ واضح رہے کہ بنگلادیش کے خلاف آئندہ 3 ٹی 20 میچز کی سیریز کیلئے اسکواڈ میں بابر اعظم، محمد رضوان اور شاہین آفریدی جیسے بڑے ناموں کو شامل نہیں کیا گیا۔

انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں 25 مئی کو مزید 10 میچوں کا فیصلہ ہوگا

پہلا میچ بورن ماؤتھ اور لیسٹر سٹی کی ٹیموں کے درمیان وائٹلٹی سٹیڈیم، بورن ماؤتھ کے مقام پر کھیلا جائے گا

لندن (این این آئی) انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں 25 مئی بروز اتوار کو مزید 10 میچ کھیلے جائیں گے۔ ای پی ایل میں شائقین فٹ بال کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ پہلا میچ بورن ماؤتھ اور لیسٹر سٹی کی ٹیموں کے درمیان وائٹلٹی سٹیڈیم، بورن ماؤتھ کے مقام پر کھیلا جائے گا، دوسرا میچ فلہم اور دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی کی ٹیموں کے درمیان کریون کاٹیج، لندن کے مقام پر کھیلا جائے گا، تیسرے میچ میں اپسوچ ٹاؤن اور ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی اور یہ میچ پورٹ مین روڈ، اپسوچ میں کھیلا جائے گا۔ چوتھا میچ میزبان لیورپول اور کرسٹل پیلس کی ٹیموں کے درمیان اینفیلڈ لیورپول میں کھیلا جائے گا۔

بنگلادیش کے اہم فاسٹ بولر نے دورہ پاکستان سے معذرت کیوں کی؟

بنگلادیش کے بولرز اور کوچز نجی وجوہات کے تحت پاکستان کا دورہ نہیں کرپائیں گے

ڈھاکا (این این آئی) بنگلادیش کے پریمیم فاسٹ بولر ناہید رانا اور فیلڈنگ کوچ جیمز پامنٹ ٹی ٹوئنٹی سیریز کیلئے حالیہ دورہ پاکستان سے دستبردار ہوگئے ہیں۔ پاکستان کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز سے قبل بنگلادیش کے فاسٹ بولر ناہید رانا نے ذاتی وجوہات کی بنا پر دورہ پاکستان سے معذرت کی ہے، اس کے علاوہ بنگلادیش کے فیلڈنگ کوچ جیمز پامنٹ بھی دورہ پاکستان سے دستبردار ہوگئے۔ بنگلادیشی کنڈیشننگ کوچ نیتھن کیلی بھی ذاتی وجوہات کی بنا پر پاکستان نہیں آئیں گے، بنگلادیش کے بولرز اور کوچز نجی وجوہات کے تحت پاکستان کا دورہ نہیں کرپائیں گے۔ دریں اثنا پاکستان اور بنگلادیش کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز کی تاریخ کا اعلان کردیا گیا ہے، پاک بنگلادیش سیریز اس ماہ 28 مئی سے شروع ہوگی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز کا پہلا میچ 28 مئی کو شیڈول ہے، دوسرا میچ 30 مئی جبکہ تیسرا مقابلہ یکم جون کو ہوگا۔

ڈیوڈ وارنر کی لاہور کے رایا کلب میں گالف کھیلنے کی خواہش پوری ہوگئی

گالف کھیلنے میں مدد کرنے پر رایا کلب، پی سی بی اور سیکیورٹی کا شکریہ' تصاویر شیئر کردیں' مشکورت بھی موجود

لاہور (پی ایس ایل) فرنچائز کراچی کنگز کے سیزن 10 کے کپتان ڈیوڈ وارنر کی خواہش پوری ہوگئی۔ ڈیوڈ وارنر نے لاہور کے رایا گالف کلب میں گالف کھیلنے کی خواہش پوری ہونے پر کلب انتظامیہ، پاکستان کرکٹ بورڈ اور سیکیورٹی حکام کا شکریہ ادا کیا۔ ڈیوڈ وارنر نے گالف کھیلنے کی تصاویر سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کی ہیں، ان کے ساتھ گالف کھیلنے کیلئے مشکورت بھی موجود تھے۔ تصاویر کے کیپشن میں درج تھا کہ گالف کھیلنے میں مدد کرنے پر رایا کلب، پی سی بی اور سیکیورٹی کا شکریہ۔ انہوں نے مزید کہا کہ گالف کھیلنے کے لئے مدد کرنے اور جواب دینے پر سب کو سراہتا ہوں۔

پی ایس ایل کے ٹاپ وکٹ ٹیکر عباس آفریدی قومی ٹیم میں منتخب نہ ہوسکے

آپ نسیم اور حارث کو آرام دے کر ان کی جگہ سفیان مقیم اور عباس آفریدی کو کھلا سکتے تھے، کامران اکمل

لاہور (این این آئی) پی ایس ایل 10 میں سب سے زیادہ وکٹیں حاصل کرنے والے بولر عباس آفریدی کو قومی ٹیم میں شامل نہ کرنے پر سابق کرکٹرز حیران رہ گئے۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل نے کہا کہ عباس آفریدی نے پچھلے سال بھی کارکردگی دکھائی اور 20 کے قریب ٹی ٹوئنٹی میچز میں اس نے 33 وکٹیں حاصل کررکھی ہیں، میرے خیال سے یہ اس کے ساتھ زیادتی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ آپ نسیم اور حارث کو آرام دے کر ان کی جگہ سفیان مقیم اور عباس آفریدی کو کھلا سکتے تھے، خرم شہزاد کو بھی بنگلا دیش کے خلاف سیریز میں موقع دیا جاسکتا تھا۔ کامران اکمل کا کہنا تھا کہ اس ٹی میں پانچ اوپنرز رکھے گئے۔

پاکستان آسٹریلین اوپن اسکواش کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گیا

اشعب عرفان نے دوسرے راؤنڈ میں ہانگ کانگ کے کھلاڑی کو شکست دی۔ کامیابی کا سکور 7-11، 5-11 اور 5-11 رہا

مصر کے کھلاڑی کے خلاف حمزہ کی جیت کا اسکور 5-11، 6-11، 6-11 اور 4-11 رہا' ٹورنامنٹ کی انعامی رقم 9 ہزار ڈالرز ہے

ایڈیلیڈ (این این آئی) ٹاپ سیڈ پاکستان کے اشعب عرفان اور سیڈ نمبر 6 حمزہ خان ساؤتھ آسٹریلین اوپن اسکواش کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے۔ ایڈیلیڈ میں جاری ساؤتھ آسٹریلین اسکواش چیمپئن شپ کے پہلے راؤنڈ میں بائی ملنے کے بعد پاکستان کے اشعب عرفان نے دوسرے راؤنڈ میں ہانگ کانگ کے کھلاڑی کو شکست دی۔ لیو چنگ کے خلاف اشعب عرفان نے 7-11، 5-11 اور 5-11 سے کامیابی حاصل کی۔ ایک اور میچ میں حمزہ خان نے دوسرے راؤنڈ میں مصر کے شیڈی شیربنی کو 1-3 سے شکست دی۔ مصر کے کھلاڑی کے خلاف حمزہ کی جیت کا اسکور 5-11، 6-11، 6-11 اور 4-11 رہا، حمزہ کو بھی ایونٹ کے پہلے راؤنڈ میں بائی ملا تھا۔ سیڈ نمبر چھ حمزہ خان کوارٹر فائنل میں سیڈ چار جاپان کے ٹومو اینڈو سے مقابلہ کریں گے جبکہ اشعب عرفان کل کوارٹر فائنل میں ملائیشیا کے جوشم چوایا سے مدمقابل ہوں گے۔ ایڈیلیڈ میں جاری ساؤتھ آسٹریلین اوپن اسکواش چیمپئن شپ کی مجموعی انعامی رقم 9 ہزار ڈالرز ہیں۔

پی ایس ایل پلے آف میچز، ڈی آر ایس سمیت اہم ٹیکنالوجیز سے محروم

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 10 ویں ایڈیشن کے پلے آف میچز ڈی آر ایس سمیت اہم ٹیکنالوجیز سے محروم رہ گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پی ایس ایل کے اہم میچز پر مشتمل آخری مرحلہ ڈی آر ایس، بال ٹریکنگ یا اسپیڈ گن کے بغیر آگے بڑھے گا۔ پاک بھارت کشیدگی بڑھنے کے سبب براڈ کاسٹرز میں شامل ہاک آئی کا عملہ میچز ری شیڈول ہونے کے بعد پاکستان واپس نہیں آیا، جس کے باعث اہم میچز کے دوران ٹیک ٹولز دستیاب نہیں۔

آئرش کپتان نے ویسٹ انڈیز کیخلاف تاریخ رقم کردی

پال اسٹرلنگ نے کیریئر کے 10 ہزار رنز بنانے کا سنگ میل عبور کیا

ڈبلن (آن لائن) ویسٹ انڈیز کیخلاف سیریز کے پہلے میچ میں آئرلینڈ کے کپتان پال اسٹرلنگ نے نئی تاریخ رقم کرڈالی۔ ڈبلن میں کھیلے گئے میچ میں آئرلینڈ نے ویسٹ انڈیز کو سیریز کے پہلے ون ڈے میچ میں آؤٹ کلاس کرتے ہوئے 124 سے شکست دے کر سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل کی۔ اس میچ میں کپتان پال اسٹرلنگ نے کیریئر کے 10 ہزار رنز بنانے کا سنگ میل عبور کیا، وہ یہ اعزاز حاصل کرنے والے پہلے آئرش بیٹر بنے۔ آئرلینڈ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 303 رنز بنائے، اینڈریو بالبرنی نے 112، ہیری ٹیکٹر نے 56 اور کپتان پال اسٹرلنگ نے 54 رنز اسکور کیے۔

شمن سے بریک اپ کرنیوالی سارہ کو بالی ووڈ اداکار نے چھوڑ دیا

کرکٹ بھگوان کی بیٹی سدھانت چترویدی کو ڈیٹ کررہی تھیں، رپورٹس

ممبئی (آن لائن) بھارت میں کرکٹ کے بھگوان کہلائے جانیوالے سچن ٹنڈولکر کی بیٹی سارہ کی شمن گل سے علیحدگی کے بعد بالی ووڈ اداکار سے علیحدگی اختیار کرلی۔ گزشتہ کئی سالوں سے یہ افواہیں گردش کررہی تھیں کہ بھارتی کرکٹ ٹیم کے رکن اور انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں گجرات ٹائٹنز کے کپتان شمن گل کی چینڈرے سچن ٹنڈولکر کی بیٹی سارہ ٹنڈولکر کے ساتھ رشتے میں ہیں تاہم دونوں نے بھی اس کی تصدیق نہیں کی۔ تاہم اب میڈیا رپورٹس نے اپنی رپورٹس میں دعویٰ کیا ہے کہ کرکٹ آئیکن سچن ٹنڈولکر کی بیٹی سارہ ٹنڈولکر نے مبینہ طور پر بالی ووڈ اداکار سدھانت چترویدی سے بھی بریک اپ کرلیا ہے۔ سدھانت اور سارہ کے درمیان تعلقات کی افواہیں رواں ماہ کے آغاز میں پھیلنا شروع ہوئیں تھیں۔

گورنمنٹ ہائی سکول پکلاک میں قائم تیراندازی ٹریننگ کیمپ میں پکلاک کے مختلف سکولوں کے طالبعلم تیر اندازی کی تربیت حاصل کر رہے ہیں

مون سون ایمرجنسی، ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے فوری اقدامات کرنا ہونگے، ڈی سی نصیر آباد

میونسپل کمیٹی مواصلات و تعمیرات روڈ بارشوں کے اخراج کو یقینی بنانے کیلئے اپنی مشینری تیار رکھیں، منیر احمد کاکڑ

سابقہ حالات کو مدنظر رکھ کر ابھی سے اقدامات کرنے ہوں گے تاکہ عوام کو مشکل حالات سے محفوظ رکھا جاسکے

نصیر آباد (نامہ نگار) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات کی روشنی میں ضلع نصیر آباد میں مون سون بارشوں کے متعلق پیشگی اقدامات کے حوالے سے اجلاس ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز تمام محکموں کے ڈسٹرکٹ ہیڈز اور ان کے نمائندگان موجود تھے اجلاس کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے ضلع نصیر آباد میں پیشگی اقدامات کے سلسلے میں تجاویز بھی لیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت کے احکامات پر مون سون بارشوں کے سلسلے میں تمام افسران و عملے کے ساتھ کسی بھی حالات سے نمٹنے کیلئے فوری اقدامات کرنا ہونگے ایم ایم ڈی۔ میونسپل کمیٹی مواصلات و تعمیرات روڈ اپنی مشینری کو تیار رکھیں میونسپل کمیٹی شہر سے ممکنہ بارشوں کے اخراج کو یقینی بنانے کیلئے ابھی سے اپنی مشینری تیار رکھیں بعد میں کسی قسم کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اجلاس میں مون سون ایمرجنسی کی صورتحال اور ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لئے پیشگی حفاظتی اقدامات اٹھانے اور تمام تر تیاریوں کے سلسلے میں متعلقہ محکموں کے سربراہان کو احکامات جاری کئے جارہے ہیں۔ مون سون بارشوں کے حوالے سے پیشگی اقدامات کرنا انتہائی ضروری عمل ہے ہمیں سابقہ تحفظن حالات کو مدنظر رکھ کر ابھی سے اقدامات کرنے ہوں گے تاکہ عوام کو ان مشکل حالات سے محفوظ رکھا جاسکے جن افسران اور محکموں کے نمائندگان کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں وہ اپنی ذمہ داری احسن طریقے سے سرانجام دیں فرائض میں غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی صوبائی حکومت کی جانب سے مون سون بارشوں سے قبل احتیاطی تدابیر کو اختیار کرنے کے حوالے سے ہمیں سخت احکامات موصول ہوئے ہیں جن پر ہر صورت عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا بزدل دشمن کی انتہائی گھٹیا حرکت ہے، سلیم کھوسہ

اپنے ہی بچوں کو نشانہ بنا کر ان دہشتگردوں کو کچھ بھی حاصل نہیں ہوگا، صوبائی وزیر

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے خضدار آرمی پبلک سکول بس پر دہشتگردوں کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا بزدل دشمن کی انتہائی گھٹیا حرکت ہے اپنے ہی بچوں کو نشانہ بنا کر ان دہشتگردوں کو کچھ بھی حاصل نہیں ہوگا معصوم بچوں کو نشانہ بنا کر یہ بزدل دہشتگرد صرف ملک کے دشمنوں کو فائدہ دے رہے ہیں ان کی اس حرکت سے پورا ملک بالخصوص صوبے کے ہر ذی شعور انسان کو ان دہشتگردوں سے نفرت ہوگئی ہے بھارت ان گھٹیا اور بزدلانہ کارروائیوں سے کبھی بھی اپنے ناپاک عزائم حاصل نہیں کرسکتا دہشتگردوں کو جڑ سے اکھاڑنے کا وقت حکومت وقت پر لازمی طور پر آگیا ہے وقت آگیا ہے کہ اب بلا جھجک و تفریق ان بزدل دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کی جائے انہوں نے کہا کہ بلوچ روایت اور تہذیب کی رگوں میں جو اقدار صدیوں سے رواں دواں ہے بلوچستان کی روایات کے مطابق چاہے حالات جنگ کے ہوں یا امن کے بچوں خواتین کو ہمیشہ امن و عزت دی جاتی ہے لیکن آج ان اصولوں کو روند ڈالا اس واقعے نے پورے بلوچستان کو سوگوار کردیا ہے۔ ہر آنکھ اشکبار ہے

اوستہ محمد، ایس ایچ او سٹی عبدالرؤف جمالی گرفتار ملزم کے بارے میں تفصیلات بتا رہے ہیں

باہمی رضامندی سے کی گئی حد براری اہمیت کی حامل ہوتی ہے، کمشنر لورالائی

حد براری کا مقصد امن و امان کو یقینی بنانا، کسی بھی ممکنہ تصادم سے بچنا ہوتا ہے، سعادت حسن

لورالائی (ن ن) کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن سے اقوام ولیزئی کے دونوں فریقین کے معتبرین ملک عزیز الرحمن اخوندزادہ، ملک اصغر ولیزئی اور نائب ڈسٹرکٹ کونسل چیئرمین خوشحال خان، عبدالوسیع ولیزئی و دیگر مشران نے ملاقات کی۔ متنازعہ حد کا سن زمین جو موضع سرہ ورگ، ورگی وچہ اور نالی ولیزئی پر شامل ہے کی حد براری کرنے کے حوالے سے کمشنر لورالائی ڈویژن کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر کمشنر نے دونوں فریقین کو صبر وتحمل سے کام لینے کی ہدایت کی۔ اس دوران انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر لورالائی کو ہدایت جاری کردی ہے کہ موقع کی مناسبت سے قانون کے مطابق بندوبست / حد براری کر کے فریقین کو ان کو صحیح حق دیا جائے۔ کمشنر لورالائی ڈویژن نے مزید کہا کہ دو اقوام کے درمیان حد براری کا مطلب بھی یہی ہے کہ دونوں فریقین کے درمیان سرحد یا حد بندی کو واضح اور متعین کیا جائے تاکہ زمین، وسائل یا اختیارات کے حوالے سے کسی قسم کا اختلاف یا تنازع پیدا نہ ہو۔ یہ حد براری معاہدے، نقشوں، نشانوں یا دیگر قانونی و انتظامی ذرائع سے کی جاتی ہے۔ حد براری کا مقصد امن و امان کو یقینی بنانا، باہمی تعلقات کو بہتر بنانا اور کسی بھی ممکنہ جھگڑے یا تصادم سے بچنا ہوتا ہے۔ اگر حد براری صحیح طریقے سے نہ کی گئی تو زمین یا وسائل کے دعوے کے باعث دشمنی، جنگ یا دیگر قسم کے خطرناک نتائج سامنے آسکتے ہیں۔ اس لیے اقوام کے درمیان باہمی رضامندی سے کی گئی حد براری نہایت اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔ اکثر اوقات حد براری میں اقوام کے بزرگوں اور دیگر ثالثین کی معاونت بھی لی جاتی ہے تاکہ انصاف اور غیر جانبداری کو یقینی بنایا جاسکے۔ کمشنر نے فریقین کو جلد از جلد حد براری کرکے مسئلے کو حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

خضدار، سورج سوا نیزے پر آگیا، پارہ 40 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا

سورج نے آگ برسانا شروع کردیا، شدید گرمی سے شہری بے حال ہونے لگے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں موسمیاتی تغیر پزیری رنگ دکھانے لگی، گزشتہ دو روز سے سورج سوا نیزے پر آگیا ہے اور پارہ 40 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا ہے، جس سے عوام بے حال ہونے لگے مئی کے مہینے میں خضدار میں سورج نے آگ برسانا شروع کردی پارہ 40 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا ہے۔ خضدار میں گرمی کی شدت میں اضافہ دن بھر سورج سوا نیزے پر آگیا، شدید گرمی سے شہری بے حال ہونے لگے ہیں خضدار میں موسم گرم ہونے کے ساتھ ساتھ موسم خشک ہونے کی وجہ سے بھی گرمی کی شدت میں اضافہ ریکارڈ کیا جانے لگا ہے، شدید گرم موسم کی وجہ سے گھروں اور دفاتر میں ایئر کولر اور ایئر کنڈیشنر کا استعمال بڑھنے لگا ہے موسمیات کے مطابق خضدار میں کم سے کم درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ زیادہ سے زیادہ 40 ڈگری تک جانے کے امکانات ہیں موسمی ماہرین نے پیش گوئی کی ہے کہ آئندہ چند ہفتوں تک بلوچستان بھر میں بارش کا کوئی امکان نہیں ہے

سکول وین میں معصوم بچوں کو نشانہ بنانے میں بھارت ملوث ہے، اختر بی بی

خضدار کا واقعہ بھارت کی ریاستی سرپرستی میں چلنے والی دہشتگردی کا منہ بولتا ثبوت ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کی رکن قومی اسمبلی اختر بی بی نے خضدار میں بچوں کی سکول وین پر ہونے والے دہشتگردانہ حملے کو سخت مذمت کرتے ہوئے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا بھارتی خفیہ ایجنسیوں کے بلوچستان میں جاری مکروہ عزائم کی عکاسی کرتا ہے۔ خضدار کا واقعہ محض ایک دہشتگرد حملہ نہیں، بلکہ دشمن ملک بھارت کی ریاستی سرپرستی میں چلنے والی دہشتگردی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ معصوم بچوں پر حملہ انہی مذموم سازشوں کا حصہ ہے بھارت بلوچستان میں بدامنی خوف اور تعلیمی ماحول کو تباہ کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں تاکہ یہاں ترقی کا عمل روک دیا جائے بلوچستان کے بہادر عوام دشمن کی کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے حکومت پاکستان، افواج پاکستان اور سیکیورٹی اداروں سے مطالبہ ہے کہ خضدار واقعے میں ملوث دہشتگردوں کو فوری طور پر گرفتار کرے انہوں نے کہا کہ ہم تعلیم، امن اور ترقی کے سفر کو ہر حال میں جاری رکھیں گے دشمن کو ہر محاذ پر شکست دیں گے۔ رکن قومی اسمبلی اختر بی بی نے شہید بچوں کے لواحقین سے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے، اور بلوچستان کے بچوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

ایس ایس پی لسبیلہ کی خصوصی ہدایت پر تھانہ لیاری پولیس کی کارروائی

اوتھل (آن لائن) ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی خصوصی ہدایت پر تھانہ لیاری پولیس کی کارروائی، کراچی کے تھانہ ماڑی پور کی حدود سے چوری کی گئی موٹر سائیکل برآمد، دو ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیوں کی ہدایات کے تحت ایس ایچ او لیاری شاہد اقبال نے اپنی ٹیم کے ہمراہ مکران کوسٹل ہائی وے پر فیضو ہوٹل کے قریب سنیپ چیکنگ کے دوران مشکوک موٹر سائیکل کو روک کر تلاشی لی۔ موٹر سائیکل پر سوار افراد نے اپنا نام محمد عباس ولد غلام رسول قوم بلوچ، سکنہ بلوچ کالونی حب، اور عبدالرزاق ولد محمد رمضان قوم بلیدی، سکنہ سعید آباد کراچی بتایا۔ تفتیش کے دوران معلوم ہوا کہ موٹر سائیکل یونیک بغیر رجسٹریشن نمبر (تھانہ ماڑی پور کراچی کی حدود سے چوری کی گئی تھی۔

خضدار اسکول بس میں بہنے والا خون ہماری قومی غیرت کا قرض ہے، شیر افغان

جنگی محاذ پر ناکامی کے بعد بزدلانہ دشمن معصوم جانوں کا خون بہا کر بدلہ لینا چاہتا ہے

وقت آگیا ہے کہ دشمن کو اس کی زبان میں جواب دیا جائے، چیئرمین میونسپل کمیٹی کوہلو

کوہلو (نمائندہ مشرق) چیئرمین میونسپل کمیٹی کوہلو سردارزادہ شیر افغان زرکون نے سانحہ خضدار کو انسانیت پر حملہ اور قومی غیرت کے خلاف گھناؤنی سازش قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسکول کے معصوم بچوں پر دہشت گردی کسی جنگ کا حصہ نہیں بلکہ دشمن کی بزدلی، بربریت اور سفاکی کی بدترین علامت ہے اپنے جاری ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سرزمین کو عرصہ دراز سے بھارت نے ہدف بنا رکھا ہے اور اب جب جنگی محاذ پر اسے ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا تو وہ بزدلانہ حملوں کے ذریعے معصوم جانوں کا خون بہا کر اپنی شکست کا بدلہ لینا چاہتا ہے خضدار کے اسکول میں بہنے والا ایک ایک قطرہ خون ہماری قومی غیرت کا قرض ہے جس کا حساب دشمن سے چکایا جائے گا، سردارزادہ شیر افغان زرکون نے کہا کہ یہ حملہ ہمیں سانحہ اے پی ایس کی طرح ہلا کر رکھ دینے والا واقعہ ہے فرق صرف اتنا ہے کہ اس بار دشمن نے بلوچستان کو چنا اور نشانہ وہی معصوم بچے بنے جن کے بستوں میں کتابیں تھیں، بارود نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وقت آگیا ہے کہ دشمن کو اس کی زبان میں جواب دیا جائے۔ یہ صرف ریاست کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہم سب کی اجتماعی غیرت اور قومی فریضہ ہے کہ دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچایا جائے۔

جنگل پیر علیزئی، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی، ڈی پی او شاہد نسیم کاکڑ اصغر با چا خان محب اللہ اچکزئی و دیگر ڈی سی کمپلیکس جنگل پیر علیزئی میں نئے تعمیرات ڈی پی او ہاؤس ڈی سی ہاؤس اسسٹنٹ کمشنر ہاؤس پر جاری تعمیراتی کام کا معائنہ کررہے ہیں

TENDER NOTICE

TSE-242505724873 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA DIVISION QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/- and bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Rehabilitation and Missing Facilities at Student's Hostel Government Commerce College Quetta	37,632,905

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 26,343,033 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **06 June, 2025**during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **06 June, 2025till 09:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **09:15 AM**

Address: New Zarghoon Road
Phone no: 0819211904**Fax no:** 0819211904
Email: engr.inam2011@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA

PRQ No.4561/22-5-2025
www.dpr.gob.pk | dpr_gob | dpr_gob | dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-242505725163 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA DIVISION QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/- and bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	PROVISION OF SOLAR STREETS LIGHTS AT KILLI HAJI RAMAZAN ACHAKZAI PASHTOON BAGH	9,898,200

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 6,928,740 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **06 June, 2025**during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **06 June, 2025till 09:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **09:15 AM**

Address: New Zarghoon Road
Phone no: 0819211904**Fax no:** 0819211904
Email: engr.inam2011@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA

PRQ No.4563/22-5-2025
www.dpr.gob.pk | dpr_gob | dpr_gob | dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-242505723733 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Cadet College Mastung invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Tender Fee Rs.1500 & Bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Solarization Of Tube Well	8,392,035

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 7,834,522 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is EE11(i) (Solar), ME07(v) (General Mechanical Works only). **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 13 June, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 13 June, 2025till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM **Address:** cadet college mastung balochistan

Phone no: 0843895446**Fax no:** 0843896461
Email: cadetcollege.mastung@yahoo.com

PRINCIPAL CADET COLLEGE MASTUNG

AB No.1140/22-5-2025
www.dpr.gob.pk | dpr_gob | dpr_gob | dgpr.balochistan

بقیہ نائب وزیر اعظم **1**

نے ایک دوسرے کے ملک میں سفیر بھیجنے پر اتفاق کرلیا انہوں نے کہا کہ بھارت کو پیغام ہے کہ "عزت اسی میں ہے کہ ہم سے صلح کرلے، پہلگام واقعے پر ہاتھ صاف نہ ہوتے تو تحقیقات کروانے کی پیشکش نہ کرتے ۔ خضدار میں بس پر حملہ قابل مذمت ہے، بھارتی پراکسیز کو باز آجانا چاہیے، بھارت کی فضا اور زمین پر جو حالت ہوئی سبق سیکھنا چاہیے، دہشتگردی کے مسئلے پر بیٹھ کر لائحہ عمل متعین کرنا ہے، اے پی ایس واقعہ میں بھی دلخراش مناظر دیکھے، بلیم گیم میں نہیں پڑنا چاہتا، ماضی میں بارڈرز کھول کر 40 ہزار لوگوں کو آنے دیا، دہشتگردوں کو لا کر بسایا گیا، پاکستان، خطے سے دہشتگردی ختم کرنا بہت ضروری ہے، دورہ چین کے دوران بھی دہشتگردی کا معاملہ زیر بحث آیا، دریں اثنا پریس کانفرنس کرتے ہوئے نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا دورہ چین انتہائی کامیاب رہا، چین نے پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری کی حمایت کردی، پاکستان، چین، افغانستان کا مشترکہ فیصلہ ہے خطے سے دہشتگردی کو ختم کرنا ہے، چین سی پیک ٹو کو شروع کرنے کیلئے تیار ہے، بیجنگ نے مسئلہ کشمیر پر بھی پاکستان کی حمایت کا اعادہ کیا، اسحاق ڈار نے کہا 19 اپریل کو دورہ کابل کے دوران کیے گئے معاہدوں پر پاکستان میں عملدرآمد ہو چکا ہے، چینی وزیر خارجہ نے جلد پاکستان آنے کی حامی بھری، 23 اپریل سے 10 مئی تک تقریباً 60 ممالک کیساتھ رابطے میں رہا، ہمسایہ ممالک کا بیانیہ جھوٹا نہیں دیا، بھارت کا جھوٹ دنیا پر آشکار کیا، ہمسایہ ملک نے ایف 16 طیارے گرانے کا جھوٹا پروپیگنڈا کیا، بھارت کو کہا آپ کی طرح ڈرپوک نہیں، جب حملہ کریں گے تو بتا کر کریں گے، بھارت کا موقف مکمل طور پر ناکام ہوا ہم نے جو کیا صرف اپنے دفاع میں کیا، جنگ بندی مرحلہ وار طریقے سے کامیابی سے جاری ہے، بھارت کا بیانیہ پلوامہ کے بعد بنا مگر اب ناکام بنا دیا، نائب وزیر اعظم نے کہا سہ فریقی اجلاس میں اتفاق کیا اپنی سرزمین کو دہشتگردی کیلئے استعمال نہیں ہونے دیں گے،

بقیہ کور کمانڈرز کانفرنس **2**

نہیں جائے گا، پاکستان کے عوام کا تحفظ مسلح افواج کی اولین ترجیح رہے گا، پاکستان کو کمزور کرنے کے لئے پراکسیوں کا استعمال بھارت کا وطیرہ رہا ہے، پاکستان کسی صورت بھی بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے ذریعے اپنے امن پر سمجھوتہ کرنے کی اجازت نہیں دے گا، مسلح افواج، انٹیلی جنس ایجنسیوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان ہم آہنگی کے ساتھ، دہشت گرد پراکسیوں اور ان کے سہولت کاروں کا غیر متزلزل عزم کے ساتھ مقابلہ کریں گی۔ جمعرات کو آئی ایس پی آر کے اعلامیہ کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نشان امتیاز (ملٹری)، چیف آف آرمی سٹاف کی زیر صدارت 270 ویں کور کمانڈرز کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس کا آغاز آپریشن بنیان مرصوص اور بلوچستان کے ضلع خضدار میں دہشت گردانہ حملے کے شہداء کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی سے ہوا شرکاء نے کہا کہ یہ سفاکی بھارت کی پشت پناہی سے چلنے والی پراکسیز کے ذریعے کی گئی، جس کے نتیجے میں چار معصوم بچے اور دو بے گناہ افراد شہید ہو ئے۔ فورم نے نہتے شہریوں، بالخصوص معصوم بچوں کو دانستہ نشانہ بنانے کو انسانیت کے بنیادی اصولوں اور بین الاقوامی قوانین کی صریحاً اور قابل مذمت خلاف ورزی قرار دیا۔ فورم نے معرکہ حق کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا جنہوں نے بھارت کی بلا اشتعال جارحیت کے دوران اپنی جانوں کا قیمتی نذرانہ پیش کیا۔ فورم نے اعادہ کیا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، پاکستان کے عوام کا تحفظ مسلح افواج کی اولین ترجیح رہے گا۔ شرکاء کانفرنس نے فیلڈ مارشل کی سٹریٹجک وژن، غیر متزلزل قیادت اور قومی دفاع کے لیے ان کی مؤثر اور گراں قدر خدمات کا بھی اعتراف کیا۔ فورم نے آرمی چیف کو فیلڈ مارشل کا اعزاز ملنے پر مبارکباد پیش کی۔ فورم نے اندرونی اور بیرونی سلامتی کے درپیش چیلنجز اور مجموعی سکیورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اعلامیہ کے مطابق فورم نے خاص طور پر معرکہ حق کے ایک اہم اور فیصلہ کن مرحلے آپریشن بنیان مرصوص کی کامیاب تکمیل کو سراہا۔ فورم نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت، باہمی ہم آہنگی، بلند حوصلے اور قوم کی غیر متزلزل حمایت کو سراہا۔ فورم نے پاکستانی میڈیا اور انفارمیشن واریئرز کو سراہا جو بھارتی پروپیگنڈے، جعلی خبروں اور جنگی جنون کے خلاف ریاست کے ساتھ قدم ملا کر کھڑے رہے۔ شرکاء نے کانفرنس نے کہا کہ پاکستانی میڈیا نے حقائق اور اعداد و شمار کو درست طریقے سے پیش کرتے ہوئے عوامی اعتماد کو فروغ دیا اور غلط معلومات کا تدارک کیا۔ فورم نے پاکستانی نوجوانوں کے جذبے اور متحرک شراکت کو تہہ دل سے سراہا، جن کی قومی حب الوطنی اور جوش و جذبے نے نہ صرف قومی روح کو اجاگر کیا، بلکہ قومی بیانیے کو مؤثر انداز میں پیش کیا۔ فورم نے سیاسی قیادت کو ان کی دور اندیشی، معرکہ حق کے دوران بے مثال قیادت، پختہ یقین اور غیر متزلزل عزم کے ساتھ قوم کی رہنمائی پر سلام پیش کیا۔ فورم نے بھارتی مسلح جارحیت کے خلاف کامیابی کو ان عوامل کی مرہون منت قرار دیا۔ فورم نے پاکستان کے مؤثر اور بروقت دفاعی رسپانس کو مثالی قرار دیا۔ فورم نے پاکستان کی بھرپور جوابی دفاعی کارروائی کو بہترین اور واضح تزویراتی حکمت عملی کا عکاس قرار دیا۔ فورم نے پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت کی بقاء کے لئے کسی بھی بیرونی جارحیت کا مکمل آپریشنل تیاری سے مقابلہ کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ فورم نے اعادہ کیا کہ طاقت کے استعمال اور دھمکی آمیز رویے کے ذریعے پاکستان پر دباؤ ڈالنے کی کسی بھی کوشش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ فورم نے قومی مفادات کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ فورم نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں متحرک ہندوستانی حمایت یافتہ دہشت گرد پراکسیوں کی سرکوبی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لانے کا اعادہ کیا۔ شرکاء نے کہا کہ پہلگام واقعے کی آڑ میں کی جانے والی جارحیت کی ناکامی پر بھارت پاکستان میں بدامنی پھیلانے کے خفیہ منصوبے پر عملدرآمد کر رہا ہے۔ فورم نے کہا کہ بھارت ایک جانب خود کو دہشت گردی کا شکار ظاہر کرتا ہے، جبکہ درحقیقت وہ خود دہشت گردی کا مرتکب اور علاقائی عدم استحکام کا مرکز ہے۔ شرکاء نے کہا کہ پاکستان کو کمزور کرنے کے لئے پراکسیوں کا استعمال بھارت کا وطیرہ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کسی صورت بھی بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے ذریعے اپنے امن پر سمجھوتہ کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔ شرکاء کانفرنس نے کہا کہ مسلح افواج، انٹیلی جنس ایجنسیوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان ہم آہنگی کے ساتھ، دہشت گرد پراکسیوں اور ان کے سہولت کاروں کا غیر متزلزل عزم کے ساتھ مقابلہ کریں گی۔ شرکاء کانفرنس نے کہا کہ انتشار اور خوف کی فضا پیدا کرنے کے لیے بیرونی سرپرستی میں کام کرنے والے ملک دشمن عناصر کو قومی عزم اور مکمل استعداد کے ساتھ نیست و نابود کر دیا جائے گا۔ فورم نے حالیہ کشیدگی کے تناظر میں علاقائی سلامتی اور مشرقی بارڈر پر سیکیورٹی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ فورم نے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین اور مسلسل خلاف ورزیوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ فورم نے بھارت کی اشتعال انگیز کارروائیوں کی سخت مذمت کی اور انہیں مقامی سطح پر فطری ردعمل کے جبر کا شاخسانہ قرار دیا۔ فورم نے خطے میں پائیدار امن کے لئے بین الاقوامی برادری کی فوری توجہ اور مؤثر مداخلت کی ضرورت پر زور دیا۔ فورم نے کشمیریوں کی حق خود ارادیت کے لیے جاری منصفانہ جدوجہد اور ان کی مکمل سفارتی، سیاسی، اخلاقی اور انسانی حمایت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ وزیر اعلیٰ **3**

ڈاکٹر فیصل خان نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت پہلا ماؤنٹین ویو آئی ٹی پارک مکمل ہوگیا ہے پارک میں تین سافٹ ویئر ہاؤسز کے قیام سے 100 نوجوانوں کو روزگار ملا بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ڈیڑھ ارب روپے کی بچت اور بغیر سرکاری اخراجات کے پارک کی تکمیل ہوئی جبکہ کوئٹہ میں کچرا اٹھانے کی استعداد 300 ٹن سے بڑھا کر 1000 ٹن روزانہ کردی گئی ہے ایک سال میں صوبے کے 3200 بند اسکول دوبارہ فعال کردیے گئے وزیر اعلیٰ نے اجلاس میں میونسپل قوانین پر عمل درآمد کے لئے مجسٹریٹس کی تعیناتی کی منظوری دے دی انہوں نے کہا کہ سروس ڈیلیوری کے نظام کو مزید موثر اور شفاف بنایا جارہا ہے میونسپل سروسز کی بہتری کے لیے اصلاحات کے ثمرات سامنے آ رہے ہیں انہوں نے کہا تعمیری تنقید کا خیر مقدم، اچھے کاموں کی حوصلہ افزائی سب کی ذمہ داری ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آئندہ بجٹ شفاف ہوگا،

بقیہ بلاول **4**

پی پی پی کے سیکریٹری جنرل ہمایوں خان اور پی پی پی ہیومن رائٹس سیل کے سربراہ فرحت اللہ بابر نے بھی ملاقات کی۔ تفصیلات کے مطابق ملاقات میں بلاول بھٹو زرداری نیا امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جنگ بندی معاہدے میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کردار قابل تعریف ہے۔

بقیہ بیٹن آف فیلڈ مارشل **5**

صوبوں کے وزرائے اعلیٰ، گورنرز بھی شریک ہوئے، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت آصف زرداری نے کہا تقریب کا مقصد بہادر سپوتوں کو خراج تحسین پیش کرنا ہے، پوری قوم کو اپنی بہادر مسلح افواج پر فخر ہے، سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کا اعزاز دینا قابل فخر ہے، سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کا اعزاز دینے کی منظوری پر مجھے بہت مسرت ہوئی، صدر مملکت نے کہا معرکہ حق کے دوران فیلڈ مارشل عاصم منیر نے فرنٹ سے لیڈ کیا، دشمن کیخلاف پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ تھی، وطن عزیز کے چپے چپے کا دفاع کرنا جانتے ہیں، بھرپور جواب نے دنیا پر صلاحیتیں ثابت کردیں، وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا اپنے ہیروز کی خدمات کے معترف ہیں، بھرپور، موثر جواب سے دشمن گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہوا، عسکری قیادت نے دشمن کیخلاف بے مثال اور تاریخی فتح حاصل کی، افواج پاکستان نے دشمن کے غرور کو خاک میں ملایا، کشیدہ صورتحال میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کا جذبہ، عزم مثالی تھا، وطن عزیز کیلئے فیلڈ مارشل عاصم منیر کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ملکی سلامتی اور خودمختاری کیلئے فیلڈ مارشل کا کردار نہایت اہم ہے۔

بقیہ ڈی جی آئی ایس پی آر **6**

کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج نے بھارتی فوج کو ایسا سبق سکھایا ہے جو وہ کبھی نہیں بھولیں گے۔ بھارتی حملے کا مقابلہ کرنے کے لیے جو عسکری حکمت عملی اپنائی گئی ہے وہ کئی دہائیوں تک زیر مطالعہ رہے گی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستانی فوج نے بھارت پر برتری حاصل کی ہے اور حالیہ حملے میں بھارت کو اپنے مقاصد حاصل کرنے سے روک دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی فوج کا حوصلہ اور بھارت پر حاصل کی گئی برتری نے عوام کے دلوں میں فوج کی محبت کو بڑھا دیا ہے اور اب فوج عزت اور فخر کی علامت بن چکی ہے۔ اس سوال پر کہ حالیہ جھڑپوں میں پاکستان اور بھارت میں سے کون فاتح رہا؟ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ ہم ہمیشہ کہتے ہیں کہ جنگ ہماری ہے اور فتح صرف اللہ کی ہے، لہٰذا میرا خیال ہے کہ اس سوال کا جواب بین الاقوامی برادری، پوری دنیا اور غیر جانبدار مبصرین کے پاس ہے، کیونکہ وہ اس کا درست جواب دے سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سوال اس وقت واضح ہو جاتا ہے جب آپ پاکستان کی سڑکوں اور شہروں کا دورہ کریں، اس کا جواب آپ پاکستانی عوام کے چہروں پر دیکھ سکتے ہیں، ان کی خوشیاں اور جشن جو وہ ابھی منا رہے ہیں، لہٰذا اس سوال کا جواب بہت ہی واضح ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ معاملہ صرف عسکری میدان تک محدود نہیں ہے، نہ ہی یہ محض فضائی اور زمینی لڑائیوں تک محدود ہے۔ اس تنازع میں پاکستان نے جھوٹ، فریب، دباؤ، جارحیت اور بھارت کے دیگر کئی پہلوؤں کا پردہ چاک کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلگام واقعے کے بعد بھارت نے ایک فرضی کہانی گھڑی اور پاکستان کا مطالبہ بہت سادہ تھا، اگر آپ کے پاس کسی پاکستانی شہری کے ملوث ہونے کا کوئی ثبوت ہے تو براہ کرم وہ ثبوت پیش کریں، اسے بین الاقوامی برادری، کسی تیسرے فریق یا کسی معتبر ادارے کے حوالے کریں تاکہ شفاف تحقیقات ہوسکیں، بھارت کے پاس کوئی جواب نہیں تھا اور آج تک وہ اس کا جواب نہیں دے سکا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ وہ (بھارت) اپنی فضائیہ کی پوری طاقت اور دستیاب دفاعی نظام کے ساتھ اپنی مرضی کے وقت اور جگہ پر آئے، ہم نے ان کے 6 ہوائی جہاز گرا دیے، لہٰذا ہمیں وہاں برتری حاصل رہی اور ہم نے انہیں سخت ترین سزا دی، دنیا نے دیکھا کہ بھارتی فورسز نے لائن آف کنٹرول اور دوسری سرحدوں پر کئی مقامات پر سفید جھنڈے لہرائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بھارت پر حملہ نہیں کیا، ہمارا جواب رات کے اندھیرے میں نہیں تھا جیسا کہ بزدل کرتے ہیں، ہم نے اعلان کیا کہ ہم جواب دیں گے، اس لیے تیار رہیں، ہم نے 26 اہداف منتخب کیے اور الحمدللہ، 26 کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہاں تک کہ معلومات کے میدان میں بھی ہم شفاف رہے، ہم نے سچ بولا، جھوٹ نہیں بولا نہ ہی حقائق کو مسخ کیا، دنیا نے دیکھا کہ ان کا میڈیا اور حکومت مسلسل جھوٹ بولتے رہے اور آج تک مختلف بے بنیاد کہانیاں پیش کر رہے ہیں۔

بقیہ عالمی بینک وفد **7**

استحکام کیلئے سی پی ایف کی اہمیت اور کردار پر اتفاق کیا، سینیٹر اورنگزیب اور عالمی بینک کے اعلیٰ سطح وفد کے درمیان وزارت خزانہ میں ملاقات ہوئی، عالمی بینک کے وفد کی قیادت منیجنگ ڈائریکٹر آپریشنز انا بیرڈے کررہی تھیں،

بقیہ عمران خان **8**

مجھے خیبر پختونخوا کے علاقوں میں کیے گئے ڈرون حملوں کی تفصیلات کا پتہ چلا، ڈرون حملوں میں معصوم شہریوں کی شہادت پر نہایت رنجیدہ ہوں، شدید مذمت کرتا ہوں، خیبر پختونخوا حکومت وفاقی حکومت کو احتجاج ریکارڈ کرائے، ڈرون حملوں میں معصوم شہریوں کی اموات سے دہشتگردی کم نہیں ہوتی بلکہ مزید بڑھتی ہے اگر آپ دہشت گردی کیخلاف ہیں تو اپنے ہی لوگوں کے گھروں پر بم مت گرائیں، سابق وزیر اعظم نے کہا جنرل عاصم منیر فیلڈ مارشل بن گئے ویسے بہتر تھا فیلڈ مارشل کی جگہ خود کو بادشاہ کا ٹائٹل دیتے، میرے ساتھ ڈیل کی افواہیں پھیلائی جارہی ہیں، کوئی ڈیل ہوئی نہ ہی ڈیل پر بات چیت جاری ہے، خود اسٹیبلشمنٹ کو دعوت دے رہا ہوں اگر پاکستان کے مفاد میں بات کرنا چاہتے ہیں، پاکستان کی فکر ہے تو آکر بات کریں، ملک کو بیرونی خطرات، بڑھتی دہشت گردی اور معیشت کی بحالی کیلئے اکٹھا ہونا پڑے گا پہلے اپنے لیے کچھ مانگ رہا تھا نہ اب مانگوں گا۔

بقیہ سٹیم کیپسول **9**

نے پانچ جعلی ادویات کی نشاندہی کرتے ہوئے عوام کو محتاط رہنے کی ہدایت کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈریپ نے عوام کو محتاط رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سٹیم کیپسول 400 ملی گرام کو جعلی قرار دے دیا گیا ہے جو مریضوں کی صحت کے لیے خطرناک ہو سکتا ہے۔

بقیہ بس **10**

اور انسداد دہشت گردی کی دفعات کے تحت درج کیا گیا ہے دھماکے میں 5 طالبات سمیت 7 افراد شہید اور 35 سے زائد زخمی ہوئے تھے زخمیوں میں سے متعدد کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔

بقیہ بیانات ریکارڈ **11**

سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ کے روبرو ہوئی، بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو پیش کیا گیا، سماعت کے دوران پولیس ہیڈ کانسٹیبل قدیر، مجسٹریٹ کا بیان قلمبند کیا گیا اور سب انسپکٹر ریاض کا جزوی بیان بھی دوران سماعت ریکارڈ ہوا قبل ازیں اڈیالہ جیل میں جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت کیلئے عدالت کا عملہ، اسٹینو گرافر، ریڈرز ریکارڈ سمیت پہنچے،

بقیہ عیدالاضحیٰ **12**

8 بجکر 2 منٹ پر ہوگی اور غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر تقریباً 11 گھنٹے 13 منٹ ہوگی جبکہ چاند کی رویت کیلئے عمر 16 سے 18 گھنٹے ہونا ضروری ہے۔

بقیہ واشنگٹن فائرنگ **13**

لینڈ کرسٹی نوم نے بتایا فائرنگ کا واقعہ واشنگٹن ڈی سی میں یہودی میوزیم کے قریب پیش آیا، اسرائیلی سفارتخانے کے 2 اہلکاروں کو فائرنگ کرکے قتل کیا گیا، مرد اور خاتون شامل ہیں، فائرنگ کے وقت اسرائیلی سفیر موجود نہیں تھے، واشنگٹن ڈی سی میں پولیس حکام نے کہا فائرنگ کے شبے میں 30 سال شخص کو حراست میں لے لیا، اسرائیلی سفارتخانے نے بیان میں کہا ہلاک ہونے والوں کو قریب سے نشانہ بنایا گیا۔

بقیہ معذور **14**

کوئٹہ میں خضدار دھماکے کے زخمی ہونے والے بچوں کی عیادت کرنے کے بعد ایکس پر اپنے ایک پیغام میں کہا کہ دھماکے میں زخمی ہونے والے بچوں کی عیادت کے لیے اسپتال گیا۔ وہاں ایک باپ سے ملاقات ہوئی جس کے تمام بچے جاں بحق ہو چکے تھے۔ ایک بچی موقع پر ہی دم توڑ گئی، دوسری اسپتال میں دم توڑ گئی اور تیسرا بیٹا تشویشناک حالت میں ہے۔ بچوں کی ٹانگیں چاک ہو چکی تھیں، آنتیں جسم سے باہر نکل چکی تھیں کچھ بچوں کی ٹانگیں کچلی یا ٹوٹ چکی تھیں کیونکہ بس کی چھت اڑ گئی تھی اور دھماکے کے شدید جھٹکے نے بچوں کو ان کی نشستوں سے اچھال کر کئی فٹ فضا میں پھینک دیا تھا اور وہ واپس آکر بس یا زمین پر گرے۔

بقیہ محمود اچکزئی **15**

کے مسئلے پر اپنا کردار ادا کریں، پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمود اچکزئی نے کہا دنیا کی بعض طاقتیں چاہتی ہیں خطے میں جنگ ہو، چین، پاکستان اور افغانستان کے وزرائے خارجہ مل کر بیٹھے، صادق خان کے افغانستان کیساتھ اچھے تعلقات ہیں، فائدہ اٹھائیں، افغانستان ہمسایہ ملک، خطے کیلئے ضروری ہے اختلافات کو بھلا کر مل کر چلیں، خطے کے ممالک کو جنگ سے بچائیں، پاکستان جمہوری ملک ہے، بانی پی ٹی آئی کو جیل میں رکھنا زیادتی ہے، بانی پی ٹی آئی باعزت طریقے سے جیل سے رہا ہوں، سیاسی جماعتوں میں باہمی احترام وقت کی ضرورت ہے۔

بقیہ دہشتگرد **16**

مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 3 دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا، گرفتار دہشتگردوں میں نعمت، نور اور صابر شامل ہیں، اسلحہ، ایمونیشن اور دھماکہ خیز مواد برآمد کرلیا گیا، ترجمان کے مطابق ملزم عسکری تربیت یافتہ، رومان رئیس اور اسلام الدین گروپ سے وابستہ ہیں، نعمت 2018 میں فتنہ الخوارج میں شامل ہوا اور افغانستان سے تربیت حاصل کرکے آیا۔

بقیہ وزیر اعظم **17**

نے پہلگام واقعے کے بعد پاکستان پر بے بنیاد الزامات لگائے اور نہتے پاکستانیوں پر حملے کیے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان نے بھارتی شہریوں کو نشانہ نہیں بنایا، نپی تلی کارروائی سے بھارت کو بھرپور جواب دیا، روایتی جنگ میں بھارت کی برتری کا تاثر غلط ثابت کردیا، سپہ سالار فیلڈ مارشل عاصم منیر نے فرنٹ سے سب کو لیڈ کیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ جب تک کشمیریوں کو ان کا حق نہیں مل جاتا پاکستان کشمیریوں کا ساتھ دیتا رہے گا۔ وزیر اعظم نے شہداء کے لواحقین میں امدادی رقوم کے چیک تقسیم کیے، کہا امدادی پیکج حکومت کی ذمے داری ہے۔

بقیہ عطاالرحمن **18**

دیکھنا چاہیے، کم عمری کی شادی کا بل منظور کرکے قوم کو تقسیم کا پیغام دیا گیا، اپنے گریبان میں جھانکیں۔

بقیہ علیمہ خان **19**

کو بتایا میری بہن باہر ہے، اندر آنے دیں، جج صاحب کے احکامات کے باوجود اندر نہیں بلایا گیا، ملاقاتوں میں بھی رکاوٹ ڈالی جارہی ہے، بانی پی ٹی آئی نے کہا ایک قیدی کی سہولت بھی نہیں دی جارہی، علیمہ خان نے کہا چیف الیکشن کمشنر کی مدت پوری ہوچکی، ابھی تک نئے الیکشن کمشنر کو تعینات ہوجانا چاہیے تھا، بانی نے کہا نظام ایسے نہیں چل سکتا، پاکستان کو متحد ہونا چاہیے، چیئرمین پی ٹی آئی کی بات پارٹی کی رائے نہیں، بیرسٹر گوہر نے آرمی چیف کو فیلڈ مارشل کا خطاب دینے پر بیان ذاتی حیثیت میں دیا۔

بقیہ احتجاج کیس **20**

کارکنوں کے ضمانتی مچلکے کم کرنے کی استدعا بھی منظور کر لی گئی، عدالت نے پی ٹی آئی کے 86 کارکنوں کی ضمانتیں 10، 10 ہزار روپے کے مچلکوں کی عوض منظور کیں۔

بقیہ متبادل پلان **21**

آئی ایم ایف کے درمیان آئندہ مالی سال 2025-26 کے بجٹ سے متعلق مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل ہوچکے، حکومت نے بجٹ میں سپر ٹیکس میں کمی، ریئل سٹیٹ اور تنخواہ دار طبقے سمیت مختلف شعبوں کو ریلیف دینے کی تجویز کے تحت متبادل ذرائع سے ریونیو اکٹھا کرنے کا پلان آئی ایم ایف کے سامنے پیش کردیا، آئی ایم ایف کی جانب سے ریلیف اقدامات پر سخت رویہ اختیار کیا جا رہا ہے اور ابھی تک حکومت، آئی ایم ایف کے درمیان کسی ریلیف پر اتفاق نہیں ہوسکا، آئی ایم ایف نے صوبائی اخراجات کم کرنے، آمدن بڑھانے اور زرعی آمدن پر انکم ٹیکس کی وصولی کیلئے سخت اقدامات کرنے کا مطالبہ کردیا،

بقیہ کانگریس لیڈر **22**

نے 15 ہزار روپے کے 5,000 چینی ساختہ ڈرونز بھیجے جنہیں مار گرانے کے لیے بھارت نے 15 لاکھ روپے کے میزائل استعمال کیے۔

بقیہ پی آئی اے **23**

پیرس کے لیے پہلی پرواز 18 جون کو اڑان بھرے گی۔ لاہور سے پیرس کے لیے ہفتہ وار پرواز بدھ کے روز براہ راست روانہ ہوا کرے گی۔ پی آئی اے پہلے ہی اسلام آباد سے پیرس کے لیے ہفتہ وار دو پروازیں آپریٹ کر رہی ہے اس پرواز کے آغاز سے ہفتہ وار تین براہ راست پروازیں پی آئی اے کے آپریشن کا حصہ بن جائیں گی۔

بقیہ بجٹ **24**

کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے تمام اختیارات اپنے ساتھ رکھ لیے اور آئندہ بجٹ میں صوبائی اسمبلی ممبران کیلئے پچاس کروڑ روپے سے زائد رقم نہ دینے کا بھی پالیسی بنادی ہے جبکہ بھی پچاس کروڑ روپے متعلقہ ایم پی اے اپنے اختیارات استعمال نہیں کرسکتے بلکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جو تجاویز دیکھے یا کوئی اسکیم کی نشاندہی کرینگے اس سے متعلق استعمال کرے گی باقی بجٹ وزیراعلیٰ بلوچستان اپنے اختیارات ساتھ میں بلدیاتی نمائندوں کو بھی حصہ دینے کا فیصلہ کرلیا ہے ایک صوبائی وزیر نے اپنے نام نہ بتانے کی شرط پر بتایا کہ موجودہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہم لوگوں کو مکمل طور پر بے اختیار کرلیا ہے ہمارے حق میں کچھ نہیں ہے

بقیہ میر سرفراز بگٹی **25**

پارلیمانی سیکرٹری اسفندیار خان کاکڑ سیکرٹری کالجز محمد صالح بلوچ اور لیکچرر میڈیا اسٹڈیز گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج سریاب مل کوئٹہ صائمہ بلوچ بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ وزیر اعلیٰ نے کالج کی کوئٹہ اور صوبے کے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والی نمایاں پوزیشن ہولڈر طالبات نے بات چیت کی اور ان کے تعلیم دوست اقدامات کو سراہا وزیراعلیٰ نے کہا کہ سانحہ خضدار کے طلباء سے اظہار ہمدردی اور یکجہتی کے لیے بلوچستان بھر کے اسکولوں اور کالجز میں شمعیں روشن کی جائیں

بقیہ عمران انکار **26**

آصف جاوید کی سربراہی میں اڈیالہ جیل پہنچی، تفتیشی ٹیم کو بانی پی ٹی آئی کا 9 مئی کے کیسز میں پولی گرافک ٹیسٹ کرنا تھا تاہم عمران خان نے ایک بار پھر پولی گراف ٹیسٹ کرانے سے انکار کردیا جس کے بعد لاہور پولیس کی تفتیشی ٹیم اڈیالہ جیل سے واپس چلی گئی۔

بقیہ مذمتی قرارداد **27**

پر دہشتگردی کے بزدلانہ حملے کی مذمت کرتے ہیں، بزدلانہ حملے کا منصوبہ بھارت نے بنایا اور اپنی پراکسیز کے ذریعے حملہ کیا، دہشت گردی کے ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، سینیٹ میں پاک افریقہ دوستی پر قرارداد بھی متفقہ طور پر منظور کی گئی، قرارداد نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے پیش کی، قرارداد کے متن کے مطابق پاکستان، افریقہ آپس میں تجارت کو فروغ دے سکتے ہیں، افریقہ نے ہمیشہ خطے میں امن کی کوشش کا کردار ادا کیا۔

بقیہ اعلان جنگ **28**

جس کی وجہ سے 15 منٹ کیلئے ایوان کی کارروائی معطل کی گئی، وقفہ سوالات کے بعد ضمنی ایجنڈے میں وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے گیس سے چلنے والے پاور پلانٹس پر لیوی عائد کرنے کا بل 2025 پیش کیا جس کو اپوزیشن کی مخالفت کے باوجود منظور کرلیا گیا، گیس پر چلنے والے پاور پلانٹس بل 2025 میں کیپٹو پاور پلانٹس پر پہلے مرحلے میں 5 فیصد لیوی عائد کی جائے گی جسے بعد میں 10 اور پھر 20 فیصد تک بڑھایا جائے گا

بقیہ میڈیا **29**

میڈیا کو خبریں دینے کا الزام لگایا، سوال ہے مودی کو شادی کی تقریب میں بغیر ویزے کیسے بلایا گیا؟ نیز نواز شریف نے کبھی بھارت یا مودی کے خلاف کوئی بیان نہیں دیا۔

بقیہ بھارت **30**

کرنے کے بعد ہی پاکستان کو اس بارے میں آگاہ کیا گیا تھا، کہ وزارت خارجہ کی ہفتہ وار بریفنگ میں صحافی کی جانب سے پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ 'ہم نے پاکستان کو بتایا۔۔۔۔ جب ہم نے ان پر حملہ کیا تو اس کے بعد ہم نے (پاکستان) کو ڈی جی ایم او کے ذریعے بتایا کہ ہم نے آپریشن سندور کے تحت جواب دینے کے اپنے حق کا استعمال کیا ہے۔'

بقیہ ادائیگی کا حکم **31**

خاندانوں کی ہر ممکن معاونت کی جائے گی اور انہیں تنہا نہیں چھوڑیں گے انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔

بقیہ مسترد **32**

رہنماؤں کی 3 ایم پی او تحت رہائی کیلئے دائر کردہ آئینی درخواستوں فیصلہ دس روز قبل محفوظ کیا تھا۔ عدالت کالی وائی سی کے رہنماؤں کے خلاف 3 ایم پی او کا حکومتی فیصلہ برقرار رکھنے کا حکم دیتے ہوئے درخواست گزاروں کی اپیلوں کو خارج اور حکومتی فیصلے کو برقرار رکھا ہے۔

بقیہ خضدار دھماکہ **33**

جائے گی۔ واقعے میں شہید ثانیہ سومرو کا بھائی مشرعلی بھی زخمی ہوا تھا، جو مقامی اسپتال میں زیر علاج ہے۔

بقیہ قومی بچت **34**

اکاؤنٹ پر منافع کی شرح ایک فیصد کمی کے بعد اب 9.5 فیصد ہوگی، سپیشل سیونگز سرٹیفکیٹس پر منافع میں 30 بیسز پوائنٹس کی کر کے 10.9 فیصد کر دیا گیا اسی طرح ریگولر انکم سرٹیفکیٹس پر منافع 18 بیسز پوائنٹس کم کر کے 11.52 فیصد، ڈیفنس سیونگز سرٹیفکیٹس کی منافع کی شرح 21 بیسز پوائنٹس کی سے 11.91 فیصد ہوگئی۔

بقیہ جنگ بندی کا سہرا **35**

ہوئے کہا ہے میں نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کرائی، وائٹ ہاؤس میں جنوبی افریقہ کے صدر رامافوسا سے ملاقات کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی صدر ٹرمپ نے پاکستان بھارت جنگ بندی معاہدے کی تعریف کی

بقیہ وزیر دفاع **36**

آرمی (بی ایل اے) بھارتی ایجنٹ کے طور پر کام کر رہی ہے، اپنے دعوؤں کو ٹھوس شواہد کے ساتھ ثابت کریں گے، بی ایل اے اور بھارت کے درمیان تعلقات سب پر عیاں ہیں کیونکہ ان کی قیادت نئی دہلی میں موجود ہے، بی ایل اے، ٹی ٹی پی بھارت کے ایجنٹ ہیں، دونوں کا مذہب اور قوم سے کوئی تعلق نہیں، بھارت مالی معاونت کر رہا ہے، پاکستان پوری قوت سے حملہ کرے گا اور کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی، عام افراد خاص طور پر سکول کے بچوں کو نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے

بقیہ مذمت **37**

اداکاروں نے انسٹاگرام ہینڈلز پر اسٹوریز اور پوسٹس کے ذریعے اس دلخراش واقعے پر غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے معصوم بچوں کی جانوں کے زیاں پر افسوس کیا۔ اداکارہ درفشاں سلیم نے انسٹاگرام اسٹوری میں لکھا کہ خضدار میں ہونے والے حملے نے مجھے ہلا کر رکھ دیا ہے۔

بقیہ گرپتونت سنگھ **38**

پر اپنے بیان میں سکھ فار جسٹس کے سربراہ گرپتونت سنگھ پنوں نے سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا بھارت نے بلوچستان میں دہشتگردی کی اور معصوم بچوں کی جان لی، شواہد سے واضح ہے دہشتگردی کا واقعہ بھارتی پراکسیز نے مودی حکومت کے کہنے پر کیا پوری دنیا کی افواج اور عالمی قوتوں سے مطالبہ کرتے ہیں بھارتی دہشتگردی کا نوٹس لیا جائے ورنہ خطے کے امن کو خطرات برقرار رہیں گے، پوری سکھ کمیونٹی معصوم شہدا کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے، معصوم بچیوں کے خون کے پیچھے مودی کا ہاتھ ہے، حساب لینا چاہیے۔

بقیہ براہ راست **39**

رہنے کا امکان ہے ہیٹ ویو کی وجہ سے عام لوگ خاص طور پر بچے، خواتین اور بزرگ شہری دن کے وقت سورج کی براہ راست روشنی سے بچیں اور زیادہ پانی پئیں کسان اپنی فصلوں اور مویشیوں کا انتظام موجودہ موسمی حالات کے مطابق کریں تمام متعلقہ حکام کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ "الرٹ" رہیں اور ہیٹ ویو کے حالات کی وجہ سے کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے بچنے کے لئے ضروری اقدامات کریں مرکز کے مطابق آج سبی، تربت، دالبندین، نصیر آباد، جھل مگسی، کچھی، صحبت پور، ڈیرہ بگٹی، جعفر آباد، اوستہ محمد، لسبیلہ، آواران، واشک، خاران اور پنجگور کے علاقوں میں دن کے وقت انتہائی گرم اور معمول سے زیادہ درجہ حرارت رہنے کی توقع ہے نوکنڈی، دالبندین، نوشکی، واشک، مستونگ، پشین، قلعہ عبداللہ، لورالائی، چمن، کوئٹہ، ژوب، موسیٰ خیل، بارکھان اور گردونواح میں گرد آلود ہوائیں چلنے کا امکان ہے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سبی میں سب سے زیادہ درجہ حرارت 50 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ باوجود لیڈر **40**

نہیں چلایا جاسکتا تحریک انصاف کا مینڈیٹ چوری ہوا، فارم 45 ہمارے پاس ہیں، اقتدار ہمارے حوالے کریں، ملک میں آئین کی بالادستی ہونا چاہیے، عدالتی حکم کے باوجود لیڈر سے نہیں ملنے دیا جاتا مذاکرات کرنے کیلئے ہیں تو بانی پی ٹی آئی تیار ہیں، موجودہ حکومت ناکام ہوچکی، ریاست کو نہیں چلا سکتی، بانی پی ٹی آئی کو ہر حال میں رہا کرائیں گے، عمران خان نے احتجاجی تحریک کیلئے مجھے دوبارہ ذمہ داری دی ہے۔

بقیہ اصولی موقف **41**

واقف ہیں اپنے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ چیئرمین پی ٹی اے کے خلاف کارروائی عمل میں نہ لائی گئی تو عوامی نیشنل پارٹی بھرپور احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ پاکستان میں سیاست اور سیاستدانوں کو بدنام کرنے کی کوششیں کوئی نئی بات نہیں جب بھی کوئی سیاسی جماعت یا رہنما، اصولی موقف اختیار کرتا ہے، اسے منظم سازشوں اور کردار کشی کا سامنا کرنا پڑتا ہے تاہم، عوامی نیشنل پارٹی اپنے نظریات اور عوامی مفادات کے تحفظ کے لئے ہمیشہ ثابت قدم رہی اور آئندہ بھی رہے گی انہوں نے کہا کہ نااہل شخص کو فوری طور پر عہدے سے ہٹایا جائے اور پی ٹی اے جیسے اہم ادارے کو ایک باصلاحیت اور پیشہ ور سربراہ کے حوالے کیا جائے انہوں نے واضح کیا کہ وہ اس معاملے کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لئے پرعزم ہیں اور اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش جاری رکھی جائیگی انہوں نے کہا کہ نااہل افراد سے اداروں کو پاک کئے بغیر عوامی نیشنل پارٹی چین سے نہیں بیٹھے گی۔

بقیہ بھارت پاکستان **42**

کو نشانہ بنانا قابل نفرت عمل ہے، انہوں نے کہا کہ عالمی دہشت گرد بھارت پاکستان کے ساتھ جنگ میں اپنی شکست پر جس طرح اقوام عالم کے سامنے شرمندہ ہوا اب وہ اپنی بدترین شکست کا بدلہ اس طرح کی بزدلانہ کارروائیوں کے ذریعے سے لے رہا ہے میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے ہمیں باہمی تعاون کے ذریعے بہترین حکمت عملی وضع کرنا ہوگا، انہوں نے مزید کہا کہ سکول بس پر بم حملے نے ثابت کردیا کہ دہشت گرد عناصر اپنے بیرونی آقاؤں کے ایجنڈے کی تکمیل کیلئے کسی بھی حد تک جاسکتے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نہ صرف امن و امان کے قیام کیلئے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے بلکہ دہشت گردی کے شکار شہداء کے خاندانوں کے ساتھ غم و مشکل کی اس گھڑی میں برابر کی شریک ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں چند عناصر بلوچی روایات کے برعکس انسانیت کی باتیں کرتے ہیں آج وہ بلوچ کہاں ہیں جو اس المناک واقعہ پر دکھ و افسوس کا اظہار کریں، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ دہشت گردوں سے سکول کے ان بچوں و دیگر شہداء کے خون کا بدلہ ضرور لیا جائے گا، صوبائی وزیر نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے انہوں نے دھماکے میں زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔

بقیہ تربیت اور تعلیم **43**

کرنے انہیں مختلف ہنر سکھانے اور سکل ایجوکیشن کے فروغ پر زور دیا گیا اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو قومی دھارے میں لانے کیلئے پیشہ ورانہ تربیت اور تعلیم ضروری ہے، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کو بلوچستان میں مزید موثر بنانے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ مستحق خاندانوں تک بہتر انداز میں مالی معاونت پہنچ سکے گورنر فیصل کریم کنڈی نے اس موقع پر کہا کہ پارٹی قیادت بلوچستان کی ترقی اور نوجوانوں کی فلاح و بہبود کیلئے بھرپور کوششیں کر رہی ہے اور اس حوالے سے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے سربلند خان جوگیزئی نے پارٹی کے نوجوانوں کی جانب سے گورنر خیبر پختونخوا کو کوئٹہ دورہ کی بھی دعوت دی۔

بقیہ افسران **44**

اور انسپکٹر خورشید نے معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا اس موقع پر میر لیاقت علی لہڑی کو موٹر وے پولیس کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کرایا گیا اور افسران نے انہیں اپنے ادارے کی کارکردگی، ٹریفک مینجمنٹ، حادثات سے بچاؤ، عوامی آگاہی مہمات اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی میر لیاقت علی لہڑی نے موٹر وے پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ نہ صرف شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا بلکہ مسافروں کو محفوظ سفر کی فراہمی کے لئے بھی قابل ستائش اقدامات اٹھا رہا ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبائی حکومت ٹرانسپورٹ کے شعبے کی بہتری اور عوامی سہولیات کے فروغ کیلئے موٹر وے پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھے گی۔

بقیہ افواج پاکستان **45**

آور ہوا ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ حکومت اور افواج پاکستان ان دہشتگردوں کو کچلنے کیلئے پرعزم ہیں۔ افواج پاکستان نے ان دہشت گردوں کے سرپرست بھارت کو دھول چٹا دی ہے تو انہیں نیست و نابود کرنا دشوار نہیں ہوگا یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار محمد عبدالقادر نے کہا کہ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے رینک لگانے کیلئے ایوان صدر میں ہونے والی تقریب اس وقت موخر کردی گئی جب فیلڈ مارشل اور وزیراعظم نے فوری طور پر خضدار پہنچنے کا فیصلہ کیا وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کے نزدیک اعزازت سے متعلق تقریب سے زیادہ اہم تھا کہ وہ فوری طور پر شہیدوں کے غمزدہ خاندانوں اور زخمیوں تک پہنچیں اور دکھ کی اس گھڑی میں وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے انتہائی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے قوم کی دردمند قیادت ہونے کا ثبوت دیا خضدار میں اسکول بس پر حملے کی اطلاع جیسے ہی فیلڈ مارشل عاصم منیر کے علم میں لائی گئی انہوں نے فوری طور پر اپنے طے شدہ شیڈول میں تبدیلی کرتے ہوئے

بقیہ جمعرات کو سراوان **46**

یہ بات انہوں نے جمعرات کو سراوان ہاؤس میں بلوچستان یونیورسٹی میں زیر تعلیم طلباء کے ایک وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا کہ سیاست پیٹ کیلئے نہیں آئندہ نسلوں کی بقاء، ترقی و خوشحالی کیلئے کرتے ہیں، بلوچستان کی قومی خودداری پر سمجھوتہ نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ پارٹیوں میں ٹھیکیدار، عقیدت مند، سہولت کار سیاسی کارکنوں کے لبادے میں سیاسی عمل پر مسلط ہیں ان کے خلاف صوبے کے لوگوں نے ایک بہت بڑی سیاسی جنگ لڑنی ہے، سیاسی عمل کے ذریعے شعوری لوگوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کر کے بلوچستان کے جملہ قومی امور پر سیاسی کارکنوں کو متحرک کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ قوموں کی زندگیوں میں عروج اور زوال آتے رہتے ہیں تاہم سنجیدہ قومیں ہی ان بحرانوں اور افراتفری سے نکلنے میں کامیاب ہوتی ہیں انہوں نے کہا کہ قوموں کی زندگیوں میں وقت انتہائی اہم ہوتا ہے، صوبے کے لوگوں کا مزید وقت ضائع نہ ہو اس کیلئے حقیقی سیاسی کارکنوں کی فکری شعوری و سائنسی بنیادوں پر ذہن سازی کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ قومی سفر کا تعین کرکے صوبے کے ہر فرد کو انفرادی و اجتماعی ذمہ داری قبول، طلباء اپنی تعلیم کی طرف توجہ دیں اور یونیورسٹیوں سے علمی ماحول کی ابتداء کرکے بحران سے نکلنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ تجاویز جمہوری **47**

ہوئے حکومت کو بجٹ تجاویز کیلئے 30 نکات پر مشتمل تجاویز دیں یہ تجاویز جمہوری فورم اور ایوان سمیت حکومت کو دیں گے تاکہ ان پر عمل کرکے صوبے کی بہتری یقینی بنائی جاسکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو پارٹی کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امراء مولانا عبدالکبیر شاکر، زاہد اختر بلوچ، مولانا محمد عارف دمڑ، عبدالولی خان شاکر سمیت دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کے تمام بند سکولوں کو فعال بنا کر تمام بنیادی سہولیات پانی، بجلی، بیت الخلاء، تفریح کے مواقع فراہم کرے اور تمام ضلعی ہیڈ کوارٹرز ہسپتالوں میں جدید بنیادی سہولیات فراہم کرکے بند بی ایچ یوز کو فعال اور ایم ایس ڈی کو موثر توانائی فراہم کرکے صوبے میں مفت وقتی طور پر ملٹی نیشنل کمپنیز کی ادویات فراہم کرنے کے قابل بنایا جائے اور پینے کے صاف پانی کی سپلائی یقینی بنائی جائے اور رکاوٹوں کو دور کرکے ٹینکر مافیا کا راج ختم کیا جائے صوبے کے تمام اضلاع میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی ایک لاکھ نوجوانوں کو روزگار دینے کے ساتھ ساتھ انہیں خود کفیل بنایا جائے کینسر، تھیلیسیمیا، گردہ، جگر اور دل کے امراض میں مبتلا لوگوں کو سوشل ویلفیئر کے ذریعے جدید کمپیوٹرائزڈ نظام کے تحت مفت فوری علاج کی سہولت دی جائے اور بلوچستان کے تمام اضلاع کے یتیموں، بیواؤں، معذوروں کیلئے ماہانہ وظائف کا اجراء یقینی بنایا جائے بلوچستان کی تمام اہم مساجد، اقلیتی عبادت گاہوں کے یوٹیلٹی بلز حکومت ادا کرے صوبے میں کرپشن کے خاتمے کیلئے سخت قانون سازی کی جائے اور سرکاری اداروں میں فیول اور گاڑیوں کے استعمال کے حوالے سے بے ضابطگیوں کا نوٹس لیکر کارروائی کی جائے اور بڑی گاڑیوں کی بجائے چھوٹی گاڑیاں استعمال کرکے فیول کی بچت کی جائے

بقیہ کسٹم ڈیوٹی **48**

لانے کی اجازت دی جائے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر دونوں ممالک کے مالداروں کو رعایت دی جائے مالداروں کے پورے سال کا انحصار اپنے جانوروں پر ہوتا ہے پابندی اور کسٹم ڈیوٹی سے مالداروں کی حوصلہ شکنی ہورہی ہے انہوں نے کہا کہ پابندیوں اور کسٹم ڈیوٹی سے بلوچستان میں مال مویشیوں کی کمی ہے جس کے باعث قیمتیں گزشتہ سال کے مقابلے دوگنی ہے بے تحاشہ مہنگائی کی وجہ سے عید قربانی خریدنے کیلئے عوام پریشان ہیں حکومت کسٹم ڈیوٹی ختم کرنے کیلئے فوری اقدامات اٹھائے۔

بقیہ اسسٹنٹ رجسٹرار **49**

سید وسیم احمد جعفری چیئرمین ہراسگی کمیٹی اور عالیہ نظر ممبر ہراسگی کمیٹی نے بھی شرکت کی، اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا بعد میں محمد عثمان یاسر اسسٹنٹ رجسٹرار نے اس حوالے سے شرکاء کو تفصیلی پریزنٹیشن دی کہ (FOSPAH) کیا ہے اور یہ کیسے کام کرتا ہے اور اس کی افادیت کے بارے میں بتایا کہ یہ قانون کیوں اہم ہے اور سرکاری اداروں میں ہونے والے (Harassment Cases) کو کیسے کم وقت میں حل کیا جاسکتا ہے اس دوران شرکاء نے بھی مختلف سوالات پوچھے سیمینار کے اختتام پر صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان اور رجسٹرار رحمان شہزاد کے درمیان شیلڈ کا باہمی تبادلہ ہوا

بقیہ فلسطین اور کشمیر **50**

سے امن، معیشت، دفاع اور ترقی و خوشحالی چھینا جارہا ہے آج دنیا میں سوا ارب آزاد مسلمانوں کو سیاسی، معاشی استحصال کا سامنا ہے فلسطین اور کشمیر میں انسانی استحصالی دہشت گردی کی اقوام متحدہ اور تمام نہاد انسانی حقوق کے اداروں کو کوئی فکر نہیں کشمیر میں بھارتی اور فلسطین میں اسرائیلی جارحیت نے کھلی بجادی عالمی برادری، اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کے اداروں نے اس بدمست ہاتھی کا احتساب نہیں کیا انہوں نے کہا کہ خطے میں جاری بدامنی، خون کی ہولی فساد آج بھی امریکہ، بھارت اور اسرائیلی جارحیت کا تسلسل ہے

بقیہ گاڑیوں **51**

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی سربراہی میں پہلے مرحلے میں جناح روڈ کو منان چوک تک نو پارکنگ قرار دیا تھا اس کے بعد مرحلہ وار قندھاری بازار، لیاقت بازار، پرنس روڈ اور جناح روڈ کو پرنس روڈ تک گاڑیوں کیلئے نو پارکنگ قرار دیا جاچکا ہے ان فیصلوں کے بعد خریداری کیلئے آنے والے شہریوں کو اپنی گاڑیاں پارک کرنے کیلئے شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے حکومت کے اس فیصلے کے بعد دکانداروں نے جناح روڈ، قندھاری بازار کی فٹ پاتھوں پر اپنی موٹر سائیکلیں اور متعدد مقامات پر ریڑھیاں لگا کر قبضہ کرلیا

بقیہ پولیس موقع **52**

م افراد نے فائرنگ کرکے مبارک علی جمالی کو قتل کردیا ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ کر نعش کو سول ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل جہاں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی قتل کی وجہ معلوم نہ ہوسکی مزید تفتیش پولیس کررہی ہے۔

بقیہ سینیٹر دھنیش کمار **53**

کمار نے معصوم جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے عناصر جو بچوں کو نشانہ بناتے ہیں وہ انسان کہلانے کے لائق نہیں بلکہ درندگی کی بدترین مثال ہیں انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کی شہادت پوری قوم کے دل کو دہلا دینے والا سانحہ ہے اور یہ انسانیت سوز فعل دہشتگردوں کی ناکامی اور کمزوری کا مظہر ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ دہشتگردوں کی یہ بزدلانہ کارروائیاں ہمارے حوصلے پست نہیں کرسکتیں۔ قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے اور ان درندہ صفت عناصر کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ ڈویژن تعیناتی **54**

ماریہ مختار اس سے قبل ریلوے سکھر ڈویژن میں تعینات تھیں جہاں سے ان کا تبادلہ کوئٹہ ڈویژن میں بطور ڈویژنل میڈیکل آفیسر کیا گیا۔ گزشتہ روز انہوں نے بطور ڈی ایم او کوئٹہ ڈویژن اپنی پیشرو ڈاکٹر شاہ وآصف سے چارج لیا اور فرائض کی ادائیگی شروع کردی۔ دریں اثناء پریم یونین نے ڈاکٹر ماریہ مختار کی تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ لیفٹیننٹ سنہا **55**

مودی حکومت طیاروں کی تباہی کی اصل تعداد چھپا کر قوم کو گمراہ کررہی ہے، مودی حکومت آپریشن سندور کو بہار الیکشن اور سیاسی فائدے کیلئے استعمال کرے گی، مودی، امت شاہ، جے شنکر اور اجیت دوول کو سفارت کاری اور انٹیلی جنس کی ناکامی پر استعفیٰ دینا چاہیے، آپریشن سندور کی ناکامی پر سوال کرنے والا آج بھارت میں غدار کہلاتا ہے، عوام کو حقائق بتانے کی بجائے مودی حکومت مکمل خاموش ہے، مودی نے آل پارٹیز اجلاس کو نظر انداز کرکے بہار میں سیاسی بیانات دینے کو ترجیح دی، سابق بھارتی وزیر خارجہ نے کہا مودی اور بی جے پی پروپیگنڈا اور جھوٹ پر مبنی سیاست کررہے ہیں

بقیہ غیر اخلاقی **56**

جنیت کے حامل شخص اخلاقیات سے گری ہوئی حرکت سے باز نہ آئے ایوان بالا کے اندر اجلاس کے دوران ہی عوام کے منتخب نمائندوں کی توہین نہ صرف غیر اخلاقی ناشائستہ فعل بلکہ پیشہ وارانہ استعداد و صلاحیت کی کمی کا بھی مظہر اور اپنی نااہلی دروغ گوئی چھپانے کی ایک سستی اور گری ہوئی کوشش ہے ایمل ولی خان فلور آف دی ہاؤس میں جس انداز میں پشتونخوا اور بلوچستان کا مقدمہ پیش کررہا ہے اس سے آمرانہ فرسودہ ذہنیت کی حامل قوتیں تکلیف میں مبتلا ہیں اور سوشل میڈیا پر طوفان بدتمیزی برپا کر گئے ایمل ولی خان نے باجوڑ سے لیکر وزیرستان تک انٹرنیٹ کی عدم سہولیات پر چیئرمین پی ٹی اے کو جب آڑے ہاتھوں لیا

بقیہ ارسا سندھ **57**

وارسا نے کہا وفاقی حکومت ارسا قانون میں ترمیم کے بعد سندھ سے ارسا کا وفاقی نمائندہ مقرر کرے گی، عدالت نے ریمارکس دیئے ارسا قانون میں ترمیم کرتے ہوئے سندھ کے حقوق کا پورا خیال کیا جائے جسٹس فیصل کمال عالم نے ریمارکس دیئے وفاقی حکومت نے عدالتی حکم کے باوجود سندھ سے ارسا کا رکن مقرر نہیں کیا، 3 ہفتوں میں سندھ سے ارسا کیلئے وفاقی نمائندہ مقرر کیا جائے

بقیہ ڈپٹی کمشنر **58**

، اسسٹنٹ کمشنر (صدر) کیپٹن (ر) حمزہ انجم، اسسٹنٹ کمشنر (سریاب) سعد بن ظفر کے علاوہ اسپیشل مجسٹریٹس احسام الدین، حبیب سردار اور کبیر نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ضلعی افسران کو ہدایت کی کہ انسداد تجاوزات، پرائس کنٹرول، اور غیر قانونی سرگرمیوں بشمول منی پیٹرول پمپس، قصاب خانوں، ڈیری فارمز، تندوروں، پولٹری فارمز اور ناجائز منافع خوروں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائیاں تیز کی جائیں انہوں نے تمام متعلقہ افسران کو اگلے ہفتے کے لئے ٹاسک سونپ دیا اور روزانہ کی رپورٹس باقاعدگی سے جمع کرانے کی تاکید کی۔ اجلاس کے دوران غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی سے متعلق ایک جامع آپریشنل پلان بھی ترتیب دیا گیا، جس پر آئندہ دنوں میں عملدرآمد کیا جائے گا۔

بقیہ یورپی وفد **59**

کی جانب سے شدید مذمت کی گئی، یورپی یونین نے تحقیقات کا مطالبہ کردیا۔

بقیہ نمایاں اضافہ **60**

16 فیصد کی نمایاں بہتری آئی، بزنس کانفیڈنس انڈیکس اکتوبر، نومبر میں کیے گئے سروے Wave 26 کے منفی 5 فیصد کے مقابلے میں 11 فیصد مثبت ہے، معیشت کے مختلف شعبوں میں مثبت تبدیلی کی بڑی وجہ میکرو اکنامک استحکام، کم ہوتی افراط زر اور اگلے 6 ماہ کے دوران کاروباری حالات میں متوقع بہتری کاروباری اعتماد کی بحالی کی اہم وجوہات ہیں، سروے نتائج کے مطابق مجموعی کاروباری اعتماد میں بہتری کی قیادت مینوفیکچرنگ سیکٹر نے کی، مینو فیکچرنگ سیکٹر کا اعتماد گزشتہ سروے کے منفی 3 فیصد کے مقابلے میں مثبت 15 فیصد ہوگیا، ریٹیل/ہولسیل سیکٹرز کا اعتماد ویو 26 کے سروے کے منفی 18 کے مقابلے میں مثبت 2 فیصد ہوگیا، خدمات کے شعبے میں کاروباری اعتماد میں استحکام رہا اور کاروباری اعتماد گزشتہ سروے کے 2 فیصد سے بڑھ کر مثبت 10 فیصد ہوگیا، وزیر خزانہ اورنگزیب نے کہا کاروباری اعتماد میں اضافہ عکاسی ہے معیشت درست سمت میں جارہی ہے، سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول بنانے، نجی شعبے کی ترقی میں معاونت اور طویل المدتی معاشی استحکام یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں اور کاروباری اداروں کا اعتماد کوششوں کی توثیق ہے۔

بقیہ ریکارڈ طلب **61**

سے 16 تک کے ان تمام ملازمین کا ریکارڈ 26 مئی تک فراہم کیا جائے جنہوں نے ریٹائرمنٹ کے بعد کسی بھی حیثیت ریگولر یا کنٹریکٹ میں دوبارہ ملازمت اختیار کی ریٹائرمنٹ کی تاریخ، نئی ملازمت کے حصول کی مدت اور تنخواہ و پنشن پر تمام تفصیلات مہیا کی جائیں، 60 سال کی عمر کے بعد پنشن یا نئی سرکاری ملازمت کی تنخواہ میں سے صرف ایک کا انتخاب کرنا ہوگا۔

بقیہ مخصوص نشستیں **62**

آئینی بینچ نے سنی اتحاد کونسل کی 26 ویں آئینی ترمیم کو پہلے سننے کی درخواست بھی مسترد کردی تاہم کیس کو براہ راست نشر کرنے کی درخواست منظور کرلی، عدالت نے مختصر فیصلہ سنایا، تفصیلی حکم نامہ بعد میں جاری کیا جائے گا۔

بقیہ فتنہ الخوارج **63**

روں کو فتنہ الخوارج کی جانب سے دھمکی آمیز خط موصول ہوگئے، فتنہ الخوارج نے خط میں کان کنی کے ٹھیکے داروں کو دھمکاتے ہوئے کہا کان کنی اور معدنیات کے کاروبار سے منسلک افراد کو 5 فیصد بھتہ دینا ہوگا، معدنیات کی ترسیل کے فی ٹرک پر 5 ہزار روپے جمع کرانا ہوں گے، مطالبات پر عمل نہ کیا گیا تو نقصان کے ذمہ دار خود ہوں گے۔

بقیہ جعفر مندوخیل **64**

، میں علاقائی رابطوں کو فروغ دینے کیلئے متعلقہ ملکوں اور شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرتا ہوں، بلوچستان وہ واحد صوبہ جو پاکستان کو دیگر بڑے ممالک اور سینٹرل ایشیا تک راستہ دے سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چینی قونصلیٹ کراچی اور بلوچستان اکانومک فورم کے زیر اہتمام پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کراچی میں تعینات چینی قونصل جنرل، سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی جان جمالی اور بلوچستان اکانومک فورم کے سربراہ سردار شوکت پوپلزئی سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سی پیک ایک شاندار گیم چینجر منصوبہ ہے جو پورے خطے کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ متعدد صنعتی زونز کے قیام سے ہمارا مقصد بلوچستان کی ترقی کو آگے بڑھانا اور اقتصادی تعاون کے ذریعے اس کے لوگوں کو معاشی طور پر بااختیار بنانا ہے۔

بقیہ جوابی کارروائی **65**

ہوا لیویز کی جوابی کارروائی کے بعد حملہ آور فائرنگ کرتے ہوئے رات کی تاریکی میں فرار ہوگئے لیویز حملے نے شہر کے داخلی اور خارجی راستوں کی ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ حفاظت **66**

و سلامتی پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے مودی کو صرف اور صرف جہادی زبان سے لگام دیا جاسکتا ہے وطن کی حفاظت کیلئے ہم اپنے اکابرین کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ہراول دستے کا کردار ادا کریں گے سانحہ خضدار کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم وہ ہے سانحہ خضدار کا صرف مذمتی بیانات سے تلافی ممکن نہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ اسلامیہ محمودیہ کلی کمالو سریاب کے زیر اہتمام عظیم الشان دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر جمعیت ضلع کوئٹہ مجلس عاملہ کے اراکین مولانا علی جان مولانا حاجی عبدالملک بریچ مولانا سعید احمد مولانا محمد اکبر مینگل مولانا حافظ احمد ساسولی مولانا مفتی جان محمد قاری رحمت اللہ زیشان مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس کا دہشت گردی سے کوئی نہیں اہل مدارس نے ہمیشہ وطن عزیز کی حفاظت اور سلامتی کیلئے صف اول کا کردار ادا کیا انہوں نے کہا کہ ملکی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں پاکستان کی سلامتی و تحفظ کیلئے پوری قوم متحد اور یک جان اور یک زبان ہے انہوں نے مزید کہا کہ ہم ملکی دفاع اور سالمیت کیلئے پاک افواج کے ساتھ ہیں تقریب کے آخر میں حفاظ کرام کی دستار بندی کی گئی۔

بقیہ عوام الناس **67**

مسلسل ٹھوس اقدامات کر رہی ہے تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر اور سرمایہ کاری کے فروغ جیسے شعبہ جات میں بہتری لانے کیلئے جامع منصوبہ بندی کی گئی ہے تاکہ عوام الناس کی زندگیوں میں مثبت اور پائیدار تبدیلی ممکن بنائی جاسکے انہوں نے زور دیا کہ تمام سیاسی جماعتوں کے نمائندے اور ادارے مل کر عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کریں انہوں نے کہا کہ ملک میں امن و امان کے قیام کے لئے موثر حکمت عملی اپنائی گئی ہے

بقیہ فکری و نظریاتی **68**

شاندار تاریخی اور مثبت روایت ہے اور پارٹی کی قربانیوں سے لبریز تاریخ میں شاندار اضافہ ہے، رحیم صاحب ایک بڑے اور عظیم شخصیت کے مالک تھے جس کی فکری و نظریاتی جدوجہد، تاریخ و برصغیر باچا خان و خان شہید کی تحریک پر حاصل عبوری روشنی میں تحریک کی ہمہ جہت رہنمائی اور قربانیاں لازوال ہے وہ پارٹی کے قومی جرگہ کے پہلے سیشن سے خطاب کررہے تھے انہوں نے کہا کہ محترم رحیم صاحب کو دنیا کے تاریخ کے علاوہ اپنے ملت کی تاریخ پر مکمل عبور حاصل اور بقول ان کے کہ پشتون افغان ملت نے متحد ہو کر ہمیشہ تاریخ ساز کارنامے سرانجام دیئے ہیں لیکن تاریخ میں ایسے ادوار بھی سامنے آئے ہیں

بقیہ معلومات کی فراہمی **69**

دستخط کیے، جبکہ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کی نمائندگی ای ڈی کاشف نے کی اس معاہدے کے تحت دونوں ادارے معلومات کی فراہمی، آگاہی مہمات، تربیتی ورکشاپس اور پالیسی سازی میں ایک دوسرے کے تجربات اور وسائل سے استفادہ کریں گے اس اقدام کا مقصد صوبے میں شفاف طرز حکمرانی کو فروغ دینا اور عوام کو ان کے آئینی حق یعنی معلومات تک رسائی کو ممکن بنانا ہے

بقیہ آئینی ترمیم **70**

تعلیمات کے خلاف ہے جمعیت نے بل کے خلاف اسمبلی کے اندر اسکی مخالفت کی اور ہر فورم پر اسکے خلاف تحریک چلائیں گے انہوں نے کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم کی منظوری میں قائد مولانا فضل الرحمان کی کارکردگی مثالی چند سیٹوں کے عیوض پوری حکومت انکے سامنے ڈیرے ڈالنے پر مجبور تھی حکومت پر جب بھی مشکل اور برا وقت آتا وزیر اعظم اور دیگر وزراء مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ کا طواف کرنا شروع کرتے ہیں لیکن ہم سے جو وعدے کئے جاتے ہیں اس پر عمل نہیں ہوتا ہم موجودہ حکومت کو فارم 47 کی پیداوار شروع دن سے سمجھتے ہیں ہم کسی صورت اسے تسلیم نہیں کریں گے ہمارا شروع سے یہی مطالبہ ہے کہ ملک میں فوری عام الیکشن صاف و شفاف طریقے سے کرائے جائیں بصورت دیگر ملک سیاسی عدم استحکام کا شکار رہے گا انہوں نے کہا کہ مداخلت سیاسی معاملات میں اب ناقابل قبول ہے سیاست کرنا سیاسی رہنماؤں کا کام ہے آئین پر عمل کرنا ہر ادارے اور سیاسی جماعتوں کی ذمہ داری ہے اس سے روگردانی سے ملک کی جڑیں کمزور ہو رہی ہیں ہمارے قائد مولانا فضل الرحمان ایک سنجیدہ اور زیرک سیاستدان ہیں ہم نے بھارتی جارحیت کے خلاف بھرپور آواز بلند اور فلسطین کے مظلوم مسلمانوں پر اسرائیلی بربریت کے خلاف پورے ملک میں اسرائیل مردہ باد فلسطین مارچ کئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کا دفاع کرنا بخوبی جانتے ہیں

بقیہ قائمہ کمیٹی **71**

نے کم از کم ٹیکس رجیم کو واپس فائنل ٹیکس رجیم میں لانے کا مطالبہ کیا، نوید قمر نے کہا ایف بی آر والے کام نہیں کرنا چاہتے چاہتے ہیں گھر بیٹھے بٹھائے ٹیکس مل جائے، ایف بی آر حکام نے کہا اکاؤنٹس میں سب کے نقصان ہی ڈکلیئرڈ ہوتے ہیں، نوید قمر نے کہا پرانے سسٹم پر آئی ایم ایف آپ کو نہیں جانے دے گا لیکن ڈبل ٹیکسیشن ہورہی ہے اس سے تو نکالیں، دنیا میں کوئی ٹیکس کلکٹر ایسا نہیں کرتا گھر بیٹھے ٹیکس آتا رہے، صاف و شفاف اور منصفانہ ٹیکسیشن ہونی چاہیے، ایف بی آر حکام نے کہا پہلے ٹرن اوور پر ایک فیصد فائنل ٹیکس لاگو تھا، رکن کمیٹی نے کہا پالیسی پر آئی ایم ایف کیا کہتا ہے

بقیہ چیف جسٹس **72**

نے شرکت کی، اٹارنی جنرل اور سپریم کورٹ بار کے نمائندے بھی موجود تھے، چیف جسٹس نے کہا سائلین عدالتی اصلاحات کا محور ہیں، عوامی مرکز جدید ٹیکنالوجی سے لیس ہوگا اور عوام کو تمام عدالتی خدمات ایک چھت تلے فراہم ہوں گی، مرکز سے انصاف کی فراہمی تیز، شفاف ہوگی۔

بقیہ ہوس اقتدار **73**

ہے۔ ہمارے بزرگوں نے آزادی کے بعد سے لے کر آج تک جتنے بھی سیاسی نشیب و فراز دیکھے، ان میں جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ اصولوں کو ترجیح دی، ہوس اقتدار سے خود کو بچایا اور قوم کے نظریاتی و فکری مفادات کا سودا نہیں کیا ہم نے سیاست کو محض ایک ظاہری عمل نہیں، بلکہ عبادت سمجھ کر اپنایا، آمریت ہو یا سامراجیت، ہر فتنہ پر للکار کر کہا کہ ہم حق کے ساتھ ہیں انہوں نے مزید کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک صدی پر محیط قربانیوں اور جدوجہد کی امین ہے ہم نے آمریت کو للکار کر جمہوری کی جنگ لڑی ہے

بقیہ آبی جارحیت **74**

منافی تصور کیا جارہا ہے، ماہرین کے مطابق اقدام بھارت کے دیرینہ منصوبے کا حصہ ہے جس کے تحت وہ پاکستان کے حصے کے پانی کو محدود کر کے ماحولیاتی و معاشی دباؤ میں لانا چاہتا ہے۔

سی پیک گیم چینجر منصوبہ، پاک چین دوستی اقتصادی ترقی کی کلیدی بنیاد ہے، جعفر مندوخیل

چین پاکستان کا ایک قابل بھروسہ دوست اور پڑوسی ملک رہا ہے جو ہر مشکل گھڑی میں ہمارا ساتھ دیتا ہے

سی پیک کے تحت بجلی کے منصوبے پاکستان کی توانائی کی کمی پر قابو پالیں گے، بلوچستان میں ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی، گورنر

صنعتی زونز کے قیام کا مقصد بلوچستان کی ترقی کو آگے بڑھانا اور صوبے کے لوگوں کو معاشی طور پر بااختیار بنانا ہے، تقریب سے خطاب

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے گرلز ڈگری کالج سریاب مل کوئٹہ کے پوزیشن ہولڈر طالبات ملاقات کر رہی ہیں

ملکی دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے' حافظ حسین احمد شرودی

مودی کو صرف جہادی زبان سے ہی لگام دیا جاسکتا ہے' ضلعی امیر جمعیت کوئٹہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی، مولانا حفیظ اللہ، حاجی عبدالصادق نورزئی، مولانا محمد ساسولی، مولانا شیخ عبدالاحد، مولانا عبدالرزاق، مولانا اختر محمد پرکانی، مولانا سرور ندیم مولانا سعید احمد ساسولی مولانا مفتی ظہور احمد اور مولانا حافظ محمود و دیگر نے کہا کہ ملکی خود مختاری اور وطن عزیز کی حفاظت .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

ڈھاڈر لیویز تھانہ پر دستی بم حملہ' کوئی مالی و جانی نقصان نہیں ہوا

لیویز کی جوابی کارروائی کے بعد حملہ آور فائرنگ کرتے ہوئے رات کی تاریکی میں فرار

کوئٹہ (آن لائن) ڈھاڈر لیویز تھانے پر نامعلوم ملزمان دستی بم پھینک دیا جو تھانے کے باہر گر کر پھٹ گیا فائرنگ کے تبادلے کے بعد حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے لیویز کے مطابق گزشتہ شب ڈھاڈر لیویز تھانہ پر نامعلوم ملزمان کی جانب سے پھینکا جانے والا دستی بم تھانے کے باہر گر کر زور دار دھماکے سے پھٹ گیا جس سے کوئی جانی و مالی نقصان نہیں .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

سیکورٹی ادارے باہمی تعاون سے ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں' ڈپٹی چیئرمین سینٹ

پاکستان درپیش چیلنجز کے باوجود سلامتی کے حوالے سے اہم کامیابیاں حاصل کر رہا ہے' سیدال خان ناصر

ریلوے توسیعی منصوبوں میں بلوچستان کو خاص ترجیح دی گئی ہے' مختلف وفود سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان سے پارلیمنٹ ہاؤس میں پارلیمنٹیرینز سینیٹر دوست محمد خان، انجم عقیل اور سیکرٹری ریلوے سید مظہر علی شاہ، وکلاء، طلباء، قبائلی عمائدین دیگر وفود نے ملاقات کی ملاقات میں ملکی سیاسی، معاشی اور عوامی فلاح و بہبود، تعلیم صحت ترقیاتی منصوبہ جات سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی معاشی حالت بہتر بنانے کیلئے حکومت .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

عبدالرحیم خان مندوخیل عظیم شخصیت کے مالک تھے' رضا محمد رضا

متحدہ محاذ منزل کے حصول کیلئے ہماری پارٹی قیادت نے ہمیشہ جدوجہد جاری رکھی' پشتونخوا نیپ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا نے کہا ہے کہ پارٹی کے اعلیٰ ترین ادارے کا اولین اجلاس کا کامیاب ترین انعقاد قابل تحسین ہے اور پشتون قومی سیاسی تحریک کے عظیم رہنماء عبدالرحیم خان مندوخیل کی آٹھویں برسی کی مناسبت سے اجلاس کو منسوب کرنا محترم رحیم صاحب کو زبردست خراج عقیدت پیش کرنے کا .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان سے ملاقات کرائی گئی تو آئی ایم ایف کیساتھ نہیں بیٹھیں گے' علی امین گنڈاپور

بجٹ کیلئے 4 سے 6 گھنٹوں کیلئے تو بانی پی ٹی آئی سے ملنے دیا جائے، ملک میں آئین کی بالادستی، حقیقی جمہوریت کی ضرورت ہے

مذاکرات کرنے میں تو آئی، بانی کو ہر حال میں رہا کرائیں گے، عمران خان نے احتجاجی تحریک کیلئے مجھے ذمہ داری دی ہے

کوئٹہ، اسپیکر اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے سابق وزیراعلیٰ سینیٹر عبدالقدوس بزنجو ملاقات کر رہے ہیں

پی پی رہنما، سربلند خان جوگیزئی کی گورنر کے پی کے کریم کنڈی سے ملاقات

رہنماؤں کا بلوچستان میں پارٹی کی موجودہ صورت حال، نوجوانوں کو درپیش مسائل پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر رہنما، سربلند خان جوگیزئی نے پانچ رکنی وفد کے ہمراہ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ملاقات کی اس ملاقات میں بلوچستان میں پارٹی کی موجودہ صورت حال، نوجوانوں کو درپیش مسائل اور فلاحی پروگراموں پر تفصیلی گفتگو ہوئی ملاقات کے دوران نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت موٹروے پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھے گی' میر لیاقت لہڑی

پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ کا دورہ موٹروے پولیس آفس' مختلف شعبوں کا جائزہ لیا

کوئٹہ (اے پی پی) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ بلوچستان میر لیاقت علی لہڑی نے موٹر وے پولیس کے دفتر کا خصوصی دورہ کیا ان کے دورے کا مقصد موٹر وے پولیس کی کارکردگی، انتظامی امور اور عوامی سہولت کے اقدامات کا جائزہ لینا تھا موٹروے پولیس کے دفتر پہنچنے پر ایس پی موٹر وے ایوب خان، ڈی ایس پی کمن آغا، ڈی ایس پی محمد طاہر .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں مردہ سیاسی ماحول تکلیف دہ ہے' نوابزادہ لشکری رئیسانی

طلبہ تعلیمی اداروں سے صوبے میں علمی ماحول کا آغاز کریں' سینئر سیاستدان

ہم سیاست پیٹ کیلئے نہیں آئندہ نسلوں کی بقاء، ترقی و خوشحالی کیلئے کر رہے ہیں' طلباء کے وفد سے گفتگو

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان میں مردہ سیاسی ماحول تکلیف دہ ہے، سیاسی عمل کے ذریعے صوبے کے جملہ قومی امور پر تحقیقی سیاسی کارکنوں کو متحرک کر رہے ہیں، بلوچستان کے لوگوں نے سیاسی کارکنوں کے لبادے میں سیاسی عمل پر مسلط ٹھیکیداروں، عقیدت مندوں اور سہولت کاروں کے خلاف بڑی جنگ لڑنی ہے، طلباء تعلیمی اداروں سے صوبے میں علمی ماحول کا آغاز کریں .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

معصوم بچوں پر حملہ آور ہونے والے قابل معافی نہیں' محمد عبدالقادر

افواج پاکستان کیلئے شرپسندوں کو نیست و نابود کرنا دشوار نہیں' چیئرمین قائمہ کمیٹی دفاعی پیداوار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ افواج پاکستان کے ہاتھوں بدترین شکست کا مزہ چکھنے کے بعد بھارت نے اپنے پراکسی دہشتگردوں کی مدد سے خضدار میں بچوں کی سکول بس کو دہشتگردی کا نشانہ بنایا پاکستان کا بدترین دشمن بھارت افواج پاکستان سے میدان جنگ میں مقابلہ نہ کرسکا اور اسے افواج پاکستان سے ذلت آمیز شکست کا سامنا کرنا پڑا اب یہی شکست خوردہ بزدل دشمن معصوم بچوں پر حملہ .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

موسمیاتی مرکز بلوچستان کی جانب سے ہیٹ ویو الرٹ جاری

رواں ہفتہ درجہ حرارت معمول سے 4 سے 6 ڈگری زیادہ رہنے کا امکان ہے' محکمہ موسمیات

ہم من گھڑت الزام تراشیوں سے بخوبی واقف ہیں' زمرک اچکزئی

بھارت اپنی شکست کا بدلہ ہمارے معصوم بچوں سے لے رہا ہے' صادق عمرانی

پاکستان سٹاک ایکسچینج کا 100 انڈیکس نئی بلندی پر بند

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان سٹاک ایکسچینج کا 100 انڈیکس 767 پوائنٹس کی نئی بلندی کو چھو کر 777 پوائنٹس مثبت پر بند ہوا، کاروبار کے آغاز میں 100 انڈیکس میں مثبت رجحان دیکھا گیا، انڈیکس کاروباری دن میں ایک ہزار 637 پوائنٹس کے بینڈ میں رہا، اپنی نئی بلند ترین سطح ایک لاکھ 20 ہزار 699 پوائنٹس 58 کروڑ 97 لاکھ شیئرز کے سودے ہوئے، مالیت 30 ارب روپے سے زائد رہی۔

فیصل واوڈا نے بجٹ 3 گنا بڑھانے کی تجویز دیدی

ڈیرہ مراد جمالی: منشیات کی سمگلنگ میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) اے ایس پی ایس ڈی پی او سرکل سٹی پولیس ڈیرہ مراد جمالی محمد طیب اقبال نے ایس ایچ او صدر محمد مراد بھنگر اور انسپکٹر داد محمد بھنگر کے ہمراہ اہم نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نصیر آباد پولیس نے منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کارروائی کے دوران 20 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس اور ایک غیرقانونی کلاشنکوف بمعہ میگزین 7 زندہ راؤنڈز برآمد جبکہ استعمال میں ہونے والی ٹوڈی کار کو بھی اپنی تحویل میں لے لیا

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا چینی قونصلیٹ میں چین پاکستان اقتصادی راہداری کی تقریب کے موقع پر منتظمین کے ساتھ گروپ فوٹو

شیر افضل مروت کی ایف آئی آر منسوخی درخواستوں پر سماعت ملتوی

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور ہائی کورٹ میں رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت کی ایف آئی آرز منسوخی کیلئے دائر درخواستوں پر سماعت ملتوی کر دی گئی، درخواستوں پر جسٹس صاحبزادہ اسداور جسٹس فرح جمشید نے سماعت کی، شیر افضل مروت نے کہا ہمیں تو پتہ نہیں کتنے مقدمات درج ہیں، عدالت نے کہا تمام کیسز کو اکٹھا کر کے سنیں گے، عدالت نے صوبائی حکومت سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے درخواستوں پر سماعت 26 جون تک ملتوی کر دی۔

شامی جوڑے کے ہاں بیٹے کی پیدائش، بچے کا نام ٹرمپ رکھ دیا

دمشق (بیورو رپورٹ) شام میں پیدا ہونیوالے بچے کا نام والدین نے امریکی صدر کے نام پر ٹرمپ رکھ دیا، غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے شام پر عائد پابندیوں میں نرمی کے بعد شام کے صوبے حمص سے تعلق رکھنے والے جوڑے نے اپنے نومولود بیٹے کا نام ٹرمپ احمد السطوف رکھا، نومولود کے والد نے کہا بہت لمبے عرصے تک تکلیفیں برداشت کیں اب امریکی صدر کی جانب سے شام پر عائد پابندیوں میں نرمی شاید اس بات کی علامت ہے مستقبل میں چیزیں بدل جائیں گی۔

حکومت کو بجٹ کیلئے 30 نکات پر مشتمل تجاویز سے آگاہ کر دیا' مولانا ہدایت الرحمن

سرکاری اداروں میں فیول و گاڑیوں کے استعمال کے حوالے سے بے ضابطگیوں کا نوٹس لیا جائے' رکن صوبائی اسمبلی

بلوچستان کی عبادت گاہوں کے یوٹیلٹی بلز حکومت ادا کرے، صوبے میں کرپشن کے خاتمے کیلئے سخت قانون سازی کی جائے' امیر جماعت اسلامی

تمام اضلاع میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی' ایک لاکھ نوجوانوں کو روزگار دیکر انہیں خودکفیل بنایا جائے' پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر اور رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے صوبائی حکومت اور وزیراعلیٰ بلوچستان کی ایک سالہ کارکردگی پر مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کے دور میں صوبے میں کرپشن، بدامنی اور بے روزگاری میں اضافہ ہوا گزشتہ سال کو خونی سال بھی قرار دیا جاسکتا ہے اس لئے ہم نے بلوچستان اور یہاں بسنے والوں کے بہتر مستقبل کو مد نظر رکھتے .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر عطاء اللہ لانگو، سپریم کورٹ بار کے صدارتی امیدوار ہارون الرشید، عبداللہ کاکڑ و دیگر استقبالیہ سے خطاب کر رہے ہیں

کشمیر میں بھارت فلسطین میں اسرائیل نے خطے کی گھنٹی بجادی' جمعیت نظریاتی

خطے میں جاری بدامنی امریکہ' بھارت اور اسرائیلی جارحیت کا تسلسل ہے' مولانا عبدالقادر لونی' مفتی شفیع الدین' مولانا عبدالرؤف

بدامنی کی لہر سے نمٹنے کیلئے عالم اسلام کا متحد ہونا ناگزیر ہے' نجم خان ایڈووکیٹ' مولانا محمود الحسن قاسمی' مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجم خان ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی نائب امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا کہ بھارت، امریکہ، اور اسرائیل گٹھ جوڑ عالم اسلام کیلئے خطرے کا باعث ہے عالم اسلام کے خلاف سازشی منصوبے اور دہشت گردی کے تمام ہتھکنڈے آزمائے جارہے ہیں عالم .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر انفارمیشن کمیشن عبدالشکور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل کاشف مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ کر رہے ہیں سیکرٹری اطلاعات عمران خان ڈی جی پی آر محمد نور کھیتران موجود ہیں

شہباز شریف اگلے ہفتے ترکیہ، ایران اور آذربائیجان کا ہنگامی دورہ کریں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف اگلے ہفتے ترکیہ، ایران اور آذربائیجان کا ہنگامی دورہ کریں گے، ذرائع کے مطابق شہباز شریف تینوں ممالک کی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں کر کے تعاون کرنے پر شکریہ ادا کریں گے، ملاقات میں علاقائی اور عالمی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

صوبائی الیکشن کمیشن ہیڈ کوارٹر کے زیر اہتمام (ایف او ایس پی اے ایچ) سیمینار

صدارت صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال نے کی' شرکاء کیلئے تفصیلی پریزنٹیشن

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی الیکشن کمیشن ہیڈ کوارٹر بلوچستان کے زیر اہتمام آج وفاقی محتسب سیکرٹریٹ برائے تحفظ ہراسگی (FOSPAH) کا ایک آگاہی سیمینار منعقد ہوا جس کی صدارت صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال نے کی رحمان شہزاد رجسٹرار، عمران حسن ڈپٹی ڈائریکٹر (FOSPAH) جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

عید قربان کیلئے افغانستان سے جانور لانے کی اجازت دی جائے' قاری مہراللہ

پابندی اور کسٹم ڈیوٹی کی وصولی سے مالداروں کی حوصلہ شکنی ہورہی ہے' رہنماء جمعیت (ن)

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی' مولانا نیاز محمد، مولانا خدائے نظر، حاجی محمد نور اخوندزادہ' مولانا محمد ابراہیم' حاجی نادر خان اچکزئی' مولانا رحمت اللہ حقانی نے کہا کہ بلوچستان میں مال مویشی کی شدید قلت کی بناء عید قربان کیلئے پاک افغان سرحد پر کسٹم ڈیوٹی کے بغیر مال مویشی .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ' نو پارکنگ کے بعد دکانداروں نے فٹ پاتھوں پر ڈیرے ڈال دیئے

فٹ پاتھوں پر موٹر سائیکلیں' ریڑھیاں کھڑی' پیدل چلنے والوں کیلئے مشکلات میں اضافہ کر دیا گیا

فٹ پاتھوں سے تجاوزات ہٹا کر مافیا کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے' عوامی حلقے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ میں متعدد سڑکوں کو نو پارکنگ کرنے کے انتظامیہ، حکومت اور ٹریفک پولیس کے فیصلے کے بعد فٹ پاتھوں پر دکانداروں نے موٹر سائیکلیں اور ریڑھیاں کھڑی کر کے پیدل چلنے والوں کیلئے مشکلات پیدا کر دی عوامی حلقوں نے حکومت اور انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ فٹ پاتھ پر کھڑی کی گئی موٹر سائیکلوں اور ریڑھیوں کو فوراً ہٹایا جائے اور کارروائی عمل میں لائی جائے موجودہ حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اقتدار سنبھالنے کے بعد .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

نصیر آباد' مسلح افراد کی فائرنگ سے 1 شخص قتل

مقتول مبارک علی جمالی کی نعش ورثاء کے حوالے' پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد کے علاقے میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا گیا ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کے علاقے پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی کی حدود بیدار روڈ نزد ٹھیکیرآباد کے مقام پر نامعلو .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار میں سکول وین کو نشانہ بنانا قابل مذمت ہے' سینیٹر دھنیش کمار

بزدلانہ کارروائیاں ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتیں' رہنماء باپ پارٹی

نصیر آباد (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر دھنیش کمار پلیانی نے خضدار میں پیش آنے والے افسوسناک دہشتگردی کے واقعے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے جس میں ایک اسکول وین کو نشانہ بنایا گیا اس بزدلانہ حملے کے نتیجے میں معصوم بچے شہید اور زخمی ہوگئے جو اپنے روشن مستقبل کے خواب آنکھوں میں سجائے اسکول جا رہے تھے۔ سینیٹر دھنیش .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

ڈاکٹر ماریہ مختار ڈویژنل میڈیکل آفیسر ریلوے کوئٹہ ڈویژن تعینات

ریلوے پریم یونین کی ڈاکٹرز کی تعیناتی پر مبارکباد و نیک خواہشات کا اظہار

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) ڈاکٹر ماریہ مختار ڈویژنل میڈیکل آفیسر پاکستان ریلوے کوئٹہ ڈویژن تعینات ہوگئیں۔ ڈاکٹر .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

بیرونی دباؤ پر مدارس کیخلاف حکومتی عزائم خطرناک ہیں' حافظ حمداللہ

ہم ڈٹ کر مدارس کی حفاظت انہیں حکومتی تحویل میں لینے کی ہر سازش ناکام بنادیں گے' مرکزی رہنماء جمعیت

حکومت کو فارم 47 کی پیداوار شروع دن سے سمجھتے کسی صورت اسے تسلیم نہیں کریں گے' مینگل میں حفاظ کرام کی دستار فضیلت سے خطاب

لورالائی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء سابق سینیٹر حافظ حمداللہ نے مدرسہ خیر المدارس مینگل میں حفاظ کرام کی دستار فضیلت کے جلسے سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس اسلامی تعلیمات پھیلانے کی ذمہ داری احسن انجام دے رہے ہیں بیرونی دباؤ پر مدارس کے خلاف حکومت کے عزائم خطرناک ہیں ہم ڈٹ کر ان اداروں کا دفاع کر رہے ہیں مدارس کو حکومتی تحویل میں لینے کی ہر سازش کو ناکام بنادیں گے انہوں نے کہا کہ کم عمری کا بہانہ بنا کر حکومت نے جو بل پارلیمنٹ سے پاس کیا وہ اسلامی .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

برطانوی سفارتخانے کے وفد کی اڈیالہ جیل آمد، قیدی سے ملاقات

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) برطانوی سفارتخانے کے وفد نے اڈیالہ جیل کا دورہ کر کے قیدی سے ملاقات کی جیل ذرائع کے مطابق برطانوی وفد میں 2 خواتین مس لائین، مس سنیہا اور مرد سیکورٹی افسر ثاقب عباسی شامل تھے، سفارتخانے کے وفد نے برطانوی نژاد قیدی علی حسن سے ملاقات کی، برطانوی نژاد قیدی کو قونصلر رسائی فراہم کی گئی۔

لورالائی، مجاہد ختم نبوت مولانا حافظ حمداللہ جامعہ خیر المدارس سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان حکومت شفافیت و احتساب کے اصولوں پر کاربند ہے' سیکرٹری اطلاعات

معاہدے کے تحت بلوچستان انفارمیشن کمیشن اور ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان ایک دوسرے کے تجربات و وسائل سے استفادہ کریں گے' عمران خان

بلوچستان انفارمیشن کمیشن اور ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط' موقع پر ڈی جی پبلک ریلیشنز نور کھیتران و دیگر بھی موجود

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان انفارمیشن کمیشن اور ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط، جس کا مقصد معلومات تک رسائی کے حق، شفافیت، احتساب اور گڈ گورننس کے فروغ میں باہمی تعاون کو مستحکم بنانا ہے اس موقع پر سیکرٹری اطلاعات بلوچستان عمران خان، ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز نور کھیتران، کمشنر بلوچستان انفارمیشن کمیشن عبدالشکور اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کاشف موجود تھے مفاہمتی یادداشت پر بلوچستان انفارمیشن کمیشن کی جانب سے کمشنر عبدالشکور نے .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

ایف بی آر والے چاہتے ہیں گھر بیٹھے ٹیکس مل جائے، قائمہ کمیٹی خزانہ

ڈبل ٹیکسیشن ختم کریں، دنیا میں کوئی ٹیکس کلکٹر ایسا نہیں کرتا گھر بیٹھے ٹیکس آ تا رہے' نوید قمر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قائمہ کمیٹی خزانہ کے چیئرمین نوید قمر نے کہا ہے ایف بی آر والے کام نہیں کرنا چاہتے، چاہتے ہیں گھر بیٹھے بٹھائے ٹیکس مل جائے، ایف بی آر حکام نے کہا اکاؤنٹس میں سب کے نقصان ہی ڈکلیئرڈ ہوتے ہیں، قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس نوید قمر کی زیر صدارت ہوا، اجلاس میں کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کا لاہور سے پیرس کیلئے براہ راست پروازیں شروع کرنے کا اعلان

لاہور (بیورو رپورٹ) قومی ایئر لائن (پی آئی اے) نے اپنے فضائی آپریشن میں مزید وسعت لانے کا فیصلہ کرتے ہوئے لاہور سے پیرس کیلئے براہ راست پروازیں شروع کرنے کا اعلان کر دیا، ترجمان پی آئی اے کے مطابق پی آئی اے کی لاہور سے پیرس کیلئے پہلی پرواز 18 جون کو اڑان بھرے گی جبکہ ہفتہ وار پرواز بدھ کے روز براہ راست روانہ ہوا کرے گی، پی آئی اے پہلے ہی اسلام آباد سے پیرس کیلئے ہفتہ وار 2 پروازیں آپریٹ کر رہی ہے

سپریم کورٹ نے عوامی سہولت مرکز کے قیام کا سنگ بنیاد رکھ دیا

سائلین عدالتی اصلاحات کا محور، مرکز سے انصاف کی فراہمی تیز، شفاف ہوگی، چیف جسٹس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے عوامی سہولت مرکز کے قیام کا سنگ بنیاد رکھ دیا مقصد سائلین، شہریوں کو عدالتی خدمات کی فراہمی کے مرکز میں لانا ہے، مرکز 2 ماہ میں مکمل کیا جائے گا، تعمیراتی کام فوری شروع کر دیا گیا، سنگ بنیاد سپریم کورٹ بلڈنگ کمیٹی کے چیئرمین جسٹس جمال خان مندوخیل نے رکھا، تقریب میں چیف جسٹس، سپریم کورٹ ججز .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت دینی، نظریاتی و انقلابی تحریک کا نام ہے' مولانا عبدالواسع

ہماری جماعت نے کبھی نظریاتی و فکری مفادات کا سودا نہیں کیا' صوبائی امیر جے یو آئی

ہم نے ہمیشہ آمریت کو للکار کر جمہور کی جنگ لڑی ہے' سینئر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام محض ایک سیاسی جماعت نہیں، بلکہ ایک دینی، نظریاتی اور انقلابی تحریک ہے، جو ہر دور میں باطل کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بنی رہی ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کی تاریخ گواہ ہے کہ یہ جماعت ہمیشہ آئین، قانون اور جمہوری اقدار کی علمبردار رہی .... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان یونیورسٹی کے ملازمین مطالبات کے حل کیلئے صدر شاہ علی بگٹی کی قیادت میں یوم سیاہ منا رہے ہیں

ایمل ولی خان شہداء کے امین اور صد سالہ تحریک کے روح رواں ہیں' اے این پی

سرکاری تنخواہ دار چیئرمین پی ٹی اے اپنی حد میں رہیں' ہمیں ایمل ولی کی شان میں گستاخی قطعی قبول نہیں

اے این پی قیادت پر غداری، روس اور ہندوستان کے ایجنٹ تک کے الزامات لگائے جاتے رہے ہیں' بیان

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں گزشتہ روز ایوان بالا میں قائمہ کمیٹی کے اجلاس کے دوران چیئرمین پی ٹی اے کی جانب سے اے این پی کے مرکزی صدر ایمل ولی خان کی شان میں گستاخی کو قابل گرفت قابل مذمت اخلاقیات سے گری ہوئی فعل قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی اور اس کی قیادت شروع دن سے ایسے الزامات کا سامنا کر رہی ہے ہم پر غداری، روس اور ہندوستان کے ایجنٹ تک کے الزامات لگائے جاتے رہے ہیں اسی تسلسل میں ایوان بالا معزز ایوان کے اندر غیر جمہوری اشرافیہ اور مخصوص ذ .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل ایکشن پلان پر عمل نہ ہوا تو حملے ہوتے رہیں گے، ایمل ولی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اے این پی کے رہنما ایمل ولی نے کہا ہے اے پی ایس پشاور کے بعد نیشنل ایکشن پلان دیا جو بہترین پلان ہے، سینٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما ایمل ولی نے کہا کیا الزام تراشی شروع کر دیں، کیا الزام لگا کر آگے بڑھیں، آنکھیں کب کھلیں گی، اے پی ایس کے بچوں کو بلوچستان میں مارا جا رہا ہے، وزیرستان کے بچوں کا بھی کیس اٹھائیں ان افسروں سے پوچھا جائے گا

آپریشن سندور میں ناکامی پر سابق بھارتی وزیر کے ہوشربا انکشافات

مودی حکومت طیاروں کی تباہی کی اصل تعداد چھپا کر قوم کو گمراہ کر رہی ہے، یشونت سنہا

نئی دہلی (مشرق نیوز) سابق بھارتی وزیر خارجہ یشونت سنہا کے آپریشن سندور کی ناکامی پر ہوشربا انکشافات منظر عام پر آگئے، یشونت سنہا نے کہا مودی حکومت گودی میڈیا کے ذریعے آپریشن سندور کی ناکامی چھپانے کیلئے گمراہ کن پروپیگنڈا کر رہی ہے۔ .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

وفاق میں 3 ہفتوں کے اندر ارسا سندھ کا نمائندہ مقرر کرنے کا حکم

نمائندہ تعینات نہ کیا گیا تو اعلیٰ افسروں کیخلاف کارروائی کی جائے گی، سندھ ہائیکورٹ

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ ہائیکورٹ نے وفاق میں 3 ہفتوں کے اندر ارسا سندھ کا نمائندہ مقرر کرنے کا حکم دیدیا، ہائیکورٹ وفاق میں ارسا کے سندھ کے نمائندے کی تقرری نہ کرنے اور پانی کی دستیابی کا خوفیکیٹ کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی، نمائندہ .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

سونے کی قیمت میں 5 دن بعد بڑی کمی

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان، عالمی مارکیٹ میں مسلسل 5 دن اضافے کے بعد سونے کی قیمت میں بڑی کمی ہوگئی، آل پاکستان صراف اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق عالمی مارکیٹ میں سونے کی فی اونس قیمت 19 ڈالر کمی کے بعد 3291 ڈالر پر آگئی، اعداد و شمار کے مطابق عالمی مارکیٹ کے زیر اثر پاکستان میں بھی سونے کی فی تولہ قیمت 1900 روپے کی بڑی کمی کے بعد 3 لاکھ 47 ہزار 500 روپے اور 10 گرام 1629 روپے گر کر 2 لاکھ 97 ہزار 925 روپے پر آ گیا۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت ضلعی افسران کا اہم اجلاس

انتظامی امور، گرانفروشی، تجاوزات، غیر قانونی سرگرمیوں کے تدارک' مہاجرین سے متعلق امور پر غور

شہر میں غیر قانونی سرگرمیوں کیخلاف کارروائیاں تیز کی جائیں' کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی

کوئٹہ (ح ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ضلعی افسران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں انتظامی امور، گرانفروشی، تجاوزات، غیر قانونی سرگرمیوں کے تدارک اور مہاجرین سے متعلق امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کیپٹن (ر) عبداللہ بن عارف .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، رہنما جماعت اسلامی کے صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پشاور ہائیکورٹ نے اسد قیصر کو 20 دن کی راہداری ضمانت دیدی

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور ہائیکورٹ نے اسد قیصر کو 20 دن کی راہداری ضمانت دیدی، قائم مقام چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے پشاور ہائیکورٹ میں راہداری ضمانت کیلئے پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر کی درخواستوں پر سماعت کی، عدالت نے درخواست گزار کو متعلقہ عدالتوں میں پیش ہونے کا حکم بھی دیدیا۔

غزہ' اسرائیلی فوج نے تباہ کاریوں کا معائنہ کرنے آئے یورپی وفد پر گولیاں برسادیں

یورپی وفد جنین کیمپ میں آپریشن کی تباہ کاریوں کا معائنہ کرنے آیا تھا، فائرنگ کے نتیجے میں ارکان نے بھاگ کر جان بچائی

فائرنگ کے واقعہ پر فرانس، جرمنی اور مصر کی جانب سے شدید مذمت کی گئی، یورپی یونین نے تحقیقات کا مطالبہ کر دیا

غزہ (بیورو رپورٹ) اسرائیلی فوج نے مقبوضہ مغربی کنارے میں یورپی سفارتی وفد پر فائرنگ کر دی، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یورپی وفد جنین کیمپ میں اسرائیلی آپریشن کی تباہ کاریوں کا معائنہ کرنے آیا تھا تاہم اسرائیلی فوج کی فائرنگ کے نتیجے میں ارکان نے بھاگ کر جان بچائی، یورپی وفد پر فائرنگ کے واقعہ پر فرانس، جرمنی اور مصر .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین پی ٹی اے نے ایمل ولی کیساتھ تلخی پر وضاحت پیش کردی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی اے نے چیئرمین پی ٹی اے حفیظ الرحمان اور سینیٹر ایمل ولی کے درمیان ہونے والی تلخی پر وضاحت پیش کردی، پی ٹی اے چیئرمین حفیظ الرحمان کی جانب سے جاری وضاحتی بیان میں سینٹ کمیٹی برائے پسماندہ علاقوں کے اجلاس میں غلط فہمی کی بنیاد پر پیش آنے والے واقعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کسی قسم کی بے ادبی یا غیر پارلیمانی زبان استعمال کرنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا، سینیٹر ایمل ولی کی واپسی پر ہلکے پھلکے انداز میں جملوں کا تبادلہ ہوا تاہم اگر کسی کو غیر ارادی طور پر رنج پہنچا ہو تو معزز کمیٹی کے روبرو پہلے ہی معذرت کر چکا ہوں، سینیٹر ایمل ولی خان، خاندان کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

پاکستان میں کاروباری اداروں کے اعتماد میں نمایاں اضافہ

اوورسیز انوسٹرز چیمبر بزنس کانفیڈنس انڈیکس سروے کیتائج کا اعلان کردیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اوورسیز انوسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (OICCI) نے مارچ اور اپریل 2025 کے دوران جامع بزنس کانفیڈنس انڈیکس سروے ویو 27 کا نتائج کا اعلان کردیا، سروے کے نتائج کا اعلان وزیر خزانہ اورنگزیب سے او آئی سی سی آئی کے وفد کی ملاقات کے بعد کیا گیا، سروے نتائج کے مطابق کاروباری اعتماد میں .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

ریٹائرمنٹ کے بعد دوبارہ ملازمت حاصل کرنیوالے ملازمین کا ریکارڈ طلب

نئی ملازمت کے حصول کی مدت، تنخواہ و پنشن پر تمام تفصیلات مہیا کی جائیں، ایف بی آر مراسلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بین الاقوامی مالیاتی اداروں آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے مطالبے پر پنشن اصلاحات پر عملدرآمد کیلئے تمام وزارتوں اور ڈویژنوں نے ریٹائرمنٹ کے بعد دوبارہ سرکاری ملازمت حاصل کرنیوالے ملازمین کا مکمل ریکارڈ طلب کر لیا، ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے تمام فیلڈ فارمیشنز کو جاری کردہ مراسلے میں ہدایت کی گریڈ ایک .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

مخصوص نشستیں کیس، بینچ پر اعتراض سمیت 3 درخواستیں مسترد

آئینی بینچ نے کیس کی سماعت براہ راست نشر کرنے کی درخواست منظور کرلی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے 11 رکنی آئینی بینچ نے مخصوص نشستوں کے کیس میں بینچ پر اعتراض سمیت 3 درخواستیں مسترد کردیں جبکہ کیس کی سماعت براہ راست نشر کرنے کی درخواست منظور کرلی، جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 11 رکنی لارجر بینچ نے سنی اتحاد کونسل کے بینچ پر اعتراض سمیت 3 درخواستیں متفقہ طور پر مسترد کیں، .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

نام نہاد شریعت کے علمبردار فتنہ الخوارج نے پاکستانی عوام کو لوٹنا شروع کر دیا

پاکستان میں خونریزی کیلئے پاکستانی عوام سے ہی بھتہ طلب، فتنہ الخوارج نے کان کنی کے کاروبار پر 5 فیصد بھتہ عائد کر دیا

کان کنی، معدنیات کے شعبے سے وابستہ ٹھیکیداروں کو فتنہ الخوارج کی جانب سے دھمکی آمیز خط موصول ہوگئے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام کا لبادہ اوڑھے شر انگیز فتنہ الخوارج نے اپنا اصلی مکروہ چہرہ سب پر عیاں کر دیا، بھارتی آقاؤں کی مکمل مالی امداد اور سہولت کاری کے باوجود نام نہاد شریعت کے علمبردار فتنہ الخوارج نے مکمل طور پر ناکام ہو کر پاکستانی عوام کو لوٹنا شروع کر دیا، ذرائع کے مطابق فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں نے کھلے عام بھتہ خوری کو نیا لائحہ عمل بنالیا، پاکستان میں خونریزی کیلئے پاکستانی عوام سے ہی بھتہ طلب کرنا شروع کر دیا، فتنہ الخوارج نے کان کنی کے کاروبار پر 5 فیصد بھتہ عائد کر دیا، کان کنی، معدنیات کے شعبے سے وابستہ ٹھیکیدا .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی آبی جارحیت' کشن گنگا ڈیم سے دریائے نیلم کا پانی روک لیا

بھارتی اقدام کے باعث دریائے نیلم میں پانی کا بہاؤ معمول سے تقریباً 40 فیصد کم ہو چکا، سیکورٹی، مقامی حکام

مودی حکومت نے دریائے چناب کو بیاس، راوی کے نظام سے جوڑنے کے منصوبے پر کام تیز کر دیا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بھارتی آبی جارحیت نئے مرحلے میں داخل، کشن گنگا ڈیم سے دریائے نیلم کا پانی روک لیا، پاکستان کے زیر انتظام علاقوں میں پانی کی شدید قلت پیدا ہونے کا خدشہ ہے، سیکورٹی، مقامی حکام کے مطابق بھارتی اقدام کے باعث دریائے نیلم میں پانی کا بہاؤ معمول سے تقریباً 40 فیصد کم ہو چکا، بھارت کا کشن گنگا ڈیم متنازع پانی کے منصوبوں میں شمار ہوتا ہے، ذرائع کے مطابق بھارت نے دریائے چناب کو بیاس، راوی کے نظام سے جوڑنے کے منصوبے پر کام تیز کر دیا جو بین الاقوامی سطح پر سندھ طاس معاہدے کی روح کے .... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر